2015 اور 2016 کے سیلاب سے متاثر ہونے والی کمیونٹیز جو اس سے مکمل طور پر سنبھل نہیں سکیں وہ 2017 میں دوبارہ متاثر ہو گئیں۔ گرم ہواؤں سے دوبارہ پیدا ہونے والے دباؤ، طوفان ہاروے کیٹگری 4 کے طوفان کی حیثیت سے 25 اگست 2017 کو زمین سے ٹکرایا، جو اپنے ساتھ شدید ہواؤں کے جھکڑ اور کچھ جگہوں پر 5 دنوں میں 60 انچ کی بارش لایا۔ یہ طوفان ٹیکساس کے ساحل پر موسمی سسٹم کے رک جانے کی وجہ سے[4] شدید سیلاب اور کم از کم 82 انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بنا۔ جنوبی ٹیکساس میں ریکارڈ کردہ ہواؤں کی رفتار خاص طور پر ساحل کے قریب اور طوفان

[4] دی واشنگٹن پوسٹ۔ "ٹیکساس کے عہدیداران: طوفان ہاروے سے 82 اموات، 'یقیناً بڑی تعداد میں اموات نہیں ہوئیں۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.washingtonpost.com/national/texas-officials-hurricane-harvey-death-toll-at-82-mass-casualties-have-absolutely-not-happened/2017/09/14/bff3ffea-9975-11e7-87fc-c3f7ee4035c9_story.html?utm_term=.dfe744e2fbe8

ہاروے کی مرکزی دیوار کے قریب اصل سے کم ہو سکتی ہیں، چونکہ بہت سے مشاہداتی سٹیشن طوفان کے ٹکرانے سے قبل غیر فعال تھے؛ تاہم، راک پورٹ کے قریب 150 mph کی انتہائی رفتار کے ہوا کے جھکڑ کی رپورٹ دی گئی۔[5]

قانون ساز بجٹ بورڈ (LLB) کے مطابق، ریاست ٹیکساس نے مالی سال(FY) 2017 اور 2018 کے مالی سال میں طوفان ہاروے سے متعلقہ حقیقی ریاستی اخراجات کے ضمن میں 2.6 $ بلین سے زیادہ رپورٹ کیے ہیں، جن میں سے تقریبا 1.7$ بلین ڈالر وفاقی طور پر فنڈ کئے ہیں۔ مجموعی قیمتوں میں تقریبا 1.9 $بلین ڈالر 2018 FY کے لئے پروجیکٹ کئے گئے ہے۔ یہ اعداد و شمار میں پبلک سکول کے ممکنہ مالیاتی اخراجات کا احاطہ نہیں کرتے جس میں بنیادی طور پر سہولت کے نقصان کے اخراجات اور پراپرٹی کی قدر میں کمی کارفرما ہوتی ہے۔ 2018 FY کے اعداد و شمار میں ٹھوس فضلے کی تلفی کی فیسز میں ہنگامی استعمال کے 90 $ ملین میں سے1.2 $ملین کے اخراجات کوڑے کو ہٹانے کے لیے مقامی حکومتوں کو ادائیگی کے ضمن میں مدد کے لیے شامل ہیں۔ ایجنسیز کو مالی سال کے دوران متحرک رکھنے کے سلسلے میں ان میں سے زیادہ تر اخراجات کے لیے 2019 FY میں ضمنی تصرفات درکار ہوں گے۔[6] اس دوران اس فنڈنگ کا انتظام ایمرجنسی بجٹ کے طریقہ کار اور متعلقہ استعمال سے فنڈز کی منتقلی اور حتی کہ دیگر ایجنسیز کے ذریعے کیا گیا ہے۔ ان براہ راست اخراجات کے علاوہ، ریاست نے ہاروے طوفان کے بعد 2018 FY میں ریاست کی پیداوار (GSP)میں 3.8 $ بلین خسارے کا تخمینہ لگایا ہے۔[7]

طوفان ہاروے کی ہوا کے انتہائی 10 میٹر تیز جھکڑ۔ اگست 25-29، 2017



ماخذ: نیشنل ویدر پوسٹ ٹراپیکل سائیکلون رپورٹس
(اس تجزیہ سے نامکمل اور نمائندگی نہ کرنے والے ٹیپا کو ہٹا دیا گیا ہے۔
غیر10-میٹر ہواؤں کو 10-میٹر کی قدر میں تبدیل کردیا گیا ہے۔)

نمونہ 3: طوفان ہاروے کی ہواؤں کے انتہائی تیز جھکڑ


---

[5] قومی موسمیاتی سروس۔ "اہم طوفان ہاروے - 25-29 اگست 2017-" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.weather.gov/crp/hurricane_harvey

[6] ٹیکساس قانون سازی بجٹ بورڈ" 2018. .ہوریکین ہاروی: مالیاتی تجزیات اور وسائل." ویب پیج 7 ستمبر، 2018 تک پہنچ گئی۔ http://www.lbb.state.tx.us/Harvey.aspx

[7] پبلک اکاؤنٹس کے ٹیکساس کمپٹرولر" .ایک یاد رکھنے والا طوفان: ہوریکین ہاروی اور ٹیکساس کی معیشت." ویب صفحہ 7 ستمبر، 2018 تک پہنچ گیا۔ https://comptroller.texas.gov/economy/fiscal-notes/2018/special-edition/

طوفان ہاروے زمین سے دو بار ٹکرایا اور اسے تین علیحدہ واقعات کے طور پر دیکھا گیا: ارنساس کاؤنٹی میں ابتدائی ٹکراؤ؛ ہوسٹن میٹروپلکس اور گردونواح کی جگہوں میں غیر معمولی بارشیں اور 29 اگست 2017 کو جنوب مشرق ٹیکساس میں اورنج، بیومونٹ اور پورٹ آرتھر کے شہروں کے قریب دوسری بار ٹکراؤ۔ یہ واقعات نہ صرف ہوا سے ہونے والے نقصان بلکہ وسیع پیمانے پر سیلاب کا باعث بنے۔




نمونہ 4: طوفان ہاروے کا راستہ[8]

طوفان ہاروے سے متاثر ہونے والی CDBG-DR 49 کی اہل کاؤنٹیز ریاست میں 15 فیصد یا 39،496 سکوائر میل کے زمینی رقبے کا احاطہ کرتی ہیں اور ریاست کی تقریباً 32 فیصد آبادی پر مشتمل ہیں۔ متاثرہ زمینی رقبہ تقریباً کینٹکی ریاست کے سائز کے مساوی ہے۔[9] تقریباً 9 ملین ٹیکساس کے رہائشی متاثرہ کاؤنٹیز میں رہائش پذیر ہیں۔

جیسا کے ذیل کے نقشے میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے، ابتدائی ٹکراؤ ہوا سے ہونے والے شدید نقصان (آندھی کی وجہ سے نقصان کے انشورنس دعوی سرخ رنگ میں ظاہر کردہ) کا باعث بنا۔ یہ نقشہ ساحل کے شمالی سیکشن میں NFIPکے دعوی جات کی حد کو بھی ظاہر کر دیتا ہے، جہاں طوفانی بارشیں ہوسٹن اور گرد نواح کے علاقوں میں شدید سیلاب کا باعث بنیں۔ یہ تصویر ہاروے طوفان کی دو تباہ کن خصوصیات کو مزید ظاہر کرتی ہے: (2) طوفانی طاقت کی حامل ہوائیں اور (2) تاریخی بارشیں اور سیلاب کا حامل آہستگی سے حرکت کرتا طوفان۔


[8] قومی موسمیاتی سروس۔ "اہم طوفان ہاروے - 25-29 اگست 2017۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.weather.gov/crp/hurricane_harvey

[9] امریکی محکمہ مردم شماری۔ "فوری حقائق کینٹکی، امریکہ۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.census.gov /quickfacts/fact/table/KY,US/LND110210



نمونہ 5: طوفانی ہواؤں اور سیلاب سے ہونے والے رہائشی اور کاروباری نقصان کی مد میں انشورنس کے دعوی جات

جب بارش تھم گئی، تب تک طوفان ہاروے محض چند دنوں میں بارش کی تقریباً سال بھر کی مقدار برسا چکا تھا۔ طوفان کے دوران اتنی زیادہ بارش ہوئی کہ قومی موسمیاتی سروس کو اپنی تصاویر میں موثر طریقے سے خاکہ بنانے کے لیے رنگین چارٹس اپ ڈیٹ کرنے پڑے۔ 30-20 انچز اور 40 انچز سے زائد" کی رینجز میں ہونے والی بارش کے لیے دو اضافی جامنی شیڈز شامل کیے گئے تھے۔



5 دن کے بارش کی پوائنٹ
مقدار انچ میں

- ہاروے نے کل مجموعی **45 انچ تا 50 انچ سے زائد** ریکارڈوں کو توڑنے والی بارشوں کا ریکارڈ جاری رکھا مسلسل بارش
- **سیڈار بیو - 51.88**
- **بریری بییو - 44.88**
- **لیگ سیٹی - 49.84**
- **میری کریک - 49.80**
- **گوس گریک - 44.08**
- **گرین بیو - 41.36**
- **بوفالو بیو - 35.60**
- **اڈیکس ڈیم - 33.44**

- 0.1 انچ تک
- 0.1 تا 0.25 انچ
- 0.25 تا 0.5 انچ
- 0.5 تا 1.0 انچ
- 1.0 تا 1.5 انچ
- 1.5 تا 2.0 انچ
- 2.0 تا 3.0 انچ
- 3.0 تا 4.0 انچ
- 4.0 تا 6.0 انچ
- 6.0 تا 8.0 انچ
- 8.0 تا 10.0 انچ
- 10.0 تا 15.0 انچ
- 15.0 تا 20.0 انچ
- 20.0 تا 30.0 انچ
- 30.0 تا 40.0 انچ
- 40 انچ سے زیادہ

نمونہ 6: قومی موسمیاتی سروس کی انچز میں 5 روزہ بارش کی نشاندہی

.Cرجوع کے لیے حل اور تخفیف کے لیے ضروریات

ریاست میں سیلاب، طوفان، آتشزدگیاں اور خشک سالی، نیز اس کے انتہائی پرخطر علاقوں میں مستقبل کی آفت میں تخفیف کی جاری کوششوں کی طویل اور واضح دستاویز شدہ تاریخ کو مدنظر رکھتے ہوئے، GLO فوری بحالی کو ترجیح

دیتے ہوئے تعمیر نو کے لیے اپنی وابستگی کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ نامکمل ضروریات کے جائزے میں رہائشی اور کمیونٹی کے انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کو مستقبل کی آفات سے بچاؤ کے اضافی اخراجات کو مدنظررکھنا اہم ہے۔ اس طرح ریاست ٹیکساس نہ صرف پراجیکٹس کا جائزہ اور برباد شدہ پراپرٹی کی تبدیلی یا مرمتی کے ریاستی پروگرامز کو زیر غور لائے گی بلکہ متنوع نوعیت کے مستقبل کی آفات سے ہونے والے نقصان میں تخفیف کے ضمن میں وسائل کی سرمایہ کاری کی کوششوں کی طلب گار ہو گی۔ اگرچہ اس سے ابتداء میں اخراجات میں اضافہ ہو سکتا ہے، تخفیفی کوششیں 6:1 کے تناسب سے مستقبل میں ہونے والے نقصانات کی لاگت کو واضح طور پر گھٹا سکتی ہیں۔ اس طویل المدتی بحالی کے عمل کی کامیابی طوفان ہاروے کے دوران براہ راست ملاحظہ کی گئی۔ سابقہ CDBG-DR کی فوری بحالی کے بہتر شدہ پراجیکٹس کی کوششوں کو ہاروے طوفان سے کم نقصان کا سامنا کرنا پڑا: مستبقل کے سیلاب سے بچاؤ کے لیے بنائے گئے تعمیری منصوبے، مزید نقصان میں کمی، اور انخلاء کے وقت کو گھٹاتے ہیں۔

ایک فیملی کے گھر کی فوری بحالی کے حل سے فی گھر کل لاگ میں تقریباً 10 تا 15 فیصد اضافہ متوقع ہے؛ ملٹی فیملی فوری بحالی کے حل سے فی پراجیکٹ کل لاگت میں 15 تا 20 فیصد اضافہ متوقع ہے؛ اور انفراسٹکچر کی فوری بحالی کے حل سے فی پراجیکٹ کل لاگت میں 15 تا 20 فیصد اضافہ متوقع ہے۔ فوری بحالی کے حل متنوع اور متعلقہ جگہ میں خطرے اور اس کی شناخت کاری اور خطرے کے جائزے پر منحصر ہیں۔

سنگل فیملی کے گھر کی بحالی کے حل میں رہنے کے قابل جگہ کے پہلے فلور کو بلندی پر اٹھانا؛ گراؤنڈ فلور کی علیحدہ دیواریں؛ مضبوط چھتیں؛ طوفانی شٹر بند؛ ENERGY STAR آلات اور لوازمات؛ اور مولڈ اور پھپھوندی سے مدافعت کی حامل مصنوعات کے استعمال پر مشتمل ہو سکتی ہیں۔ ملٹی فیملی فوری بحالی کے حل میں اونچائی؛ برقرار رکھنے کے بیسنز؛ آگ سے محفوظ ارضی بناوٹ؛ فائر والز؛ اور ارضی طور پر سیلابی پانی کو روکنے کی دیواریں شامل ہیں۔

خریداری کے پروگرامز خطرے میں تخفیف، سیلابی جگہ کی مینیجمنٹ کے مقاصد، اور گھروں کے مالکان کی سیلابی میدان سے ہٹاتے ہوئے فوری بحالی، اس طرح مستقبل کی سیلابی صورتحال کے لیے زدپذیری سے بچاؤ کی معاونت کرتے ہیں۔ گھر خریدنے کے بعد، ڈھانچے عمارت ڈھا دی جاتی ہے یا منتقل کر دی جاتی ہیں۔ زمین قدرتی سیلابی میدان میں بدل جاتی ہے، سیلابی پانی کو قابو میں رکھنے کی جگہ میں تبدیل ہو جاتی ہے، یا اسے بطور تفریحی مقاصد کے لیے سرسبز جگہ کے طور پر برقرار رکھا جاتا ہے۔ خریداری کا انتخاب متعدد مقاصد کی تعمیل کرتا ہے اور سیلابی میدان کے اندر تعمیرنو کے برخلاف فوری بحالی کا انتخاب فراہم کرتا ہے۔ خریداریاں مسلسل نقصان اور انسانی صحت اور تحفظ کو درپیش انتہائی خطرے سے بچاؤ میں مدد کرتی ہے۔ دیر سے انجام دی گئی خریداریوں کی نسبت فوری انجام دی گئی خریداریاں گھروں کی مالکان کو درستگیاں کرنے اور پراپرٹیز میں فنڈز کی سرمایہ کاری کرنے سے بچاتی ہیں جسے وہ بعد میں فروخت کرنے کے قابل نہ ہو سکیں۔

انفراسٹرکچر فوری بحالی کے حل کی صورت میں، بہتریوں میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- اہم سسٹمز، سہولیات اور سڑکوں کی سیلاب کی بنیادی اونچائی سے بلندی پر تعمیر؛
- اہم سسٹمز (پانی، نکاسی وغیرہ) کے لیے بیک اپ پاور جنریٹرز انسٹال کرنا؛
- پراجیکٹس کو اپنے اصلی مقام پر رکھتے ہوئے اور مزید سرایت کے قابل وسعت کو ممکن بنانے کے لیے تعمیراتی طریقہ کار کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ناقابل سرایت ڈھال میں اضافے سے گریز؛
- قدرتی ماحول کے تحفظ کے لیے صرف مقامی نباتات کی کاشت؛
- طوفانی پانی کی مینیجمنٹ بشمول بیسنز میں پانی قابو کرنا، بڑی زمین دوز نالیاں اور کچرے کے گارڈز، کٹاؤ کو قابو کرنے کے حل؛
- بیک اپ کمیونیکیشن سسٹمز؛ اور
- بہتر تعمیراتی کوڈز اور ضوابط کے لیے مقامی کمیونٹی کی کوششوں کی معاونت۔

نامکمل ضروریات کا حساب کرنے کے لیے رہائشی اور انفراسٹرکچر دونوں سرگرمیوں کے لیے فوری بحالی کا ضارب معیاری طور پر 15 فیصد ہو گا، جیسے سابقہ طور پر ریاست ٹیکساس کے دیگر CDBG-DR پروگرامز میں اطلاق کیا گیا۔

.Dڈیموگرافک پروفائل اور متاثرہ کاؤنٹیز

یہ ڈیموگرافک پروفائل ڈیٹا امریکی محکمہ مردم شماری کی جانب سے متنوع نوعیت کے ڈیٹا سیٹس کو استعمال کرتے ہوئے بنایا گیا ہے تاوقتیکہ اسے دوسری صورت میں بیان کیا گیا ہو۔ طوفان ہاروے سے متاثرہ 49 CDBG-DR اہل کاؤنٹیز ریاست ٹیکساس کا 15 فیصد علاقے یا 39،496 سکوائر میل کے رقبے کا احاطہ کرتی ہیں، اور ریاست کی آبادی کا تقریباً 32 فیصد پر مشتمل ہیں۔ یہ ٹیکساس میں رہائش پذیر تقریباً 9 ملین رہائشیوں کے مساوی ہے۔ ان کاؤنٹیز میں 2010 سے 2016 تک تقریبا 1 ملین افراد، یا 12 فیصد اضافے کا مشاہدہ کیا گیا ہے۔

اہل کاؤنٹیز میں موجود 3.4 ملین رہائشی یونٹس 2016 میں سے، 62.5 فیصد مالکانہ حقوق کے حامل یونٹس ہیں۔ چند رہائشی اور آمدن کے ڈیموگرافکس ریاست بھر کی اوسط کے برخلاف اہل کاؤنٹیز میں معمولی طور پر مختلف ہیں۔ 49 اہل کاؤنٹیز میں مالکانہ حقوق کے حامل رہائشی یونٹ کی اوسط قدر اور گھریلو اوسط آمدن ریاست کے مقابلے میں کم ہے۔ مالکانہ حقوق کے حامل رہائشی یونٹس کی اوسط قدر $105,800 ہے—جو ریاست بھر میں $142,700 کی اوسط قدر سے تقریباً $37,000 کم ہے۔ 49 اہل کاؤنٹیز میں گھریلو اوسط آمدن $50,145 ہے - جو ریاست بھر میں $54,727 کی اوسط سے $4,582 کم ہے۔ کم تر اوسط گھریلو آمدن کے علاوہ، فی کس آمدن بھی ریاست کے مقابلے میں کم ہے۔ 49 اہل کاؤنٹیز میں رہائش پذیر آبادی کا تقریباً 14.9 فیصد غربت کا شکار ہے۔ یہ ریاست کی اوسط سے 15.6 فیصد سے معمولی کم ہے۔

شرح فیصد کی رو سے 49 اہل کاؤنٹیز میں ریاست کے ساتھ موازنہ کرنے کے دوران افریقن-امریکن آبادی کا تناسب زیادہ ہے۔ 49 اہل کاؤنٹیز میں 16.3 فیصد افریقن-امریکن آبادی ہے-جو ریاست بھر کی کل آبادی کی نسبت 3.6 فیصد زیادہ ہے۔ 49 اہل کاؤنٹیز میں کلی طور پر اقلیتی آبادی تقریباً 60 فیصد ہے-جو ریاست بھر کی کلی شرح سے 2.5 زیادہ ہے۔

49 اہل کاؤنٹیز میں تجربہ کار اشخاص آبادی کا 4.9 فیصد پر مشتمل ہیں؛ عمررسیدہ 12.02 فیصد ہیں؛ اور 65 سال کی عمر سے کم معذور افراد آبادی کا 7.54 فیصد ہیں۔ یہ اعداد و شمار ریاست کی اوسط کے مطابق ہیں۔


ٹیبل 6: **امریکہ محکمہ مردم شماری کی جانب سے ٹیکساس اور 49 CDBG-DR اہل کاؤنٹیز کے لیے 2017/2016 کی ڈیموگرافک شماریات**

	ٹیکساس	49 CDBG-DR اہل کاؤنٹیز	
حقائق	**تخمینے**	**تخمینے**	**فیصد علاقہ**
آبادی کا تخمینہ، 2017	28,304,596	8,999,345	ٹیکساس کی 32% آبادی
آبادی، فیصد تبدیلی - 1 اپریل 2010، (تخمینے کی بنیاد) تا 1 جولائی 2017	12.60%	14%	
5 سال سے کم عمر افراد، فیصد، 2017	7.20%	651,207	اہل آبادی کا 7.24%
18 سال سے کم عمر افراد، فیصد، 2017	26.00%	2,349,074	اہل آبادی کا 26.10%

	ٹیکساس	49 CDBG-DR اہل کاؤنٹیز	
حقائق	تخمینے	تخمینے	فیصد علاقہ
65 سال اور زائد عمر افراد، فیصد، 2017	12.30%	1,082,155	اہل آبادی کا 12.02%
صرف سفید فام، فیصد، 2017	79.20%	6,673,001	74.15%
صرف سیاہ فام یا افریقن امریکن، فیصد، 2017	12.70%	1,467,075	16.30%
صرف امریکن انڈین اور الاسکا کے مقامی باشندے، فیصد، 2017	1.00%	90,271	1.00%
صرف ایشیائی، فیصد، 2017	5.00%	586,911	6.52%
صرف ہوائی اور دیگر پیسیفک جزائر کے مقامی باشندے، فیصد، 2017	0.10%	9,040	0.10%
دو یا زائد نسلیں، فیصد، 2017	2.00%	168,571	1.87%
ہسپانوی یا لاطینی، فیصد، 2017	39.40%	3,340,948	37.12%
صرف سفید فام، ہسپانوی یا لاطینی نہیں، فیصد، 2017	42.00%	3,551,074	39.46%
رہائشی یونٹس، 2017	10,932,870	3,500,524	
مالکانہ حقوق کے حامل رہائشی یونٹ کی شرح، 2012-2016	61.90%	2,152,669	62.5% رہائشی یونٹس
مالکانہ حقوق کے حامل رہائشی یونٹس کی اوسط قدر، 2012-2016	$142,700	$105,800	
اوسط کل کرایہ، 2012-2016	$911	$777	
معذوری کا شکار، 65 سال سے کم عمر، فیصد، 2012-2016	8.10%	678,268	اہل آبادی کا 7.54%
اوسط گھریلو آمدن (2016 میں ڈالرز)، 2012-2016	$54,727	$50,145	
غربت کا شکار افراد، فیصد	15.60%	اہل آبادی کا 14.9%	
سکوائر میل میں زمینی رقبہ، 2010	261,231.71	39,496	ٹیکساس کا 15%

E.کم- اور درمیانی آمدن کا تجزیہ

ذیل کا نقشہ ریاست ٹیکساس کے لیے HUD کے 2018 کم- اور درمیانی آمدن(LMI) کا مختصر ڈیٹا (LMISD) کو استعمال کرتے ہوئے 49 اہل کاؤنٹیز میں (LMI) کی حامل 51 فیصد یا زائد آبادی کی مردم شماری کے بلاک گروپس کی شناخت کرتا ہے۔[10]



نمونہ 7: بلاک گروپ کے مطابق LMI آبادی کی شرح فیصد (APA 2 میں اپ ڈیٹ کردہ)

F.سماجی زدپذیری کا انڈیکس

جب ٹیکساس میں متاثرہ کاؤنٹیز کے لیے نامکمل ضروریات کا جائزہلیتے وقت ایک اضافی عنصر زیر غور لانا چاہیے کہ انہیں قدرتی خطرات کے لیے کس سطح کی سماجی زدپذیری کا سامنا ہے۔ سماجی زد پذیری کا انڈیکس (SoVI) امریکہ بھر میں سماجی زد پذیری- خاص طور پر ماحولیاتی خطرات کے لیے ان کی زد پذیری کی پیمائش کرتا ہے۔ یونیورسٹی آف ساؤتھ کارولینا کے تحقیقی ادارہ برائے خطرات و زدپذیری کا بنایا گیا یہ انڈیکس، 29 سماجی معاشی تغیرات کو یکجا کرتا ہے جو خطرات کے لیے تیاری، رد عمل دینے اور خطرات سے سنبھلنے کے لیے کموینٹی کی صلاحیت میں کمی


[10] HUD ایکسچینج۔ "ریاست کی جانب سے FY2017 LMISD - 2006-2010 امریکن کمیونٹی کے سروے پر مبنی، تمام بلاک گروپس۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.hudexchange.info/programs/acs-low-mod-summary-data/acs-low-mod-summary-data-block-groups-places/

کا باعث بنتے ہیں۔ SoVI ایک تقابلی پیمائشی طریقہ ہے جو کاؤنٹیز کی زدپذیری میں فرق کا معائنہ کرتا ہے۔ یہ قیمتی ٹول ہے کیونکہ یہ سماجی زدپذیری میں جیوگرافک تغیرات کو تصویری شکل میں ظاہر کرتا ہے، جو بدلے میں ردعمل اور بحالی میں بہتری کا باعث بنتے ہیں SoVI آفت نمٹنے کی تیاری اور ردعمل کے لیے غیر متوازی صلاحیت، اور جہاں وسائل کو پیشگی موجود زد پذیری کو گھٹانے کے لیے موثر طور پر استعمال کو ظاہر کرتا ہے۔ SoVI کی ڈویلپمنٹ کے لیے ڈیٹا کے ذرائع بنیادی طور پر امریکی محکمہ مردم شماری کی جانب سے آتے ہیں۔ SoVI کا ڈیٹا 2010 کی امریکی دس سال مردم شماری اور امریکن کمیونٹی سروے (ACS) کی جانب سے پانچ سالہ تخمینوں میں دستیاب بہترین ڈیٹا کو یکجا کرتا ہے۔ ذیل میں دیا گیا نقشہ ٹیکساس میں CGBG-DR 49 کے لیے اہل کاؤنٹیز کے لیے SoVI کو نمایاں کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، قطعاتی مردم شماری کی سطح میں SoVI کا سکور ہر کاؤنٹی کے اندر زدپذیری کا مزید باریک سروے فراہم کرتا ہے۔

SoVI کی تفصیلات آگے انفرادی طور پر اسکی کسی خصوصیت کی مدد سے واضح کر دی گئی ہیں جس سے اسکی حساسیت اثر انداز ہوتی ہے۔ ان خصوصیات میں سے ایک خصوصیت معاشی و معاشرتی رتبہ ہے جو کسی کمیونٹی کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ نقصان برداشت کر سکے اور اسکے بعد کے اثرات سے پیدا ہونے والی رکاوٹوں کا مقابلہ کر سکے۔ یہ اسکی سوچ کی وجہ سے ہے کہ مال و دولت کمیونٹی کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ بیمہ پالیسی معاشرتی حفاظتی نیٹ اور انٹائٹلمنٹ پروگرام کے ذریعے نقصانات کو برداشت کر سکیں۔ SoVI میں استعمال ہونے والے دیگر عناصر میں جنس ، نسل اور عقائد ہیں جو کہ یہ عناصر زبان اور ثقافت کی رکاوٹیں پیدا کرتے ہیں لہٰذا تباہی کے بعد کی امداد تک رسائی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ SoVI میں مستعمل دیگر عناصر میں خصوصی ضروریات کی حامل آبادیاں، معاشرتی انحصار (مثلا وہ لوگ جو مکمل طور پر معاشرتی سروسز پر منحصر ہوتے ہیں) تعلیم ، خاندانی ڈھانچے، پیشے اور دیگر ڈیموگرافک خصوصیات انفرادی اور کمیونٹی کی زد پذیری کی وضاحت کرتے ہیں۔

تباہی کے بعد امدادی کاموں اور سوشل سر وسز کی فراہمی کے دوران انسانی تکالیف اور معاشی نقصان دونوں کو کم کیا جاسکتا ہے اگر معاشرتی حساسیت سے موثر انداز میں نمٹ لیا جائے۔ ایک تنہا جزو کا کل نامکمل ضروریات اور فی کس نا مکمل ضروریات کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوئے SoVI تباہی کے بعد بحالی کے لیے فیصلہ سازی کے عمل میں ایک تہہ کا اضافہ کرتے ہوئے حتمی امداد کے طریقے کا فیصلہ انفرادی یا کمیونٹی کی کوشش کی مدد سے کیے گئے فیصلے کے مطابق لیتی ہے۔ SoVI پھر فنڈز کی تقسیم کے لیے کل نا مکمل ضروریات اور فی کس نا مکمل ضروریات کے ساتھ مربوط ہوتی ہے۔

جب نسبتاً موازنہ کیا جائے تو سب سے زیادہ زدپذیر کاؤنٹی بی، کارنس، میڈیسن، اور جم ویلز ہیں۔ سب سے کم ترین زد پذیری کی حامل چند کاؤنٹیز میں فورٹ بینڈ، برازوریا، اور چیمبرز شامل ہیں۔



نمونہ 8: کاؤنٹی So VIکی کیٹگری

.Gرہائشی اثر

1. رئیل اسٹیٹ مارکیٹ

ٹیکساس میں رہائشی رئیل اسٹیٹ مارکیٹ گھروں کی زیادہ طلب اور محدود سپلائی کے ساتھ مضبوط ہے۔ جیسا کہ طوفان ہاروے سے قبل ٹیکساس A&M کے رئیل اسٹیٹ سینٹر کی اگست 2017 کی رپورٹ میں بیان کیا گیا ہے، کہ ٹیکساس کے گھروں کی انوینٹری کے مہینوں میں 2014 کے بعد سے پہلی بار 3.9 مہینوں کا اضافہ ہوا ہے؛ یہ گھروں کی زیادہ طلب اور محدود سپلائی کو ظاہر کرتا ہے۔ تقریباً 6 مہینے کی انوینٹری کو متوازن رہائشی مارکیٹ سمجھا جاتا ہے۔ ٹیکساس میں$300,000$ کے حد میں گھروں کے لیے محدود سپلائی نیز بڑھتے تعمیراتی اخراجات

کی وجہ سے رہائشی استطاعت مسلسل بدتر ہو گئی ہے۔[11] پہلے سے محدود مارکیٹ میں، طوفان ہاروے سے ہونے والے نقصان سے ریاست میں استطاعتی مسائل میں صرف اضافہ ہوا ہے۔

طوفان ہاروے کی وجہ سے ساحلی علاقوں میں موجود رہائشی مارکیٹس کافی حد تک ڈوب گئی ہیں؛ تاہم ستمبر میں مارکیٹ میں چڑھاؤ دیکھا گیا۔ طوفان ہاروے کی وجہ سے اگست میں رہائشی گھروں کی فروخت میں تاخیر ستمبر میں 2.6 اضافے کا باعث بنی، چونکہ یہ فروخت طوفان کے بعد سر انجام دی گئیں۔ تیسری سہ ماہی میں خالی، تیار شدہ لاٹس میں بھی سنگل فیملی رہائشی تعمیراتی پرمٹس میں 5.4 فیصد ماہانہ اضافہ دیکھا گیا۔ یہ اضافہ براہ راست ہوسٹن جیسی جگہوں میں بحالی کی کوششوں سے متعلقہ ہے۔[12]

2. بے گھری

آفت سے قبل بے گھر افراد سے متعلقہ جائزے اور GLO کے دیگر ریاستی ایجنسیز اور تنظیموں کے ساتھ کام کی بنیاد پر، آفت سے قبل بے گھر افراد کی ضروریات سے نمٹنے کے لیے ریاست کام کر رہی ہے۔

جنوری 2017 میں، ملک میں بے گھر افراد کی کل آبادی کا 4.25 فیصد ٹیکساس میں موجود ہے۔ تاہم، ریاست کی آبادی اور سائز کی بنیاد پر، 2012 تا 2017 میں بے گھروں کی تعداد میں سب سے زیادہ کمی(30.8 فیصد کمی) دیکھی گئی۔ پوائنٹ ان ٹائم (PTI)کے شمار میں یہ ظاہر ہوا کہ ریاست کے 23,548 افراد کو ظاہری طور پر 2017 میں بطور بے گھر شمار کیا گیا۔[13] جنوری 2016 تا جنوری 2017 تک، ٹیکساس کی کل بے گھر آبادی میں 1.8 فیصد کا معمولی اضافہ دیکھا گیا۔

HUD 2017 نگہداشتی(CoC) ڈیٹا کی رپورٹس کے مطابق ریاست میں کل بے گھر آبادی کے 29.05 فیصد گھرانے ایک بالغ اور کم ازکم 18 سال سے کم عمر ایک بچے پر مشتمل ہیں۔[14]

اس ایکشن پلان کی ڈرافٹنگ کے موقع پر آفت کے بعد بے گھر افراد کی معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ 2018 کا PTI شمار جنوری میں کیا گیا تھا۔ اس گنتی کے نتائج دستیاب نہیں ہیں۔

CoCایسے نمائندگان کا گروپ ہے جو مخصوص علاقائی جگہ پر بے گھروں کی سروسز کے باہمی تعاون اور بے گھر ہونے سے بچاؤ کی سرگرمیوں سر انجام دیتا ہے اور جو کمیونٹی بھر میں بے گھر یا بے گھری کے خطرے کا شکار افراد اور خاندانوں کی رہائشی اور خدمت کی ضروریات سے نمٹنے اور جائزہ لینے کے لیے مربوط کوششوں کا اطلاق کرتا ہے۔

a) ریاستی بے گھر افرد کی معاونتی خدمات

---

[11] ٹیکساس A&M رئیل اسٹیٹ سینٹر۔ "ٹیکساس کی معیشت کا منظرنامہ۔"ویب پیج تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.recenter.tamu.edu/articles/technical-report/outlook-for-the-texas-economy

[12] ٹیکساس A&M رئیل اسٹیٹ سینٹر۔ "MSAs کی جانب سے نومبر 2017 کی ہاؤسنگ رپورٹس۔" (31 اکتوبر 2017 کا ڈیٹا)

[13] HUD ایکسچینج۔ "2017 - 2007 پوائنٹ - CoC کی جانب سے وقت کی گنتی۔" ویب پیج/Excel دستاویز تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.hudexchange.info/resources/documents/2007-2017-PIT-Counts-by-CoC.xlsx

[14] HUD ایکسچینج۔ "2017 کی بے گھر افراد کی نگہداشتی معاونت کے پروگرامز بے گھر آبادیاں اور ذیلی آبادیاں۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.hudexchange.info/resource/reportmanagement/published/CoC_PopSub_State_TX_2017.pdf

ٹیکساس دورس اور فعال بے گھر افراد کی معاونتی خدمات کے پروگرام کا حامل ہے۔ ٹیکساس بے گھر افراد کا نیٹ ورک ریاست بھر میں مصروف عمل غیر منافعی تنظیم ہے جس کے لیے جزوی طور پر ٹیکساس محکمہ برائے رہائش و کمیونٹی افیئرز (TDHCA) اور ٹیکساس ڈیپارٹمنٹ برائے ریاستی صحت کی سروس (DSHS) کی جانب سے سرمایہ فراہم کیا جاتا ہے۔ ٹیکساس بے گھر افراد کا نیٹ ورک سروس فراہم کنندگان اور کمیونٹیز کو بے گھری ختم کرنے کے حتمی مقصد کے ساتھ بے گھر آبادی کی کمیونٹیز کے لیے بہتر خدمت میں مدد کے لیے ریاست بھر میں تربیت اور تکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے۔[15]

TDHCA کا بے گھر افراد کی رہائش اور خدمات کا پروگرام (HHSP) بے گھر افراد اور خاندانوں کے لیے آٹھ بڑے شہروں میں خدمات کی معاونت کے سلسلے میں سرمایہ فراہم کرتا ہے۔ HHSP کے زیر اہتمام حالیہ طور پر آرلنگٹن، آسٹن، کورپس کرسٹی، ڈلاس، ایل پاسو، فورٹ روتھ، ہوسٹن، اور سان انتونیو شامل ہیں۔ 2015، 2016 اور 2017 کے FYکے لیے HHSP کے لیے $15 ملین مختص کیے گئے ہیں۔ مجاز سرگرمیوں میں تعمیرات، ڈویلپمنٹ، یا بے گھر افراد کے لیے رہائش کی خریداری؛ بے گھر یا بے گھری کے خطرے کا شکار افراد کی خدمت کے لیے ہدف شدہ عمارات کی بحالی؛ بے گھر یا بے گھری کے خطرے کا شکار افراد کے لیے براہ راست خدمات اور کیس مینیجمنٹ کی فراہمی؛ یا دیگر بے گھر ہونے سے متعلقہ سرگرمیاں شامل ہیں۔

ہنگامی سلوشنز گرانٹس (ESG) پروگرام سابقہ ایمرجنسی شیلٹر گرانٹس پروگرام ایک مسابقتی گرانٹ ہے جو ریاسٹ ٹیکساس میں نجی غیر منافعتی تنظیموں، شہروں اور کاؤنٹیز میں بے گھر یا بے گھری کے خطرے کا شکار افراد کی مستقل رہائش کی صورت میں فوری استحکام میں مدد دینے کے ضمن میں ضروری خدمات کے لیے سرمایہ فراہم کرتا ہے۔ ESG پروگرام HUD کی جانب سے فنڈ اور TDHCA کے زیر اہتمام چلایا جاتا ہے۔ 2016 اور 2017 میں، TDHCA نے ریاست بھر میں بے گھری سے نبردآزما اہل وصول کنندگان کے لیے 17 $ ملین سے زائد فراہم کیے۔

ٹیکساس کا HOME آفات میں سہارے کا پروگرام TDHCA کے زیر اہتمام چلایا جاتا ہے۔ یہ پروگرام مقامی حکومتوں، غیر منافعتی تنظیموں اور وفاقی یا ریاست کی اعلان کردہ کاؤنٹی میں علاقے کی اوسط خاندانی آمدن (AMFI) میں 80 فیصد یا کم گھریلو آمدن کے حاملین کی خدمت کے لیے دستیاب ہے۔ اہل سرگرمیوں میں HOMEowner بحالی معاونت پروگرام، کرایہ دار پر مبنی رینٹل معاونت پروگرام، اور HOMEbuyer معاونتی پروگرام۔ دسمبر 2017 تک، 10 $ ملین سے زائد کی رقم ٹیکساس میں HOME آفت میں سہارے کے پروگرام کے لیے دستیاب کی گئی۔[16]

اضافی طور پر ٹیکساس انٹر ایجنسی کونسل برائے بے گھر افراد (TICH) کا قیام 1995 میں عمل میں آیا اور یہ بے گھری سے نمٹنے کے لیے ریاست کے وسائل اور خدمات کو مربوط کرتی ہے۔ TICH TDHCA کے لیے بطور مشاورتی کمیٹی مصروف عمل ہے۔ 11 ریاستی ایجنسیز نیز گورنر، نائب گورنر، اور ایوان نمائندگان کے سپیکر کی جانب سے مقرر کردہ ممبرز کونسل میں بیٹھتے ہیں۔[17] کونسل کی ذمہ داریوں میں درج ذیل شامل ہے:

- ریاست میں بے گھر افراد کی خدمات کے لیے حالیہ وسائل کا سروے کرنا؛
- تمام بے گھر افراد کے لیے ریاست بھر میں خدمات کی فراہمی اور ربط کاری میں معاونت؛

---

[15] ٹیکساس بے گھر افراد کا نیٹ ورک۔ ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.thn.org/

[16] TDHCA. "HOME آفت میں سہارے کا پروگرام۔" ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.tdhca.state.tx.us/home-division/disaster-relief.htm

[17] TDHCA. "ٹیکساس انٹرایجنسی کونسل برائے بے گھر افراد.(TICH) " ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.tdhca.state.tx.us/tich/

- مختلف فراہم کنندگان اور مناسب حکام کے مابین معلومات کی ترسیل میں اضافہ کرنا؛
- مختلف علاقوں میں خصوصی ضروریات کے حامل افراد کی رہائش کے لیے ضرورت کے جائزے میں TDHCA کو تکنیکی معاونت کی فراہمی؛ اور
- بے گھر افراد کی خدمات کے لیے معلوماتی سینٹر اور مرکزی ذرائع کا اہتمام۔

ریاست کا محکمہ برائے صحت کی خدمات (DSHS) بے گھری سے منتقلی میں معاونت کے لیے پروجیکٹس (PATH) پروگرام (1) سکریننگ، تشخیصی جائزہ، اور علاج؛ (2) آباد کاری اور بحالی؛ (3) کمیونٹی ذہنی صحت کی خدمات؛ (4) بیرونی مریضاں الکحل یا منشیات کا علاج؛ (5) عملے کی تربیت اور کیس مینیجمنٹ؛ (6) بنیادی صحت کی خدمات، روزگار کی تربیت، تعلیمی خدمات (بشمول HIV سے بچاؤ کی سرگرمیاں) اور متعلقہ رہائشی خدمات کے لیے حوالگیاں؛ (7) آمدن میں معاونت کی خدمات بشمول سوشل سیکورٹی آمدن اور مناسب ضابطوں کے مطابق نمائندہ وصول کنندہ حاصل کرنے کے ضمن میں معاونت؛ (8) رہائشی خدمات بشمول رہائش کے لیے منصوبہ بندی؛ (9) رہائشی معاونت کے لیے اپلائی کرنے میں تکنیکی اعانت؛ اور (10) رہائش اور خدمات میں ہم آہنگی اور افراد کی مناسب رہائش اور خدمات کے ساتھ مماثلت کے اخراجات میں بہتری کی شکل میں رسائی کرتا ہے۔ ان کے سروس ایریاز میں اماریلو، آسٹن، بیومونٹ، کونرے، کورپس کرسٹی، ڈلاس، ایل پاسو، فورٹ روتھ، گالویسٹن، ہارلنگن، ہوسٹن، لاریڈو، لبوک، سان انتونیو، اور واکو شامل ہیں۔

اس کے علاوہ کمیونٹی سروسز بلاک گرانٹ پروگرام TDHCA کے زیر انتظام ہے۔ 2015 تا 2018 کے پروگرام کے لیے 120 $ ملین سے زائد رقم ٹیکساس بھر میں کم آمدنی کے حامل رہائشیوں میں خدمات کی ترسیل کے لیے اہل اداروں کو عطا کی گئی۔ یہ خدمات غربت کے خاتمے اور خودمختاری کے فروغ کے لیے بنائی گئی ہیں۔[18]

اگرچہ بے گھر افراد کے متعلق ڈیٹا اب بھی ابتدائی مراحل میں ہے، لیکن تباہ و برباد ہونے والے رہائشی یونٹس کی تعداد، پہلے سے ٹیکساس کی رہائشی مارکیٹ، FEMA کے ذریعے عارضی محفوظ جگہ کی معاونت حاصل کرنے والے ٹیکساس کے شہریوں کی تعداد کی بنیاد پر یہ واضح ہو جاتا ہے کہ یہاں رہائشی ضروریات کے لیے مسلسل سرگرداں ٹیکساس کے رہائشیوں کی تعداد ممکنہ طور پر زیادہ ہے۔

3. سماجی خدمات: 1-1-2 ٹیکساس پروگرام

ٹیکساس 1-1-2HHSC ٹیکساس کا پروگرام فون یا انٹرنیٹ کے ذریعے ریاستی و مقامی صحت و انسانی خدمات کے پروگرامز کی سروس کے ساتھ ٹیکساس کے رہائشیوں کو مربوط کرنے میں مدد کرتا ہے۔ THHSC ریاست بھر کے 25 علاقائی معلوماتی مراکز (AICs) کے ذریعے کام کرتا ہے۔ 1-1-2 ٹیکساس سال کے 365 دن ہفتے کے 7 دن، دن کے 24 گھنٹے دستیاب مفت، بے نام، سماجی سروس کی ہاٹ لائن ہے۔ ریاستی و مقامی صحت و انسانی خدمات کے پروگرامز رہائشی/جائے پناہ، ملازمت، خوراک/غذائیت، تجربہ کار افراد، بحران/ہنگامی حالات، آمدن/اخراجات، قانونی امداد/متاثرین، فوجداری انصاف، بڑھاپا/معذوری، صحت/میڈیکل، ذہنی صحت، اور چائلڈ کیئر/تعلیم کا احاطہ کرتے ہیں۔

GLO کو HHSCکی جانب سے موصول شدہ معلومات کے مطابق، 1-1-2 کے عملے نے جمعرات مورخہ 24 اگست 2017 کے آغاز سے کال کی تعداد میں 37 فیصد اضافے کا مشاہدہ کیا ہے۔ کالر کی اہم ضروریات میں عوام کی جانب سے انخلاء کی عمومی معلومات اور انخلاء کے لیے ذرائع نقل و حمل اور شہری و کاؤنٹی ایمرجنسی سروسز کی جانب سے کالز شامل ہوتی ہیں۔ بروز جمعہ 25 اگست 2017 کو ٹیکساس کے معلوماتی و حوالگی نیٹ ورک (TIRN)

[18] TDHCA. "کمیونٹی خدمات بلاک گرانٹ".(CSBG) ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ http://www.tdhca.state.tx.us/community-affairs/csbg/index.htm

کے عملے نے نیا مینیو آپشن بنایا جو طوفان ہاروے کا شکار کالرز کی ضروریات کو ریاست بھر کے پہلے دستیاب ایجنٹ کی طرف موڑ دیتا ہے اس طرح ان کالرز کو ترجیح دیتا ہے۔

25 اگست اور 31 اکتوبر 2017 کے درمیان، TIRN 1-1-2 کو تقریباً 670,000 کالز موصول ہوئیں۔ ذیل میں کال کا خلاصہ ہاروے سے قبل، ہاروے کے دوران (25 اگست-30 ستمبر) اور ہاروے کے بعد موصول شدہ کالز کی تعداد دکھاتا ہے۔

ذیل کا ٹیبل طوفان ہاروے کو قبل، دوران اور فوری بعد نیز طوفان ہاروے کے بعد کی وقتی مدتوں میں تقسیم کردہ کالز کی تقریباً تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔ طوفان ہاروے کے دوران اور فوراً بعد کی مدت میں، ریاست ٹیکساس کے ایمرجنسی معاونت کی رجسٹری (STEAR) کالز میں بڑا اضافہ دیکھا گیا تھا۔ STEAR ایک مفت رجسٹری ہے جو مقامی ایمرجنسی منصوبہ کاروں اور ایمرجنسی کے ضمن میں ردعمل دینے والوں کو اپنی مقامی کمیونٹی میں ضروریات کے متعلق اضافی معلومات فراہم کرتی ہے۔ اگر عوام یہ محسوس کرتی ہے کہ انہیں ایمرجنسی یا آفت کے موقع پر اضافی معاونت درکار ہو گی تو یہ پروگرام عوام کو اپنی معلومات رجسٹری میں شامل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

ٹیبل 7: **1-1-2 کال کی تعداد**

	آپشن 1، 4، 8 (TIRN ایجنٹس)	**آپشن 5** (TIRN ایجنٹس)	**کل**
طوفان ہاروے سے قبل کالز: 24-1 اگست 2017	154,509	قابل اطلاق نہیں	154,509
طوفان ہاروے کے دوران کالز: 25 اگست - 30 ستمبر 2017	282,811	170,105	452,916
طوفان ہاروے کے بعد کالز: 31-1 اکتوبر 2017	177,800	36,577	214,377


مختصر وضاحت:

- آپشن 1: کمیونٹی وسائل کی معلومات اور حوالگی کی کالز۔
- آپشن 4: STEAR رجسٹریشن کالز۔
- آپشن 5: ہاروے سے متعلقہ آفات کی کالز۔
- آپشن 8: ذہنی صحت اور منشیات کے غلط استعمال کی معلومات اور حوالگی کی کالز۔

ان وقتی مدتوں کے دوران ضروریات کی اقسام بھی مختلف تھیں۔ طوفان ہاروے سے قبل، TIRN ایجنٹس کی جانب سے الیکٹرک سروس ادائیگی کی معاونت اور کرائے کی ادائیگی کی معاونت کے متعلق کالز موصول کی گئیں۔ طوفان کے دوران اور اس کے فوری بعد، دو اہم ضروریات آفت کے خوراک نامے اور الیکٹرک ادائیگی کی معاونت تھیں۔ آفت میں بحالی کے لیے سرگرداں خاندانوں کو مختصر مدتی خوراک کی معاونت کے فوائد فراہمی کے ضمن میں ٹیکساس صحت و انسانی خدمات آفت کے ذیلی غذائیت کے معاونتی پروگرام (D-SNAP) کے ذریعے آفت میں خوراک نامے دستیاب تھے۔[19]


ذیل کا چارٹ موصول شدہ کالز کی 10 اہم ضروریات اور طوفان ہاروے کے دوران اور فوری بعد کالز کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔

[19] ٹیکساس صحت و انسانی خدمات۔ "آفت SNAP." ویب پیج پر 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://hhs.texas.gov/services/financial/disaster-assistance/disaster-snap



نمونہ 9: 23 اگست - 30 ستمبر 2017 کی 10 اہم کال کی اقسام

19 دسمبر 2017 کے تازہ ترین نمبرز یہ ظاہر کرتے ہیں کہ چاجائیکہ کالز کسی حد تک کم ہو گئی ہیں، لیکن TIRN طوفان ہاروے سے قبل کی نسبت اب بھی زیادہ تعداد میں کالز وصول کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں، کالز کی اقسام یہ ظاہر کرتی ہیں کہ کال سینٹر اب بھی طوفان ہاروے کی آفت سے بحالی سے متعلقہ کالز وصول کر رہا ہے، جیسا کہ ذیل کے چارٹ میں دیکھا جا سکتا ہے۔



نمونہ 10: 1 نومبر-19 دسمبر 2017 کالز کی 10 اہم اقسام

درج بالا 1-1-2 کا کال ڈیٹا ریاست بھر کے کالرز کی جانب سے درخواست کردہ ضروریات اور سروسز کے ضمن میں مددگار تخمینہ فراہم کرتا ہے۔ یہ ڈیٹا سروسز جیسے یوٹیلٹی اور کرایہ داری معاونت کی اقسام کے لیے اشاریہ ہے۔ یہ ڈیٹا فنڈنگ کی فیصلہ سازی کے لیے استعمال نہیں کیا گیا۔

4. عارضی رہائشی معاونت

14 ستمبر 2017 کو FEMA کے تعاون سے مختصر مدتی رہائش کی بحالی کے پروگرامز کے لیے ریاست کی قیادت کے طور پر گورنر گریگ ایبٹ نے GLO کو ذمہ داری سونپی۔ یہ پروگرامز FEMA کی جانب سے اہل کردہ درخواست گزاران کے لیے مستقل مرمتی اور عارضی حل کے لیے فوری رہائش کا حال فراہم کرنے کے ارادے سے بنائے گئے ہیں۔ GLO 25 فروری 2019 تک ان پروگرامز کی مسلسل نگرانی کرے گا۔ پروگرام کی تفصیلات میں درج ذیل شامل ہیں:

a) ملٹی فیملی کرایہ اور مرمتی

اہل درخواست گزاران کے لیے مزید رہائش کی فراہمی کے سلسلے میں یہ پروگرام پہلے سے موجود ملٹی فیملی رہائش جیسے اپارٹمنٹس کی مرمتی کی سروس فراہم کرتا ہے۔ مرمتی کے لیے رضامند ہوتے ہوئے پراپرٹی کے مالکان کو آفت کے اعلان کے بعد 18 مہینے (فروری 2019) تک کے لیے اہل درخواست گزاران کو کرائے پر دینے کے لیے متفق ہونا چاہیے۔ یہ پروگرام درخواست گزاران کو انتہائی ضروری رہائش نیز ملٹی فیملی یونٹس جو آفت کے دوران متاثر ہو سکتے ہیں انہیں درکار مرمتی فراہم کرتا ہے۔ 18 مہینے کے اختتام پر، درخواست گزاران کے لیے عارضی معاونت ختم ہو جاتی ہے۔

b) ڈائریکٹ لیز

یہ پروگرام GLO اور اس کے ذیلی وصول کنندگان کو پراپرٹیز کرائے پر لینے کے لیے مجاز کرتا ہے۔ ان پراپرٹیز کے استعمال کے ذریعے، یہ پروگرام آفت کے اعلان کے بعد 18 مہینے (فروری 2019) تک اہل درخواست گزاران کو رہائش فراہم کرتا ہے۔ 18 مہینے کے اختتام پر، درخواست گزاران کے لیے عارضی معاونت ختم ہو جاتی ہے۔

c) تیار شدہ رہائش کے انتخابات

یہ پروگرام آفت کے اعلان کے بعد 18 مہینے (فروری 2019) تک اہل درخواست گزاران کی عارضی رہائش کے لیے تیار کردہ رہائشی یونٹس، جیسے متحرک گھر اور سفری ٹریلرز کو نجی زمین یا کمرشل جگہوں پر لگاتا ہے۔ 18 مہینے کے اختتام پر، درخواست گزاران کے لیے عارضی معاونت ختم ہو جاتی ہے۔

d) گھر کی محدود مرمتی کے لیے براہ راست امداد

یہ پروگرام واضح طور پر تباہ شدہ گھروں کے لیے مستقل جزوی مرمتی فراہم کرتا ہے۔ مرمتیاں گھر کی معقول مارکیٹ ویلیو(FMV) یا 60,000 $ کے 50 فیصد سے تجاوز نہیں کر سکتیں۔

e) جزوی مرمتی اور شیلٹرنگ کے لیے ضروری پاور(PREPS)

یہ پروگرام 17,000 $ سے کم نقصان کے حامل گھروں کے لیے 20,000 $ تک کی عارضی مرمتی فراہم کرتا ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ گھر کے اہل مالکان کے لیے یہ گھر ایک پناہ گاہ کے طور پر کردار ادا کر سکتا ہے، عارضی مرمتیوں میں ونڈو یونٹس، ایک (1) فعال غسل خانہ، اور کھانا پکانے کے چھوٹے آلات شامل ہو سکتے ہیں۔ PREPS کو ریاست کی جانب سے 10 فیصد اخراجات کا اشتراک درکار ہوتا ہے۔


5. انشورنس

ٹیکساس ڈیپارٹمنٹ آف انشورنس (TDI) کی 12 اپریل 2018 میں ٹیکساس ہاؤس انشورنس کی کمیٹی جو 31 اکتوبر 2017 سے اعداد و شمار کا استعمال کرتا ہے، سب سے زیادہ حالیہ کو دی گئی پریزنٹیشن میں انشورنس کمپنیوں کی جانب سے اکٹھے کردہ ڈیٹا، طوفان ہاروے کے مالیاتی اثرات اور دعووں کی ہینڈلنگ کی نگرانی کے حوالے سے بتایا گیا۔[20]

TDI ڈیٹا کی درخواست میں کمپنیوں کے لیے درج ذیل رپورٹ کرنا درکار ہے: رپورٹ کردہ دعووں کی تعداد، ادائیگی کے حامل بند کردہ دعووں کی تعداد (ادائیگی کردہ دعوے)، ادائیگی کے بغیر بند کردہ دعووں کی تعداد، دوبارہ کھولے گئے دعووں کی تعداد، کل نقصانات کے حامل دعووں کی تعداد، ادا کردہ نقصانات کی کل رقم، اور محفوظ شدہ دعووں کی کل رقم ۔ ڈیٹا کی درخواست یہ تقاضہ کرتی ہے کہ کمپنیاں درج ذیل اقسام کی انشورنس کے لیے علیحدہ سے ڈیٹا رپورٹ کریں: گھریلو مالکان، رہائشی مکان، موبائل گھریلو مالکان، فارم کے مالکان، کاروبار کے مالکان، کاروباری پراپرٹی کی کاروباری مداخلت کا حصہ، تمام دیگر کاروباری پراپرٹی، ذاتی گاڑی، کاروباری گاڑی، وفاقی سیلابی - اپنا خود تحریر کریں (NFIP کی جانب سے براہ راست تحریر کردہ پالیسیز شامل نہیں ہیں)، نجی سیلاب، اور دیگر تمام انشورنس کی اقسام۔

[20] انشورنس کے ٹیکساس محکمہ" .طوفان ہاروی ڈیٹا کال - ہاؤس انشورنس کمیشن پر پیشکش." 12 اپریل، 2018.- https://www.tdi.texas.gov/reports/documents/harvey-house-data-call-04122018.pdf

گورنر ایبٹ کے 28 اگست 2017 کے آفت کے اعلان کی ڈیٹا درخواست میں 58 کاؤنٹیز شامل ہیں، اضافی طور پر ولیم سن، ٹریوس، ہیز، اور ہیڈالگو کاؤنٹیز شامل ہیں۔ میلام اور سان آگسٹائن کاؤنٹیز، جو گورنر ایبٹ نے 14 ستمبر 2017 کو آفت کے اعلان میں شامل کیں، وہ اس میں شامل نہیں تھیں۔



نمونہ 11: طوفان ہاروے کی ڈیٹا کال برائے کاؤنٹیز - علاقائی نقشہ

930 انشورنس کمپنیوں میں 99 فیصد سے زائد مجموعی پراپرٹی اور ٹیکزاس آٹوموبائل مارکیٹ - ڈیٹا فراہم کرنے کے بعد یا ڈیٹا فراہم کرنے کے ذریعہ ڈیٹا کی درخواست کا جواب دیا گیا ہے یا جواب دیتے ہیں کہ ان کے پاس کوئی طوفان ہاروی ڈیٹا نہیں ہے. TDI نے درخواست کی کہ انشورنس کمپنیاں 31 اکتوبر 2017 سے 30 ستمبر 2017 تک ڈیٹا بھجوائیں۔


دعووں کی تعداد

نجی بیمہ کاران، TWIA اور ٹیکساس انشورنس کی ضرورت کے لئے مناسب رسائی (FAIR) پلان ایسوسی ایشن(TFAIRPA) میں تمام ذاتی اور کاروباری انشورنس کے لیے کل 717,000 کے قریب دعووں کا اندراج کیا گیا۔ اس میں 387,000 رہائشی پراپرٹی کے دعوے اور 207,000 گاڑیوں کے دعوے شامل ہیں۔ رہائشی پراپرٹی 246,000 ہوم اونر دعوے، 123,000 رہائشی مکان کے دعوے، اور 18,000 موبائل گھریلو مالکان کے دعووں پر مشتمل ہے۔

انشورنس کمپنیوں نے دعوے کی ادائیگی (ادا کردہ نقصانات) کے ضمن میں 7.7 $ کے قریب بلین اورTID کی رپورٹ کے مطابق وہ اندازہ کرتے ہیں کہ وہ بالآخر ادائیگی کا کل ادائیگی کے لیے19.4 بلین ادا کیے۔ کیونکہ مزید دعوے رپورٹ، طے اور بند کیے جا رہے ہیں اس لیے یہ رقم تبدیل ہو گی۔

دعووں کی اکثریت رہائشی پراپرٹی کی انشورنس کے لیے مجموعی نقصانات میں 2.5 بلین ڈالر، اور ادا شدہ دعوے میں 1.4 بلین ڈالر کی رقم ہے۔ تاہم، زیادہ تر نقصانات سیلاب کی انشورنس اور گاڑیوں کے دعووں کے حوالے سے ہیں۔ گاڑی کی انشورنس میں عمومی طور پر سیلاب سے ہونے والے نقصان کی "جامع" کوریج کے تحت احاطہ کیا جاتا ہے، جبکہ رہائشی پراپرٹی کی انشورنس میں سیلاب سے ہونے والی نقصان کے لیے کوریج فراہم نہیں کی جاتی۔

فیڈرل سیلاب انشورنس - اپنا خود لکھیں (NFIP کی طرف سے براہ راست طور پر لکھی گئی پالیسیاں شامل نہیں) اور نجی سیلاب انشورنس نے مجموعی نقصانات میں 8.4 بلین ڈالر اور 3.1 بلین ڈالر کا نقصان رپورٹ کیا گیا۔




نمونہ 12: کل رپورٹ کردہ دعوے، ادا کردہ نقصانات کی رقم، اور انشورنس کی قسم کے مطابق تخمینہ کردہ حتمی کل نقصانات (APA 2 میں اپ ڈیٹ کردہ)۔[21]

رہائشی ملکیت کے لئے انشورنس کی ابتدائی رپورٹنگ کے اعداد و شمار کے مطابق، تقریباً 40 فیصد رہائشی ملکیت کے دعووں میں ادائیگی کی گئی (خسارے کی ادائیگی کے ساتھ بند کیے گئے)، 35 فیصد دعووں کو بغیر خسارے کی ادائیگی کے ساتھ بند کیا گیا، 25 فیصد دعوے ابھی تک کھلے ہیں اور تمام اقسام کی انشورنس میں 11 فیصد دعووں کو دوبارہ کھولا گیا۔

وہ دعوی جو کھلا ہو وہ جزوی ادائیگیوں، جیسے رہائش کے اضافی اخراجات یا کاروباری مداخلت نیز نقصان کی مدت میں ادائیگیوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔

ادائیگی کے بغیر دعوی کی وجہ سے بند کئے گئے ہیں میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں: نقصان کٹوتیوں سے زائد ہو، نقصان ایسے خطرے کی وجہ سے ہوا جو پالیسی کے تحت احاطہ کردہ نہ ہو، نقصان ہوتے وقت پالیسی ہولڈر کی پالیسی موثر نہ ہو، یا دعوی دوہرا دعوی ہو۔


[21] ٹیکساس ڈیپارٹمنٹ برائے انشورنس۔ "طوفان ہاروے ڈیٹا کال - سینٹ کی کاروباری و تجارتی کمیٹی کے لیے پریزنٹیشن۔" جنوری 23، 2018. https://www.tdi.texas.gov/reports/documents/Harvey-20180123.pdf



نمونہ 13: تصفیے کی حیثیت اور انشورنس کی قسم کی رو سے دعووں کی تعداد ﴿APA 2 میں اپ ڈیٹ کردہ﴾


<u>رہائشی پراپرٹی</u>

درج ذیل چارٹ تصفیے کی حیثیت اور جگہ کے مطابق رہائشی پراپرٹی کے دعووں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔ علاقے کی تقسیم میں شامل کردہ کاؤنٹیز کے لیے، نمونہ 11 سے رجوع کریں: طوفان ہاروے ڈیٹا کال کاؤنٹیز - علاقائی نقشہ۔ رہائشی پراپرٹی انشورنس میں گھر کے مالکان، موبائل گھر کے مالکان، اور رہائشی مکان کی انشورنس شامل ہے۔ ہوریکین ہاروے کے نتیجے میں رہائشی ملکیت کے 90 فیصد سے زائد سے زیادہ کوسٹل بینڈ یا ہوسٹن ایریا کے علاقوں میں ہیں۔



نمونہ 14: تصفیے کی حیثیت اور علاقے کے مطابق رہائشی پراپرٹی کے دعووں کی تعداد ﴿APA 2 میں اپ ڈیٹ کردہ﴾

ساحلی خمدار علاقے میں دعووں کی مجموعی شرح فیصد -24 فیصد کے مقابلے میں غیر متناسب نقصان کی رقم - 51 فیصد ہے۔ ساحلی خمدار علاقے کا جب دیگر علاقوں کے ساتھ موازنہ کیا جائے تو وہاں رہائشی پراپرٹی کے نقصان کی بلند ترین اوسط بھی ہے۔




نمونہ 15: رہائشی پراپرٹی کے اوسط ادائیگی نقصان اور اور اوسط مصیبتوں میں نقصان علاقے کے مطابق ﴿ APA 2 میں اپ ڈیٹ کردہ﴾

6. قومی سیلاب کی انشورنس کا پروگرام

NFIPایک FEMA کا پروگرام ہے جو شریک کمیونٹیز میں پراپرٹی مالکان کے لیے کم قیمت انشورنس فراہم کرنے کے لیے کام کرتا ہے اور سیلابی میدان کی مینیجمنٹ ضابطوں کے اطلاق اور انتخاب کے لیے کمیونٹیز کی حوصلہ افزائی کے لیے کام کرتا ہے۔ سیلاب کے زائد خطرے کے حامل علاقوں میں، کانگریس نے حکم دیا ہے کہ وفاقی طور پر تنظیم کردہ یا بیمہ دار قرض دینے والے اداروں کے لیے رہن شدہ پراپرٹیز پر انشورنس ضروری ہے۔[22] NFIP گھریلو مالکان کے لیے دو اقسام کی سیلاب کی انشورنس کی کوریج فراہم کرتا ہے: عمارتی پراپرٹی کی 250,000 $ تک کوریج؛ اور ذاتی پراپرٹی کی 100,000 $ تک کوریج (مشمولات)۔[23]


درج ذیل معلومات 31 جولائی 2018 کو FEMA کی جانب سے فراہم کردہ طوفان ہاروے کے براہ راست نتیجے میں ریاست ٹیکساس میں NFIP کے دعووں میں اہم اضافے کو ظاہر کرتی ہیں۔ 91,000 سے زائد 23 اگست، 2017 اور 5 ستمبر، 2017 کے درمیان ہونے والے نقصانات کے لئے دعووں کا اندراج کیا گیا۔ 31 جولائی 2018 تک، 843 (1 فیصد سے کم) ان کلیمز فعال/کھلے ہوئے ہیں جبکہ 90,000 (99 فیصد سے زیادہ) سے زائد کلیمز بند ہو گئے ہیں۔ یہاں تقریباً 15,000 (16 فیصد) کلیمز ادائیگی کے بغیر بند ہوئے۔ مجموعی طور پر، اس مدت کے دوران اوسط $115,906 کی ادائیگی کے ساتھ 8.82 $ بلین سے زائد کے ساتھ بند کردہ دعوی کے لئے کی ادائیگیاں کی گئیں۔ اس وقت کے دوران روزانہ کے ڈیٹا کی تقسیم کے مطابق، 25 اگست کو طوفان ہاروے کے زمین سے ٹکرانے والے دن دعووں میں بڑا اضافہ دیکھا گیا۔



نمونہ 16: NFIP کے دعوے ٹیکزاس میں درج (جون - اکتوبر، 2017) نقصان کی تاریخ (جولائی 31، 2018 تک) (APA 2 میں تازہ کاری)


[22] ٹیکساس ڈیپارٹمنٹ برائے انشورنس۔ "طوفان ہاروے ڈیٹا کال - سینٹ کی کاروباری و تجارتی کمیٹی کے لیے پریزنٹیشن۔" جنوری 23، 2018. https://www.fema.gov/national-flood-insurance-program

[23] FEMA. "NFIP کی کوریج کا خلاصہ۔" ویب پیج/PDF تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.fema.gov /media-library-data /20130726-1620-20490-4648/f_679_summaryofcoverage_11_2012.pdf



نمونہ 17: تاریخ نقصان کے مطابق ٹیکساس میں دائر کردہ NFIP کے دعوے ﴿23 اگست-5 ستمبر، 2017﴾ تک ﴿APA 2 میں اپ ڈیٹ کردہ﴾۔


دعووں کی علاقائی جگہوں میں تقسیم کے ساتھ، یہ مزید واضح ہو گیا ہے کہ دعوے طوفان ہاروے سے متعلق ہیں، چونکہ دعوں کی زیادہ تر تعداد ان جگہوں سے آ رہی ہے جو 49 اہل کاؤنٹیز میں شامل ہیں جس میں سب سے زیادہ تعداد میں دعوے ہوسٹن کے علاقے سے آ رہے ہیں۔



نمونہ 18: 23 اگست- 5 ستمبر، 2017 میں شہر کے مطابق NFIP میں دائر کردہ دعوے ﴿2,000 دعوے اور مزید﴾ ﴿APA 2 میں اپ ڈیٹ کردہ﴾

NFIP کا ڈیٹا ان انشورنس دعووں کی شناخت کرتا ہے جو مسلسل نقصان(RL) کیٹگری میں آتے ہیں۔ RL پراپرٹی کوئی بھی قابل بیمہ عمارت ہے جس کے لیے 1,000 $ سے زائد کے دو یا زائد دعووں کی ادائیگی کی گئی ہو۔ یہاں ملک بھر میں 120,000 سے زائد RL پراپرٹیز ہیں، جن میں سے ٹیکساس می 27،000 سے زائد پراپرٹیز ہے۔ یہ RL عمارات NFIP فنڈ پر دباؤ کا باعث ہیں، اور فی الحال یہ فنڈ پر سب سے بڑا بوجھ ہیں۔ یہ نہ صرف NFIP کے سالانہ نقصانات (قرض کی ضرورت میں اضافہ) کو بڑھاتے ہیں، بلکہ مستقبل کے تباہ کن واقعات کا سدباب کرنے کے لیے ضروری فنڈز کے انخلاء کا باعث بنتا ہے۔[24]


سب سے زیادہ حالیہ NFIP اعداد و شمار کی بنیاد پر GLO کو فراہم کی گئی، ہوریکین ہاروے 13,826 NFIP کے دعووں کا باعث بنا RL کے طور 31 جولائی 2018 پر نامزد کیا گیا۔ ان دعووں کی اکثریت -9,050 یا 65 فیصد - ہیرس کاؤنٹی میں درج کیے گئے۔ درج ذیل گراف اس مدت کے دوران رپورٹ کردہ RL پراپرٹیز کی سب سے بڑی تعداد کی حامل کاؤنٹیز کو نمایاں کرتا ہے۔ (96 فیصد RL کی ملکیت کے لئے اکاؤنٹنگ)



نمونہ 19: منتخب کردہ کاؤنٹیز کے مطابق NFIP کے RL کے حامل گھر ہاروے کے دوران نقصان کی رپورٹنگ (APA 2 میں اپ ڈیٹ کردہ)

اضافی طور پر، درج ذیل نقشہ طوفان ہاروے کے دعووں کی حامل RL پراپرٹیز کے زپ کوڈ کے مطابق ارتکاز کو ظاہر کرتا ہے۔ زپ کوڈز اور دریا کے ساتھ RL پراپرٹیز جیسے دریائے گواڈا لوپ کے مابین باہمی تعلق ہو سکتا ہے، لیکن ہیرس کاؤنٹی بھر میں موجود RL پراپرٹیز کا بلند ارتکاز موجود ہے۔

[24] FEMA. "مسلسل نقصان اکثر پوچھے جانے والے سوال۔" ویب پیج/متن تک 10 جنوری 2018 کو رسائی کی گئی۔ https://www.fema.gov/txt/rebuild/repetitive_loss_faqs.txt



نمونہ 20: زپ کوڈ کے مطابق NFIP کے RL کے دعوے (23 اگست -5 ستمبر 2017) (APA 2 میں اپ ڈیٹ کردہ)

7. ٹیکساس طوفانی ہواؤں سے انشورنس کی ایسوسی ایشن

ٹیکساس طوفانی ہواؤں سے انشورنس ایسوسی ایشن (TWIA)[25] ٹیکساس کے قانون ساز کی جانب سے اگست 1970 میں طوفان سیلیا کے بعد علاقائی مارکیٹ کے حالات کے جواب میں 1971 میں تشکیل دی گئی۔ TWIA کا مقصد ٹیکساس کے ساحلی علاقے کے لیے طوفانی ہواؤں اور اولے سے انشورنس کی فراہمی ہے۔

TWIA حتمی حل کے طور پر بیمہ کار ہے اور یہ رضاکارانہ انشورنس مارکیٹ کا براہ راست حریف نہیں ہے۔ یہ ٹیکساس کے ساحلی علاقے میں چند مخصوص حصوں میں رہائشی و کاروباری پراپرٹیز کے لیے کوریج فراہم کرتے


[25] https://www.twia.org/

ہیں۔ مخصوص کردہ تباہ شدہ جگہ وہ ساحلی علاقے کا وہ حصہ ہوتا ہے جہاں انشورنس کا کمشنر یہ تعین کرے کہ طوفانی ہوا اور آندھی کی انشورنس مناسب طور پر دستیاب نہیں ہے۔

ہوریکین ہاروے کے لیے دائر کردہ TWIA کے دعووں 23 جنوری 2018 تک کی کل تعداد 74,266 ہے، جن میں نوسیس کاؤنٹی میں دعووں کی سب سے زیادہ تعداد 24,967 یا 34 فیصد دائر کی گئی۔ مندرجہ ذیل نقشہ ٹیکساس گلف کوسٹ کے ساتھ TWIA اہل کی حیثیت سے متاثرہ علاقے میں اور ہر TWIA اہل و شمار کے اندر دعووں کی تعداد کے اندر کی شناخت کرتا ہے۔ یہ غور کرنا چاہئے کہ ہیرس کاؤنٹی کا صرف ایک چھوٹا سا حصہ TWIA کوریج کے اہل ہے۔ کل معاوضے کی ادائیگیاں، جو کہ براہ راست بیمہ شدہ کے لیے فرسٹ-پارٹی کوریجز کے ضمن میں ادا کردہ نقصانات یا جس کی ادائیگی متوقع ہو، ان کا مجموعہ 958 $ ملین سے زائد بنتا ہے۔ ادا شدہ اخراجات، $ دعوؤں کی درستگی کے اخراجات جو مخصوص دعووں کے لیے چارج نہیں کیے جا سکتے، ان کا مجموعہ 101 ملین سے زائد بنتا ہے۔ دعووں کی مد میں سب سے زیادہ کل ادا کردہ اوسط ارنساس کاؤنٹی میں پائی گئی جہاں فی دعوی 68,149 $ کی اوسط رہی۔ دعووں کی مد میں کم ترین ادا کردہ اوسط کلیبرگ کاؤنٹی میں رہی جہاں فی دعوی 938،3 $ کی اوسط رہی۔ کلیبرگ کاؤنٹی میں 38 نئے کلیمز کی صورت میں کم ترین تعداد کا بھی مشاہدہ کیا گیا۔

ٹیبل 8: **کاؤنٹی کے مطابق TWIA دعوے (23 جنوری 2018 کے مطابق)**

کاؤنٹی	نئے دعوے	بند کردہ دعوے	کھلی انوینٹری	% بند شدہ	ادا کردہ معاوضہ	ادائیگی کی لاگت	اوسط ادائیگی
ارنساس	7,078	5,623	1,455	79.4%	$ 411,754,777	$ 17,477,609	$ 68,149
برازوریا	4,035	3,911	124	96.9%	$ 10,328,579	$ 4,375,109	$ 6,484
کال ہون	2,553	2,391	162	93.7%	$ 24,066,466	$ 3,848,723	$ 11,908
کیمرون*	40	36	4	90.0%	$ 872,656	$ 132,926	$ 58,177
چیمبرز	1,002	975	27	97.3%	$ 3,442,032	$ 1,121,065	$ 7,931
گالویسٹون	11,025	10,608	417	96.2%	$ 34,920,052	$ 13,338,808	$ 7,474
ہیرس	593	565	28	95.3%	$ 3,046,684	$ 744,287	$ 9,260
جیفرسن	9,893	9,511	382	96.1%	$ 29,189,030	$ 10,494,094	$ 6,197
کلیبرگ	38	38	-	100.0%	$ 102,390	$ 36,200	$ 3,938
میٹاگورڈا	869	851	18	97.9%	$ 3,743,109	$ 996,054	$ 6,830
نوسیس	24,967	23,418	1,549	93.8%	$ 327,009,711	$ 36,483,090	$ 16,247
ریفیوجیو	414	349	65	84.3%	$ 15,996,605	$ 904,222	$ 45,705
سان پیٹریشیو	6,710	6,188	522	92.2%	$ 94,316,008	$ 11,590,970	$ 16,924
کوئی پالیسی نہیں اور غیر تصدیق شدہ	5,049	5,040	9	99.8%	$ 0	$ 0	$ 0
کل مجموعہ	74,266	69,504	4,762	93.6%	$ 958,788,099	$ 101,543,157	$ 17,994



نمونہ 21: کاؤنٹی کے مطابق TWIA ہاروے کے دعوے (23 جنوری 2018)

8. سمال بزنس کی اعانت آفت میں گھر کے قرضے

گھروں کے مالکان جنہیں طوفان ہاروے کی وجہ سے نقصان اٹھانا پڑا ان کے لیے SBAکے آفت کے لیے قرضوں کی صورت میں ایک اور سہارا ہے۔ وہ گھریلو مالکان جن کی نجی پراپرٹی کو نقصان ہوا ہو جو انشورنس کی جانب سے مکمل طور پر احاطہ کردہ نہ ہو اس کے لیے یہ قرضے وفاقی معاونت کی ایک بنیادی شکل ہیں۔ گھریلو مالکان اور کرایہ داران جن کی پراپرٹی اعلان کردہ آفت کے نتیجے میں تباہ ہوئی ہو وہ SBA کم سود پر قرضے کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔ ان قرضوں پر شرح سود کا تعین قانون کے مطابق کیا جاتا ہے اور کیس در کیس کی بنیاد پر تفویض کیے جاتے ہیں۔

طوفان ہاروے سے مخصوص معاونت میں اگر درخواست گزار کو کہیں اور سے کریڈٹ دستیاب نہ ہو تو شرح سود 1.75 فیصد اور اگر کریڈٹ کہیں اور دستیاب ہو تو شرح سود 3.5 فیصد ہے۔ یہ گھریلو قرضے رئیل اسٹیٹ کی مرمتی یا تبدیلی کی صورت میں $200,000 اور ذاتی پراپرٹی کی مرمتی یا تبدیلی کی صورت میں زیادہ سے زیادہ $40,000 تک محدود ہیں۔[26]

[26]امریکی سمال بزنس ایڈمنسٹریشن حقائق نامہ۔ 7 نومبر 2017 "آفت کے لیے قرضے، ٹیکساس اعلان #15274 اور #15275۔" https://smallbusiness.house.gov/uploadedfiles/attachment_1.pdf

28 اگست 2018 تک SBA کی جانب سے 2.9 $ بلین سے زائد کے گھریلو قرضوں کی منظوری دی گئی۔ کاؤنٹی اور COGکی جانب سے ذیل میں منظور شدہ قرضوں کی زمرہ بندی کی گئی ہے۔

ٹیبل 9: **SBA کی جانب سے منظور کردہ کل قرضے**

کاؤنٹی	COG		کل گھریلو قرضے
کیرنز	AACOG	$	297,000
کل AACOG		**$**	**297,000**
گرائمز	BVCOG	$	134,100
کل BVCOG		**$**	**134,100**
باسٹروپ	CAPCOG	$	1,105,500
کلیڈول	CAPCOG	$	581,600
فیٹے	CAPCOG	$	4,180,600
لی	CAPCOG	$	135,500
کل CAPCOG		**$**	**6,003,200**
ارنساس	CBCOG	$	73,380,300
بی	CBCOG	$	1,866,000
کلیبرگ	CBCOG	$	259,200
نوسیس	CBCOG	$	69,292,700
ریفیوجیو	CBCOG	$	10,537,300
سان پیٹریشیو	CBCOG	$	37,380,900
کل CBCOG		**$**	**192,716,400**
جیسپر	DETCOG	$	4,339,600
نیوٹن	DETCOG	$	6,527,200
پولک	DETCOG	$	1,709,500
سیبائن	DETCOG	$	36,300
سان جاکنتو	DETCOG	$	3,102,100
ٹیلر	DETCOG	$	2,047,800
کل DETCOG		**$**	**17,762,500**
کالہون	GCRPC	$	9,663,300
ڈیوٹ	GCRPC	$	520,400
گولیاڈ	GCRPC	$	2,115,400
گونزالیز	GCRPC	$	319,700
جیکسن	GCRPC	$	1,303,000
لاواکا	GCRPC	$	767,000
وکٹوریا	GCRPC	$	24,653,100
کل GCRPC		**$**	**40,341,900**
آسٹن	H-GAC	$	1,376,300
بریزوریا	H-GAC	$	127,415,700
چیمبرز	H-GAC	$	52,825,900
کولریڈو	H-GAC	$	962,700
فورٹ بینڈ	H-GAC	$	288,298,400
گالویسٹن	H-GAC	$	233,625,600

کاؤنٹی	COG	کل گھریلو قرضے	
ہیرس	H-GAC	$	1,237,462,400
لیبرٹی	H-GAC	$	28,496,500
میٹا گورڈا	H-GAC	$	6,294,900
منٹگمری	H-GAC	$	58,620,000
واکر	H-GAC	$	1,021,200
ویلر	H-GAC	$	5,713,000
وہارٹن	H-GAC	$	18,732,200
کل H-GAC		**$**	**2,060,844,800**
ہارڈن	SETRPC	$	104,323,400
جیفرسن	SETRPC	$	268,239,700
اورنج	SETRPC	$	262,425,100
کل SETRPC		**$**	**634,988,200**
کل مجموعہ		**$**	**2,953,088,100**

9. عوامی رہائشی اتھارٹی کا ڈیٹا

پبلک ہاؤسنگ اتھارٹی کے یونٹس پر اثر، سیکشن 8، اور رہائش کے انتخاب کے واؤچرز HUD کی جانب سے GLO کو فراہم کیے گئے تھے۔ نومبر 2017 میں، HUD نے ابتدائی نقصان کے تخمینے اور متاثرہ یونٹس کی تعداد اکٹھی کی۔ CBCOG, H-GAC, اور SETRPC میں عوامی رہائشی یونٹس کی سب سے زیادہ تعداد متاثر ہوئی۔

ٹیبل 10: **کل متاثرہ یونٹس اور نقصان کے تخمینے**

COG	سیکشن 8 یا رہائش منتخب کرنے کے واؤچرز - متاثر شدہ	متاثرہ عوامی رہائشی یونٹس	کل متاثرہ یونٹس	موجودہ بے گھر (اہل خانہ کی تعداد برائے (PIH/MF	PHA کا نقصان تخمینہ
AACOG	0	46	46	**0**	$6,080
BVCOG	0	0	0	**0**	-
CAPCOG	0	8	8	**0**	$71,413
CBCOG	97	313	410	**179**	$8,663,600
DETCOG	2	19	21	**2**	$146,755
GCRPC	16	120	136	**17**	$1,347,300
H-GAC	345	234	579	**399**	$12,431,369
SETRPC	365	323	688	**387**	$2,924,300
کل ریاستی	48	0	48	**48**	-
کل مجموعہ	**873**	**1,063**	**1,936**		**$ 25,590,817**

عوامی رہائشی حکام FEMA کی PA کے اہل ہیں۔ 8 جون 2018 تک ذیل کا ٹیبل COG ریجن کے مطابق FEMA کی فراہم کردہ عوامی رہائشی حکام کے لیے PA FEMA کی تخمینہ کردہ لاگت اور نامکمل ضرورت کا ظاہر کرتا ہے۔ وفاق کی جانب سے لاگت کے 90 فیصد کا تخمینہ شدہ لاگت کی رقم کے ساتھ اشتراک کی وجہ سے، تخمینہ کردہ لاگت کی رقم کے بقیہ 10 فیصد بشمول بحالی کے ضارب کے طور پر تخمینہ کردہ لاگت کے 15 فیصد سے PA کی نامکمل ضرورت کے مجموعے کا حساب لگایا جائے گا۔

مستقل کام کے لیے تخمینے آئندہ کے چند مہینوں تک مسلسل آئیں گے، جیسا کہ تخمینہ کردہ نقصانات کے درمیان دکھایا گیا ہے کہ نومبر میں اکٹھے کردہ HUD اور تخمینہ کردہ لاگتیں جو عوامی رہائشی حکام نے PA FEMA پروگرام کو ارسال کی ہیں۔

ٹیبل 11: **عوامی رہائشی حکام FEMA PA تخمینہ کردہ لاگ اور COG ریجن کے مطابق نامکمل ضروریات**

COG	تخمینہ کردہ لاگت	نامکمل ضرورت
CBCOG	$ 1,510,995	$377,749
GCRPC	$ 480,802	$120,201
H-GAC	$ 49,311,183	$12,327,796
SETRPC	$ 19,156,868	$4,789,217
کل مجموعہ	**$70,459,848**	**$17,614,962**

ہیرس کاؤنٹی ہاؤسنگ اتھارٹی(HCHA) اور ہوسٹن ہاؤسنگ اتھارٹی(HHA)، عوامی ہاؤسنگ اتھارٹی کی نامکمل ضروریات کے 70 فیصد کے ذمہ دار ہیں۔ ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی اپنے عوامی رہائشی اتھارٹی کے لئے نامکمل ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اپنا پروگرام تیار کریں گے۔

10. FEMA انفرادی معاونت

FEMA کی جانب سے اور بتاریخ 25 جون 2018 کو وصول کردہ انفرادی معاونت (IA) کا ڈیٹا طوفان ہاروے سے متاثر ہونے والے تمام رہائشی درخواست گزاران کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیا گیا۔ یہ معلومات پھر کاؤنٹی اور COG کے مطابق نامکمل ضروریات کا حساب لگانے کے لیے استعمال کی گئی اور کرایہ دار اور مالک کے ذیلی سیٹ میں تقسیم کی گئی۔ FEMA کے مطابق 892,000 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ اس میں سے FEMA نے تصدیق کی کہ 291,000 سے زائد درخواست گزاران کا FEMA کا تصدیق شدہ نقصان $0 (FVL) سے زائد ہے۔

$8,000 سے زائد کے حقیقی پراپرٹی کے نقصان کی حامل اہل کاؤنٹیز میں ملکیتی قبضے کے حامل درخواست گزاران کی کل تعداد 94,699 ہے۔ $ 2,000 سے زائد کے ذاتی پراپرٹی کے نقصان کی حامل اہل کاؤنٹیز میں کرایہ دار درخواست گزاران کی کل تعداد 37,746 ہے۔

نامکمل ضروریات کے حساب کے لیے اوپری حد کو استعمال کرتے ہوئے، 132,458 درخواست گزاران میں سے 94,699 (71.5 فیصد) ملکیتی قبضے کے حامل گھر ہیں، جبکہ 37,746 (28.5 فیصد) کرایہ داروں پر مشتمل ہیں۔

ٹیبل 12: **کل IA درخواستیں**

قبضے کی نوعیت	کل درخواستیں	$0 سے زائد کا FEMA FVL	نامکمل ضرورت کے حامل درخواست گزاران
مالک	444,180	211,423	94,699
کرایہ دار	443,741	80,271	37,746
بیان نہیں	4,342	115	13
کل	**892,263**	**291,809**	**132,458**

a. کل نامکمل ضروریات

i. CDBG–DR فنڈز کا استعمال کسی بند (ڈیم) یا پُشتے کو تباہی کے وقوع ہونے سے قبل موجود اس کے اصل ڈھانچے سے پرے بڑا کرنےکے لیے نہیں کیا جاسکتا۔ پُشتوں اور بند (ڈیمز) کے لیے CDBG–DR فنڈز کے لیے ضروری ہے کہ:

1. ایسے ڈھانچوں کو USACE نیشنل لیوی ڈیٹابیس یا بندوں کی قومی انوینٹری میں رجسٹر کریں اور ان اندراجات کو برقرار رکھیں؛
2. یقینی بنائیں کہ وہ ڈھانچہ USACE PL 84–99 بازآبادکاری پروگرام (غیر وفاقی فلڈ کنٹرول پرجیکٹس کے لیے بازآبادکاری امداد) میں شامل ہو؛
3. اس بات کو یقینی بنائیں کہ ڈھانچہ FEMA NFIP کے تحت تسلیم شدہ ہو؛
4. فلڈ کنٹرول ڈھانچے کی فنڈنگ سے قبل فائل کی دستاویز سازی برقرار رکھیں جس میں خطرے کا تخمینہ موجود ہو اور ایسے دستاویز کہ سرمایہ کاری میں خطرہ کم کرنے والے اقدامات شامل ہیں۔

ii. فنڈز کا استعمال کسی نجی ملکیت والی سہولت کی کسی بھی غرض سے مدد کرنے کے لیے نہیں کیا جاسکتا؛

iii. عمارتیں یا سہولت گاہیں جو عمومی طور پر حکومت کے لیے استعمال کی جاتی ہیں (جیسے سٹی ہالز، عدالت گاہیں، اور ایمرجنسی آپریشن کے مراکز)؛

iv. ایکشن پلان میں مذکور کے مطابق فوائد کے دوہرائے جانے کے خلاف موجود پابندیوں کی وجہ سے تباہی سے ہونے والے کسی بھی ایسے نقصان کے کسی بھی حصے کے لیے تباہی سے بحالی کی امداد پر غور نہیں کیا جائے گا جس کی بازادائیگی FEMAUSACE، بیمہ یا کسی دیگر ذریعہ سے کی گئی ہو۔ جناب صدر کے تباہی کے اعلان سے پہلے جاری کوئی سرگرمی تب تک اہل نہیں ہوگی تاوقتیکہ تباہی نے براہ راست اس پروجیکٹ کو نہ متاثر کیا ہو۔

v. قانون کے ذریعے، (HCD ضابطے میں 105(a) کی ایک نوٹ کے بطور کوڈ کردہ)، CDBG–DR فنڈز کی رقم جو کسی USACE پروجیکٹ دی جائے گی وہ $250,000 یا اس سے کم ہوسکتی ہے۔

vi. وہ سرگرمیاں جو ہیرس کاؤنٹی سے باہر یا ہوسٹن شہر کی حدود کے اندر ہوں، اس کے لیے نا اہل ہوں گی۔

f. قومی مقاصد: LMI، جھگی جھونپڑیوں/خطرناک علاقوں کا خاتمہ اور فوری مدد۔

g. انتخاب کا معیار

i. اس منصوبے کو ترجیح دی جائے گی جو LMI گھریلو یا کمیونٹی کو فائدہ پہنچائے۔

ii. ہاروے کی بے گھر پناہ گاہوں، نازک بنیادی ڈھانچے، عوامی حفاظت کی عمارتوں اور نکاسی آب سہولیات کو متاثر کرنے کی مرمت اور بہتری کو ترجیح دی جائے گی۔h.

h. ٹائم لائن: مجوزہ پروگرام کے شروع ہونے کی تاریخ اس ایکشن پلان کو HUD کی منظوری ملنے سے 30 دنوں بعد کی ہے۔ اس پروگرام کی اختتامی تاریخ فروری 2026 ہے۔ انفرادی پروجیکٹ کی توسیعات ممکنہ طور پر GLO کی صوابدید پر مجاز ہے۔

سرگرمی 3: ہیرس کاؤنٹی کی مسابقتی درخواست برائے تجاویز پروگرام

ہیرس کاؤنٹی کی مسابقتیREP درخواست برائے تجاویز پروگرام، ہیرس کاؤنٹی اور اس سے ملحقہ چھوٹے شہروں سے ہریکین ہاروے سے متاثرہ بنیادی ڈھانچہ/سہولت گاہوں کی مرمت اور تعمیر نو کے لئے تجاویز طلب کرے گا۔ RFP کا مقصد مقامی بنیادی ڈھانچے میں سدھار لانے کے لیے فنڈنگ فراہم کرنا ہے جس میں درج ذیل شامل ہے:

- سیلابی پانی/آب نکاسی کو بہتر بنانا
- کاؤنٹی کے محروم علاقوں کے لیے پانی اور گندگی نکاسی کی سہولت کی توسیع
- راستوں کی تعمیر
- بحالی، تعمیر نو، یا ہنگامی پناہ گاہوں اور عوامی سہولیتوں کی تعمیر
- ٹریفک سگنل کی لچک پذیری اور
- دیگر اہم بنیادی ڈھانچہ/سہولتوں کی مرمت اور ان میں سدھار

ہریکین ہاروے کے سبب ہونے نقصان کے بعد، اشد ضروری مرمتوں اور سدھار سے، سیلاب میں تخفیف، راستوں اور اثاثوں پر سیلابی پانی کم کرنے، سیلابی پانی کو مناسب چینلوں کی جانب موڑنے، ساتھ ہی بے گھر ہوئے رہائشیوں کو پناہ گاہ فراہم کرنے کے ذریعے عوام، رہائش گاہوں، اور تجارتی اداروں میں ڈرامائی تبدیلی آئے گی۔

a. مختص رقم: $70,225,927.00

b. اہل ادارے: مقامی حکومت کی اکائیاں (ہوسٹن شہر کے علاوہ)، آزاد اسکول ڈسٹرکٹس، ہیرس کاؤنٹی کی حدود کئ اندر غیر منفعتی، اور عوامی ملکیت کی افادیتیں

c. اہل سرگرمیاں: انفراسٹرکچر (بنیادی ڈھانچہ) کی سرگرمیوں کو ہاؤسنگ کی طویل مدتی وصولی اور بحالی میں لازمی ہاتھ بٹانا ہوگا۔ CDBG-DR کے تحت اجازت یافتہ تمام سرگرمیاں؛ HCDA سیکشن(5-1)(a)105 ، 105(a)(7-9)، اور11)(a)105) بشمول لیکن انہی تک محدود نہیں:
   i. انفراسٹرکچر اور عوامی سہولیات کی سرگرمیوں کا اکتساب (بشمول ڈرینج اور سیلابی زمین کی تنظیم)؛
   ii. فلڈ کنٹرول اور نکاسی آب کی مرمت اور بہتری، بشمول طوفانی پانی کے انتظامی نظام کی تعمیر یا بحالی؛
   iii. بنیادی ڈھانچے کی بحالی (جیسے کہ پانی اور نکاسی آب کی سہولتیں، گلیاں، جنریٹروں کی فراہمی، ملبے ہٹانا، پل وغیرہ)؛
   iv. مسمار کرنا، عوامی یا نجی ملکیت کی تجارتی یا ادارہ جاتی یا صنعتی عمارات کی بحالی، اور کوڈ کا نفاذ؛
   v. اقتصادی ترقیات (جیسے مائیکروانٹرپرائز اور چھوٹے کاروبار کی مدد، تجارتی بحالی، اور خصوصی اقتصادی ترقیات سے متعلق سرگرمیاں، بشمول ان کاروباروں کو مدد دینے کو ترجیح دینا جو کسی چھوٹے کاروبار کی تعریف پر پورے اترتے ہوں)؛
   vi. عوامی خدمت (جیسے کام کی تربیت اور روزگار کی خدمات، نگہداشت صحت، نگہداشت اطفال، اور 15 فیصد کیپ کے اندر جرائم کی روک تھام)۔

d. نامناسب سرگرمیاں:
   i. CDBG–DR فنڈز کا استعمال کسی بند (ڈیم) یا پُشتے کو تباہی کے وقوع ہونے سے قبل موجود اس کے اصل ڈھانچے سے پرے بڑا کرنےکے لیے نہیں کیا جاسکتا۔ پُشتوں اور بند (ڈیمز) کے لیے CDBG–DR فنڈز کے لیے ضروری ہے کہ:

1. ایسے ڈھانچوں کو USACE نیشنل لیوی ڈیٹابیس یا بندوں کی قومی انوینٹری میں رجسٹر کریں اور ان اندراجات کو برقرار رکھیں؛
2. یقینی بنائیں کہ وہ ڈھانچہ USACE PL 84–99 بازآبادکاری پروگرام (غیر وفاقی فلڈ کنٹرول پرجیکٹس کے لیے بازآبادکاری امداد) میں شامل ہو؛
3. اس بات کو یقینی بنائیں کہ ڈھانچہ FEMA NFIP کے تحت تسلیم شدہ ہو؛
4. فلڈ کنٹرول ڈھانچے کی فنڈنگ سے قبل فائل کی دستاویز سازی برقرار رکھیں جس میں خطرے کا تخمینہ موجود ہو اور ایسے دستاویز کہ سرمایہ کاری میں خطرہ کم کرنے والے اقدامات شامل ہیں۔

ii. فنڈز کا استعمال کسی نجی ملکیت والی سہولت کی کسی بھی غرض سے مدد کرنے کے لیے نہیں کیا جاسکتا؛

iii. عمارتیں یا سہولت گاہیں جو عمومی طور پر حکومت کے لیے استعمال کی جاتی ہیں (جیسے سٹی ہالز، عدالت گاہیں، اور ایمرجنسی آپریشن کے مراکز)؛

iv. ایکشن پلان میں مذکور کے مطابق فوائد کے دوہرائے جانے کے خلاف موجود پابندیوں کی وجہ سے تباہی سے ہونے والے کسی بھی ایسے نقصان کے کسی بھی حصے کے لیے تباہی سے بحالی کی امداد پر غور نہیں کیا جائے گا جس کی FEMAUSACE، بیمہ یا کسی دیگر ذریعہ سے بازادائیگی کی جائے گی۔ جناب صدر کے تباہی کے اعلان سے پہلے جاری کوئی سرگرمی تب تک اہل نہیں ہوگی تاوقتیکہ تباہی نے براہ راست اس پروجیکٹ کو نہ متاثر کیا ہو۔

v. قانون کے ذریعے، (HCD ضابطے میں [105[a] کی ایک نوٹ کے بطور کوڈ کردہ)، CDBG–DR فنڈز کی رقم جو کسی USACE پروجیکٹ دی جائے گی وہ $250,000 یا اس سے کم ہوسکتی ہے۔

vi. وہ سرگرمیاں جو ہیرس کاؤنٹی سے باہر یا ہوسٹن شہر کی حدود کے اندر ہوں، اس کے لیے نا اہل ہوں گی۔

e. قومی مقاصد: LMI، جھگی جھونپڑیوں/خطرناک علاقوں کا خاتمہ اور فوری مدد۔

f. ٹائم لائن: مجوزہ پروگرام کے شروع ہونے کی تاریخ اس ایکشن پلان کو HUD کی منظوری ملنے سے 30 دنوں بعد کی ہے۔ مجوزہ حتمی تاریخ فروری 2026 ہے۔

g. انتخاب کی کسوٹی

i. ان پروجیکٹس کو ترجیح دی جائے گی جن سے LMI کے گھرانوں یا کمیونٹیز کو فائدہ ہو۔

ii. ہاروے ہاروے کی بے گھر پناہ گاہوں، نازک بنیادی ڈھانچے، عوامی حفاظت کی عمارتوں اور نکاسی آب سہولیات کو متاثر کرنے کی مرمت اور بہتری کو ترجیح دی جائے گی.

iii. ان پروجیکٹس کو ترجیح دی جائے گی جو اضافی فنڈنگ پروجیکٹ کو فراہم کریں گے۔

h. ہیرس کاؤنٹی – مسابقتی تقاضے

i. فنڈنگ دوبارہ مختص کرنے والی کوئی بھی ترامیم ہیرس کاؤنٹی کے شہری شمولیت کے تقاضوں کی پیروی کریں گی؛

ii. غیر فرضی پروجیکٹس سے فنڈز کی دوبارہ مختص کاری اور/یا مکمل شدہ پروجیکٹس سے لاگتی بچتیں ہیرس کاؤنٹی کے اندر شہروں اور ہیوسٹن کی شہری حدود سے باہر ہیرس کاؤنٹی کی صوابدید پر ہوں گی۔

.8ہیرس کاؤنٹی پبلک سروس

ہیرس کاؤنٹی اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ اس کے رہائشیوں، بالخصوص زدپذیر آبادیوں کی، نامکمل ضروریات ہیں اور انہیں اپنی بحالی میں مدد کے لئے خصوصی حالات درکار ہوں گے۔ گھروں میں سیلاب آگیا تھا، ذاتی اشیا گم ہو چکی تھیں، اور زندگیوں بری طرح تہ و بالا ہو چکی تھیں۔ زدپذیر آبادیاں اکثر آفت کے اثرات سے بحال ہونے کی نسبتا کم صلاحیت رکھتی ہیں، جو کہ ان کی ملازمت کے مستقبل اور ہاؤسنگ کے اختیارات کو براہ راست انداز میں متاثر کر سکتے ہیں۔ اس نقصان کے دیرینہ اثرات نے رہائشی کی جسمانی اور ذہنی صحت کو متاثر کیا ہے اور خاندان کی اکائی میں خلل ڈالا ہے۔

طوفان ہاروے کے بعد فوری طور پر اکثر، ان متاثرہ آبادیوں کی جانب سے درکار وسائل کی پکار سنی گئی تھی۔ رائس یونیورسٹی کنڈر انسٹیٹیوٹ (Rice University Kinder Institute for Urban Research) برائے اربن ریسرچ کی رپورٹ، طوفان ہاروے کے ریلیف فنڈ ضروریات کے جائزے فیز دوم کی بنیاد پر، 15 اکتوبر 2017 اور 30 نومبر 2017 کے درمیان 211 سسٹم پر تقریبا 90,000 کالز کی گئیں۔ ان کالز کی تقریبا ایک-تہائی کالز میں طوفان ہاروے سے متعلقہ مسائل کے لئے معاونت کی درخواستیں تھیں۔ اس وقت کے دوران، 39 فی صد کالزایسے کالرز کی جانب سے تھیں جن کی عمر 30 سے 49 سال تھی، جن میں سب سے زیادہ درخواستیں آفت کی کیس کے انتظام، کرائے کی ادائیگی میں معاونت، آفت میں خوراک کی ٹکٹوں، اور عارضی مالی معاونت کے لئے تھیں۔ کالز کے 13.5 پر مشتمل، 65 سال سے اوپرکے افراد کی جانب سے، آفت سے مخصوص گھریلو مرمتوں والی ایسی ہی درخواستیں کی گئیں۔ رپورٹ میں نمایاں کیا گیا کہ جو 50 سال سے اوپر تھے انہوں نے وقت کے دورانیے میں کال کی بلند ترین آواز برقرار رکھی، جو معاونت کو یقینی بنانے میں ممکنہ مسئلے کو ظاہر کرتا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ یہ ضروریات کم نہیں ہوئیں۔

پیش کردہ پبلک سروسز، کاؤنٹی کے رہائشیوں کے لئے بحالی تک جامع رسائی فراہم کریں گی۔ یہ سروسز رہائش تلاش کرنے میں، رہائش کے مسائل کو حل کرنے میں، یا مستقبل کی آفات میں مزید مستحکم رہنے میں رہائشیوں کی مدد کریں گی، خواہ یہ قدرتی، اقتصادی، یا ذاتی ہوں، جس کے نتیجے میں ایک مزید مضبوط زیادہ تیار کمیونٹی وجود میں آئے گی۔ رابطے کی متنوع حکمتِ عملیوں، معذوریوں کے شکار افراد کی خدمت کرنے والی تنظیموں کے ساتھ شراکت کے ذریعے، اور حسبِ ضرورت، گنجائش نکالتے ہوئے، سروسز کو وسیع-اقسام کی معذوریوں کے شکار افراد کے لئے قابلِ رسائی بنایا جائے گا۔

سروسز میں، رہائش کی کونسلنگ، قانونی معاونت، نقل و حمل کی خدمات، مساوی رہائش کی خدمات، صحت کی/ ذہنی صحت کی خدمات، روزگار کی تربیت، افرادی قوت کی ترقی، اور دیگر سروسز، شامل ہو سکتی ہیں لیکن محدود نہیں ہوں گی جو طوفان ہاروے سے متاثر ہونے والے افراد کی ضروریات کو پورا کریں۔ ہاؤسنگ کی رکاوٹوں کا سدباب کرتے ہوئے ہاؤسنگ کی کونسلنگ اور قانونی معاونت کی سروسز، منصفانہ رہائش کو آگے کرنے میں معاونت کریں گی۔ روزگار کی تربیت اور افرادی قوت کی ترقی کے پروگرامز، کے ساتھ ہاؤسنگ کی بحالی اور گھروں کی تعمیر کی معاونت کرنے والے پروگرامز کام کی مہارتوں کی ضرورت کو پورا کریں گے تاکہ کاؤنٹی کی بحالی کی معاونت کی جائے۔ مزید برآں، افرادی قوت کی ترقی، متاثرہ کمیونٹیز کے رہائشیوں کو گھریلو آمدنی بڑھانے کے لئے لازمی مہارتوں اور مواقع فراہم کرتے ہوئے طویل مدتی بحالی کو فروغ دینے میں مدد کرے گی۔ بے گھر ہو جانے والے یا بے گھر ہوجانے کے خطرے کی زد میں آنے والے افراد کی ضروریات پوری کرنے کی سروسز میں کیس کا انتظام، اور دیگر خدمات شامل ہو سکتی ہیں تاکہ ہاؤسنگ اور/ یا دوبارہ ہاؤسنگ اور اس آبادی کے لئے ہاؤسنگ کے استحکام میں معاونت کی جائے۔

پبلک سروسز کی فراہمی میں یہ مقصد بھی شامل ہے کہ ہاؤسنگ پروگرامز کے لئے تیاری کرنے اور اہلیت حاصل کرنے میں رہائشیوں کی مدد کی جائے۔ قانونی سروسز کے ذریعے ملکیت یا ٹیکس کے مسائل کو حل کرنے اور

LMI کمیونٹیز کے لئے ہاؤسنگ کی کونسلنگ فراہم کرنے سے مزید رہائشی تیار ہوسکتے ہیں کہ وہ کاؤنٹی کی مالک مکان معاونت، خریداری اور کرائے کے پروگرامز جیسے پروگرامز کے اہل ہو جائیں۔

a. مختص کی گئی رقم: $1,290,966.00

b. زیادہ سے زیادہ ایوارڈ: $1,500,000 فی ٹھیکہ

c. قومی مقصد: LMI بینیفٹ

d. موزوں سرگرمی: موزوں سرگرمیوں میں پبلک سروسز کی فراہمی شامل ہے جیسا کہ HCDA سیکشن 105(a)(8) میں فہرست شدہ ہے

e. موزوں ادارے: ہیرس کاؤنٹی کے پبلک سروسز پروگرامز اور ذیلی وصول کنندگان موزوں ادارے ہیں جنہیں ایک ایپلیکیشن یا RFP کاروائی کے ذریعے طے کیا گیا ہے اور غیر-منافع بخش ایجنسیاں شامل ہیں۔ ہیرس کاؤنٹی کے رہائشی منتخب شدہ کاؤنٹی پروگرام یا ذیلی وصول کنندگان کے ذریعے براہ راست معاونت وصول کریں گے۔ تمام پروگرام فراہم کنندگان اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ سروسز تمام رہائشیوں کے لئے کھلی ہیں، بشمول ان کے جو انگریزی کی محدود مہارت رکھتے ہیں یا خصوصی ضروریات والی دیگر آبادیاں ہیں۔

f. انتخاب کا معیار: کسی ایپلیکیشن یا NOFA/RFP کاروائی کے ذریعے منتخب کردہ پروجیکٹس اور ذیلی وصول کنندگان کے لئے، ایک واضح طے شدہ کاروائی اور قبولیت کا دورانیہ، آغاز کرنے کا معیار، انتخاب کا معیار، اور ایوارڈ کا عمل موجود ہوگا۔ انتخاب کے معیار اور کسی مراعات یافتہ کے تقاضوں کو پبلک سروسز گائیڈ لائنز، NOFA/RFP، یا ایپلیکیشن کے مطابق قائم کیا جائے گا۔ انتخاب کے معیار میں غالبا یہ شامل ہوگا: سرگرمی اور ضرورت، لاگت، سرگرمی کا انتظام، اور تجربہ/ سابقہ کارکردگی۔

g. پبلک سروسز بنیادی طور پر LMI افراد یا LMI علاقوں میں افراد کو فراہم کی جائیں گی۔ اس میں یہ شامل ہو سکتا ہے، لیکن ان تک محدود نہیں ہے جنہیں پبلک سروسز درکار ہیں تاکہ ہاؤسنگ پروگرامز کا جائزہ لینے میں ان کی مدد کی جائے یا ہاؤسنگ پروگرامز کے لئے موزوں کیا جائے۔ پیش کردہ پبلک سروسز وصول کرنا، پیش کردہ ہاؤسنگ پروگرامز کے ذریعے سروسزکو بھی وصول کرنے پر منحصر نہیں ہو سکتا۔

h. ٹائم فریم :مجوزہ پروگرام کے آغاز کی تاریخ فورا ہوگی کیونکہ یہ پروگرامز دیگر پروگرامز کی معاونت میں ہوں گے جنہیں HUD کی جانب سے منظور کیا گیا ہے اور انہیں اس ترمیم کے تحت ایک پبلک سروس پروگرام کے اندر مستحکم کیا جا رہا ہے۔ مجوزہ آخری تاریخ **فروری 2025** ہے۔

9. ہیرس کاؤنٹی منصوبہ بندی

اچھی طرح سے سوچی سمجھی اور جامع منصوبہ بندی، پروجیکٹوں اور سرگرمیوں کے مؤثر نفاذ کی راہ ہموار کرتی ہے۔ منصوبہ بندی تکراری ہوتی ہے، جس کا ہر مرحلہ ایک دوسرے کو ڈھانکتا ہے اور مطلع کرتا ہے۔ ہیرس کاؤنٹی ناآسودہ ضروریات کی درست نشاندہی کرنے کے لیے مناسب پلاننگ فنڈز کی سرمایہ کاری کرے گی، جس سے یہ بات یقینی ہوجائے گی کہ پروجیکٹس اس طرح نافذ کیے جائیں کہ ان کی کامیاب تکمیل حاصل کی جاسکے۔ جیسا کہ ہراسس کاؤنٹی ایک HUD کی شناخت "سب سے متاثرہ اور پریشان کن" علاقہ ہے، منصوبہ بندی کی سرگرمیاں پروگراموں، آپریشنز اور وصولی کے لئے علم میں اضافہ کرے گی. کاؤنٹی دیگر مقامی قواعد و ضوابط، یونیورسٹیوں، اور وکلاء کے ساتھ کام کرنے کے مختلف قسم کے منصوبہ بندی کے منصوبوں کے ساتھ بھی کام کر سکتا ہے۔

a. مختص رقم: $33,344,506.00

b. اہل سرگرمیاں: اہل منصوبہ بندی، شہری ماحولیاتی ڈیزائن، اور پالیسی-منصوبہ بندی-نظم و نسق- 24 CFR 570.205, HCDA 105(a)(12) میں درج کردہ کے مطابقگنجائشوں کی تعمیر سے متعلق سرگرمیاں

c. نامناسب سرگرمیاں: ہیرس کاؤنٹی سے باہر یا ہوسٹن شہر کی حدود کے اندر ہونے والی منصوبہ بندی سرگرمیاں، ماسوائے جہاں ایسی اسٹڈیز متعامل ہوتی ہیں: 1) ہاؤسنگ، مساوی ہاؤسنگ اور ہاؤسنگ سے متعلقہ موضوعات کے ریجینل/مارکیٹ تجزیئے اور 2) HCFCD کے ذریعے دیکھ بھال کردہ اثاثوں سے متعلق خطرہ کم کرنے اور آب نکاسی میں سدھار۔

d. ٹائم لائن: مجوزہ پروگرام کے شروع ہونے کی تاریخ اس ایکشن پلان میں ترمیم کو HUD کی منظوری ملنے کے فوراً بعد کی ہے۔ مجوزہ اختتامی تاریخ فروری 2027 ہے۔

e. سرگرمیوں کی ترجیح دینا: منصوبہ بندی کی سرگرمیوں کو اس طرح کی ترجیح دی جائے گی:
   i. پالسی سازی کی منصوبہ بندی اور انتظامیہ کی صلاحیت کی تعمیر سمیت بشمول آفت اور رد عمل کے پروگراموں کی منصوبہ بندی اور آپریشن کے لئے سرگرمیاں
   ii. منصوبوں کے ماحولیاتی جائزہ اور دیگر پری ترقیاتی منصوبہ بندی کے لئے سرگرمیاں منصوبہ بندی کے مطالعہ سمیت، لیکن سیلاب کے کنٹرول، نکاسیج میں بہتری، سستی ہاؤسنگ اور منصفانہ ہاؤسنگ، ہنگامی انتظام / آپریشن، تباہی کا جواب اور بحالی، صحت، بنیادی ڈھانچے میں بہتری، یا دیگر طوفان کے لئے مزید طوفان ہاروی سے آگے بڑھانے کے لئے مطالعہ یا منصوبوں تک محدود نہیں .آفتوں اور وسیع ردعمل اور بحالی کی کوششوں کے لئے منصوبوں کی تشکیل۔

10. انتظامی فنڈز

ہیرس کاؤنٹی انتظامی لاگت، $21,985,706 کے کل اختصاص کے 2.48 فیصد سے تجاوز نہیں کرے گی، جس کی فراہمی ریاست کے انتظامی فنڈ کے لیے رکھے گئے فنڈز میں سے کی جائے گی۔ یہ ریاست کی منصوبہ بندی کی مطابقت میں ہے۔ ہاؤسنگ سرگرمیوں کے نفاذ سے براہِ راست متعلق لاگتوں کے لیے GLO پروگرام کی 10 فیصد تک کی اجازت دے گا اور بنیادی ڈھانچہ/غیر ہاؤسنگ سرگرمیوں کے لیے 6 فیصد تک۔ GLO نے انجینئرینگ اور ڈیزائن کی سرگرمیوں کے لیے کل پروجیکٹ کے لیے مقررہ رقم کے 15 فیصد کی قید عائد کی ہے، تاوقتیکہ خصوصی خدمات ضروری ہوں اور یہ GLO کی منظوری سے مشروط ہے۔ مجوزہ پروگرام کے شروع ہونے کی تاریخ اس ایکشن پلان میں ترمیم کو HUD کی منظوری ملنے کے فوراً بعد کی ہے۔ مجوزہ اختتامی تاریخ فروری 2026 ہے۔

ہیرس کاؤنٹی 570.200(h) کی مطابقت میں، منصوبہ بندی، سافٹ ویئر سسٹمز کی خریداری اور توسیع، ہاؤسنگ پروگرامز کے لیے انٹیک اور کال سینٹرز کےقیام، پروگرام کے نظم و نسق اور انتظامی افعال کے لیے ایوارڈ سے قبل کی لاگت کا استعمال، خرچ اور باز ادائیگی طلب کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

11. قومی مقصد

توقع ہے کہ تمام قومی مقاصد کا استعمال ہریکین ہاروے سے بحالی کی کوششوں میں کیا جائے گا۔ فوری ضرورت کی سرگرمیوں کے لئے، ہر ایک CDBG-DR فنڈز کا ذیلی موصول کنندہ اس بات کی دستاویز سازی کرے گا کہ تمام سرگرمیاں یا پروجیکٹس کس طرح فوری ضرورت کے قومی مقاصد کے لیے، تباہی سے متاثرہ کی نشاندہی کردہ

کے لیے فنڈ کیے جائیں گے۔ 24 CFR 570.483(d) میں واقع فوری ضرورت کے لیے ضروری CDBG سرٹیفکیشن کو، اس نوٹس کے تحت گرانٹس کے لیے ساقط کر دیا گیا ہے۔

مجموعی CDBG-DR پروگرام فنڈز کا کم از کم 70 فیصد LMI افراد کو فائدہ پہنچانے والی سرگرمیوں کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

5.3. ہوسٹن شہر کے زیر انتظام تباہی سے بحالی کا پروگرام

A. براہ راست مختص رقم

چونکہ ہیوسٹن سٹی اور ہیرس کاؤنٹی کو اسٹیٹ کی جانب سے براہ راست مختص رقم تفویض کی گئی ہے، GLO نے ہر ایک کو مقامی ایکشن پلان بنانے کی ہدایت کی ہے۔ ہیوسٹن سٹی یا GLO اس براہ راست مختص رقم کو منظم کریں گے۔ ہیوسٹن نے مقامی ایکشن پلان کو جمع کروانے میں GLO کی رہنمائی کی پیروی کی ہے، جس کو GLO کے ایکشن پلان کے متعدد سیکشنز کے اندر شامل کیا گیا ہے۔ سٹی کے ایکشن پلان کی مقامی معلومات میں مقامی تقاضوں کا جائزہ، نامکمل ضروریات سے رابطہ، مقامی مشاورت، اور اخراجات کی ٹائم لائنز شامل ہے۔

B. ناآسودہ ضروریات سے کنیکشن

پورا ہوسٹن شہر ایک ایسے علاقے میں واقع ہے جسے HUD نے "سب سے زیادہ متاثرہ اور پریشان" قرار دیا ہے۔ اس لیے، ہوسٹن میں خرچ ہونے والے 100 فیصد فنڈز سے ٹیکساس کے سب سے زیادہ متاثرہ اور پریشان علاقوں کی ناآسودہ ضرورتوں کو پورا کیا جائے گا۔ ناآسودہ ضرورتوں کا GLO کا تخمینہ اور شہر کا مقامی تخمینہ ہوسٹن میں بحالی سرگرمیوں کی ترقیات و ترجیح کی بنیاد ہوں گے۔ شہر نے متاثرہ شہریوں، حصص داروں اور HHA سے ضرورتوں کا تخمینہ کرنے کے لیے مشورہ کیا ہے۔ جب اضافی ڈیٹا ہو جائے گا اور اضافی کمیونٹی اور حصص داروں کی شمولیت واقع ہو جائے گی، تو ناآسودہ ضرورتیں اور انہیں CDBG-DR فنڈز کے ذریعے پورا کرنے کی سرگرمیاں اپ ڈیٹ کی جا سکتی ہیں۔

ان فنڈز کے ذریعے، ہوسٹن ہاؤسنگ ضروریات پوری کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اور اس کے لیے تقریباً 89 فیصد فنڈ براہِ راست ہاؤسنگ کی ناآسودہ ضروریات پوری کرے گا۔ دستیاب ڈیٹا اور حصص داروں اور رہائشیوں سے موصولہ آراء کا استعمال کرتے ہوئے، سٹی مندرجہ ذیل ہاؤسنگ پروگرام چلائے گا: الف۔ گھر مالکان کا معاونتی پروگرام واحد فیملی ڈویلپمنٹ پروگرام، کثیر فیملی کرایہ داری پروگرام، چھوٹے کرایہ دار پروگرام، گھریلو خریداری کی معاونت کا پروگرام، اور خریداری کا پروگرام۔ یہ پروگرام ہوسٹن میں طویل مدتی ہاؤسنگ کی بحالی کو ہر ممکنہ مؤثر طریقے سے پورا کریں گے۔

ان فنڈز کا تقریبا دس فیصد مکان مالکان کے گھروں کی مرمت، بحالی، اور تعمیرِ نو کے ذریعے ان کے لئے مختص کیا گیا ہے۔ فنڈز کا تقریبا آدھا مرمت، بحالی، تعمیر نو، یا کرائے کے نئے متعدد خاندانوں اور واحد خاندان دونوں گھروں کو بنانے میں بھی استعمال کیا جائے گا۔ کرائے داروں اور مکان مالکان دونوں کی معاونت کے لئے دستیاب، رہائش کے بقایا فنڈز کو، نئے، باکفایت واحد خاندان کے گھر بنانے، گھر خریدنے میں گھر کے خریداروں کی معاونت کے لئے، اور جن علاقوں میں سیلاب کے دوبارہ آنے کا امکان ہے وہاں رہائشیوں کو گھروں سے نکالنے میں استعمال کیا جائے گا۔

ہیوسٹن کے CDBG-DR فنڈز ابتدائی طور پر ہاؤسنگ کی نامکمل ضروریات پوری کریں گے۔ بہرحال، سٹی اس بات کی شناخت کرتی ہے کہ ایک جامع اور مؤثر طویل مدتی بحالی کے پروگرام میں ایک وسیع تر حمکتِ عملی شامل ہے۔ ہیوسٹن کے ہاؤسنگ پروگرامز کو پبلک سروس کی سرگرمیوں کے ساتھ مکمل کیا جائے گا تاکہ مستحکم ہونے میں خاندانوں کی مدد کی جائے یا ہاؤسنگ کے مستقل حل کے لئے خاندانوں کو تیار کیا جائے۔ پبلک سروس کی سرگرمیوں میں، بے گھر ہونے سے بچاؤ اور خدمات، قانونی کونسلنگ، روزگار کی تربیت، ذہنی صحت، اور عمومی صحت کی خدمات شامل ہوسکتی ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہیں۔ سٹی نے ایک اقتصادی بحالی کا پروگرام بھی تشکیل دیا ہے جو کمیونٹی میں نوکریاں پیدا کرتا ہے اور برقرار رکھتا ہے، روزگار کے ذریعے یا گھرانوں کی آمدنی بڑھا کر گھرانوں کو مستحکم ہونے میں مدد کرتا ہے۔

سٹی نے پلاننگ کی سرگرمیوں کے لئے 21.7 ملین مختص کئے ہیں تاکہ ایک جامع طویل مدتی بحالی کی کوشش کی معاونت کی جائے اور اسے فروغ دیا جائے جو کہ مناسب طور پر علاقائی پلاننگ کی کوششوں کے ساتھ مربوط ہوگا۔ سٹی، پروگرام فنڈز کے 51 ملین کو انتظامی لاگتوں کے لئے مختص کرے گی، جیسا کہ GLO کی جانب سے مجاز کیا گیا ہے۔ ان لاگتوں میں پروگرامز کی معاونت کے لئے تعمیل کی نگرانی اور دیگر انتظامی سرگرمیاں شامل ہوں گی۔ تمام پروگرام کے فنڈز کا کم از کم 70 فیصد LMI افراد کو فائدہ دے گا۔

سٹی نے تیاری اور تخفیف کے اقدامات کو اس جائزے میں شامل کیا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ہیوسٹن کے شہری طوفان ہاروے سے پہلے کی نسبت زیادہ محفوظ اور زیادہ مستحکم ہیں اور جب مستقبل کی آفات آئیں تو وہ زیادہ جلد بحال ہو سکیں۔ سٹی اپنی سرگرمیوں میں تیاری اور تخفیف کے اقدامات کو شامل کرنے کے لئے پوری کوشش کرے گی۔ جیسے ہی یہ کوششیں تشکیل پائیں گی پروگرام کی گائیڈ لائنز میں ان کوششوں کی تفصیل بیان کی جائے گی۔ مزید یہ کہ، سٹی ہیوسٹن کے اندر، استطاعت کی قابلیت اور مساوات کو بڑھانے کے ہدف کے ساتھ ان فنڈز کو استعمال کرے گی اور اپنے پروگرامز کو ڈیزائن کرے گی۔

ذیل کے جدول میں ہیوسٹن کی نامکمل ضرورت کے خلاصے کی نشاندہی کی گئی ہے۔ یہ معلومات GLO کی کل نامکمل ضرورت کے خلاصے کا ضمنی سیٹ اور اضافی معلومات دونوں ہیں۔

جدول 58: **کل نامکمل ضرورت کا خلاصہ (اپ ڈیٹ شدہ APA 18)**

زمرہ	خسارے/ فرق	CDBG-DR سرمایہ کاریاں*	دیگر معلوم سرمایہ کاریاں	بقیہ نامکمل ضرورت
رہائش	$5,741,049,341	($1,049,714,234.52)	($2,787,448,572)	$1,903,886,534
مالک-کے زیر قبضہ رہائش	$1,673,453,681	($545,041,697.52)		$1,122,566,869
سیلاب کی انشورنس کا قومی پروگرام	$2,956,800,000		($2,743,000,000)	$213,800,000
کرایہ دار-کے زیر قبضہ رہائش	$1,061,408,358	($370,855,752)		$690,552,606
FEMA PA – HHA	$49,387,302		($44,448,572)	$4,938,730
ہیوسٹن واحد خاندان ڈویلپمنٹ اور گھر کے خریدار کی معاونت کے پروگرامز		($78,016,785)		($78,016,785)
ہیوسٹن خریداری پروگرام				
ہیوسٹن پبلک سروسز		($55,800,000)		($55,800,000)
انفراسٹرکچر	$1,293,794,266	($84,500,000)	($1,183,964,839)	$25,329,427
FEMA PA	$590,794,266		($531,714,839)	$59,079,427
HMGP پروجیکٹس	$703,000,000		($527,250,000)	$175,750,000
انشورنس کے منافع جات اور گورنر کی گرانٹ کا آفس			($125,000,000)	($125,000,000)
ڈیزاسٹر ریکوری ری ایلوکیشن پروگرام (DRRP)		($84,500,000)		($84,500,000)
اقتصادی	$1,401,319,818	($20,509,342.82)	($271,205,500)	$1,108,310,543
SBA بزنس/EIDL قرضے	$1,401,319,818		($271,205,500)	$1,130,114,318
ہیوسٹن اقتصادی بحالی پروگرام		($20,509,342.82)		($21,803,775)
مجموعی کل	$8,436,163,425	($1,154,723,577.34)	($4,242,618,911)	$3,013,829,996

* CDBG-DR کی سرمایہ کاریوں میں سرگرمی کی ڈلیوری کی لاگت شامل ہے۔

** CDBG-DR مالک کے زیر قبضہ ہاؤسنگ سرمایہ کاری میں ریاست کے زیر انتظام ہیوسٹن شہر کے مالک مکان کی معاونت والے پروگرام کی رقم شامل ہے۔

C. ہیوسٹن پروگرام بجٹ

جدول 59: کل مختص بجٹ - ہیوسٹن سٹی (اپ ڈیٹ شدہ APA **18**)

پروگرام		سب سے زیادہ HUD متاثرہ علاقے	اسٹیٹ کے سب سے زیادہ متاثرہ علاقے	رقم (کل مختص LMI *(%رقم کا 70	کل	ہیوسٹن شہر کی کل مجموعی مختص رقم کا %	ہیوسٹن شہر کی کل مجموعی مختص رقم کا %	کل
ہیوسٹن سٹی ہاؤسنگ پروگرام	مالک مکان کی معاونت کا پروگرام	$ 68,060,675.08	$ -	$ 63,769,505.82	$68,060,675.08	10.44%	88.57%	$577,168,704.95
	واحد خاندان کا ترقیاتی پروگرام	$ 3,589,439.37	$ -	$ 3,589,439.37	$3,589,439.37	0.55%		
	متعدد خاندان کا کرائے داری پروگرام	$ 370,855,752.00	$ -	$ 370,855,752.00	$370,855,752.00	56.91%		
	چھوٹا کرائے داری پروگرام	$ 11,355,268.88	$ -	$ 11,355,268.88	$11,355,268.88	1.74%		
	گھر کے خریدار کی معاونت کا پروگرام	$ 36,046,498.95	$ -	$ 23,452,314.16	$36,046,498.95	5.53%		
	خریداری پروگرام	$ 87,261,070.67	$ -	$ 87,261,070.67	$87,261,070.67	13.39%		
ہیوسٹن سٹی عوامی خدمات اور اقتصادی بحالی	پبلک سروسز	$ 17,175,483.19	$ -	$ 17,175,483.19	$17,175,483.19	2.64%	5.78%	$37,684,826.01
	اقتصادی بحالی پروگرام	$ 20,509,342.82	$ -	$ 20,509,342.82	$20,509,342.82	3.15%		
سٹی آف ہیوسٹن منصوبہ بندی	ہیوسٹن منصوبہ بندی	$ 21,780,921.41	$ -	N/A	$21,780,921.41	3.34%	5.64%	$36,780,921.41
سٹی آف ہیوسٹن انتظامیہ	ہیوسٹن انتظامیہ	$ 15,000,000.00	$ -	N/A	$15,000,000.00	2.30%		
سٹی آف ہیوسٹن مختص رقم کا کل (قبل از ایڈمن)		$636,634,452.37	$ -	$597,968,176.91	$636,634,452.37			
سٹی آف ہیوسٹن مختص رقم کا کل (بعد از ایڈمن)		$651,634,452.37	$ -	$597,968,176.91	$651,634,452.37			

*یہ تخمینہ شدہ LMI رقم کو ظاہر کرتا ہے اور جیسے ایپلیکیشنز منظور ہوتی ہیں تو تبدیل ہو سکتی ہے۔

.Dفنڈز کا استعمال

پروگرام کی گائیڈ لائنز: ہیوسٹن کی ہاؤسنگ اور کمیونٹی کی ترقی کا ڈیپارٹمنٹ (HCDD)، پروگرام کی گائیڈ لائنز تشکیل دے گا جو اہلیت کے تقاضوں، رپورٹنگ کے تقاضوں، اور پروگرام کی دیگر معلومات فراہم کریں گی۔ پروگرام کی تمام گائیڈ لائنز کو GLO کی جانب سے منظور کیا جائے گا اور استعمال سے پہلے عوامی تبصرے کے لئے شائع کیا جائے گا۔ یہ پروگرامز ہیوسٹن میں ہاؤسنگ اور اقتصادی مواقع کو وسعت دیتے ہوئے اور محفوظ کرنے کے ذریعے سٹی کے رکاوٹوں کے جائزے میں طے کردہ افعال کی انجام دہی میں مدد کریں گے۔ پروگرام کی گائیڈ لائنز کو ایسے طریقوں سے تشکیل دیا جائے گا جو مناسب رہائش کی رکاوٹوں کو دور کریں گی اور ایسی بحالی کو پروان چڑھائیں گی جو منصفانہ ہو۔ یہ ارادہ کیا گیا ہے کہ پروگرامز، پروگرام کی آمدنی کی پابندیوں کو استعمال کرے گا جیسا کہ 83 FR 5844 میں اس کے پروگرامز کے لئے، فہرست شدہ ہے، جیسے کہ قابل اطلاق ہو۔ اس کے علاوہ، اس فیڈرل رجسٹر کے تحت، HUD نے مخصوص پروگرام کی آمدنی کے تقاضے ختم کر دئیے ہیں۔ کوئی بھی درخواست دہندہ گائیڈ لائنز میں پروگرام کے لئے فہرست شدہ حد سے زیادہ معاونت وصول نہیں کرسکتا، اور کوئی بھی درخواست دہندہ کل پروگرام کے لئے مختص کردہ کل رقم کی اضافی معاونت حاصل نہیں کر سکتا۔

تصدیقی مارکیٹنگ کا رابطے کا منصوبہ: قائم شدہ مصدقہ مارکیٹنگ پالیسیوں کے ذریعے HCDD کو AFFH کی پابندی کرنا ہوگی۔ تصدیقی مارکیٹنگ کی کوششوں میں HUD ضوابط پر مبنی، تصدیقی مارکیٹنگ کا منصوبہ، شامل ہوگا۔ جس کا ہدف یہ ہے کہ تمام نسلی، آبائی، قومیتوں، مذاہب، حیثیتوں، معذوریوں، "خصوصی ضروریات"، اور جنسی گروپس سے موزوں مکان مالکان اور کرائے داروں تک رابطے اور مواصلت کا پہنچنا یقینی بنایا جائے۔ رابطہ پلان اس بارے میں تفصیلی معلومات دے گا کہ مذکورہ بالا مکان مالکان اور کرائے داروں کے تمام گروپس تک مؤثر رابطے کے لئے سٹی کیسے منصوبہ بنائے گا، اس کے ساتھ انگریزی کی محدود قابلیت والے افراد، معذوریوں کے شکار، اور خصوصی ضروریات والے افراد کے لئے پروگرامز کے لئے درخواست اور اندراج کی کاروائی کیسے مناسب ہوگی۔

AFFH تجزیہ: ہاؤسنگ کے تمام مجوزہ پروجیکٹس AFFH تجزیے کے عمل سے گزریں گے۔ ایسے تجزئیے میں یہ جائزے شامل ہوں گے جو مجوزہ پروجیکٹ کے رقبے کی (1) ڈیمو گرافی، (2) معاشی اقتصادی خصوصیات، (3) ہاؤسنگ کی ہیئت اور ضروریات، (4) تعلیمی، نقل و حمل کے، اور صحت کی نگہداشت کے مواقع، (5) ماحولیاتی خطرات یا خدشات، اور (6) AFFH کے طے کردہ اہم دیگر تمام عوامل۔ ایپلیکیشنز کو ایسا ظاہر کرنا چاہیے کہ پروجیکٹس، قدرتی آفات۔ سے متعلقہ اثرات کے ردعمل میں نسلی، آبائی، اور کم-آمدنی کے گنجان آباد علاقوں کو کم کرتے، اور/یا کم۔ غربت والے، غیر اقلیتی علاقوں میں باکفایت رہائش کو پروان چڑھاتے نظر آتے ہیں۔

لاگت کی موزونیت: سٹی کسی اہل درخواست دہندہ کی جائیداد کے لئے ہر پروگرام کی لاگت کی موزونیت کو دیکھے گی اور تعین کرے گی کہ درخواست دہندگان کو کیا آپشنز دستیاب ہیں جس میں تعمیر نو جیسے دیگر آپشنز کے مقابلے میں اضافہ کرنے کے ساتھ بحالی شامل ہے۔

قرضے دینا: ہیوسٹن سٹی ارادہ رکھتی ہے کہ CDBG-DR فنڈز کو دیگر فیڈرل، اسٹیٹ، مقامی، اور غیر منافع بخش وسائل کی جانب سے فراہم کردہ فنڈنگ کے ساتھ قرضے پر دیا جائے تاکہ محدود CDBG-DR فنڈز کو بروئے کار لا کر مزید مؤثر اور جامع بحالی کو بھرپور ممکنہ حد تک حاصل کیا جائے۔ جیسے قابلِ اطلاق ہو، لیوریجنگ کے تقاضوں کو شاید پروگرام کی گائیڈ لائنز، ایپلیکیشنز، یا NOFA/RFPs میں شامل کیا جائے۔

1. مالک مکان کی معاونت کا پروگرام (HoAP)

HCDD بحالی، تعمیر نو، اور لوٹانے والی رقم فراہم کرے گا۔

بحالی اور تعمیر نو: سٹی مکان مالکان کی جانب سے تباہ شدہ مکانوں کی بحالی (بشمول بلندی) یا تعمیر نو کے لئے تعمیری کاروائی کو منظم اور مکمل کرے گا۔ سٹی فرم (فرمز) کے ساتھ معاہدہ کرے گی تاکہ ڈیزائن اور تعمیری

خدمات فراہم کی جائیں تاکہ تباہ شدہ املاک کی بحالی یا تعمیرِ نو کو منظم کیا جائے یا انجام دہی کی جائے۔ اس آپشن کے لئے تخمینہ شدہ بجٹ، بشمول پروجیکٹ ڈلیوری $55,757,355 ہے۔

HoAP کے حصے کے طور پر، سٹی عارضی منتقلی کی معاونت (TRA) فراہم کر سکتی ہے۔ TRA فنڈز اس لئے ہیں تاکہ تعمیر کے نتیجے کے طور پر مکان مالکان کی جانب سے برداشت کئے گئے نقل مکانی کے عارضی بوجھ کو آسان کرنے میں مدد کی جائے۔ TRA فنڈنگ کو بجٹ میں موزوں سرگرمی کے طور پر شامل کیا گیا ہے

رقم کی واپسی: وہ مکان مالکان جنہوں نے ماحول کے صاف ہوجانے کے بعد پروگرام میں درخواست دینے سے پہلے، اپنے گھر میں جزوی یا مکمل مرمتیں پوری کر لی ہیں وہ پروگرام میں درخواست دینے سے پہلے، پروگرام کے کم از کم معیارات کے مطابق کئے گئے کام پر صرف کئے گئے موزوں اخراجات کی رقم کی واپسی کے اہل ہوں گے۔ Xactimate یا کسی ملتے جلتے معیاری صنعتی ٹول کو استعمال کیا جائے گا تاکہ لاگت کی معقولیت کو یقینی بنایا جائے اور پروگرام کے عملے کی جانب سے آن-سائٹ تفتیش کے ذریعے کام کی تصدیق کی جائے گی۔ اس آپشن کے لئے تخمینہ شدہ بجٹ، بشمول پروجیکٹ ڈلیوری $13,431,156 ہے--

a. مختص کی گئی رقم: $68,060,675.08

b. زیادہ سے زیادہ معاونت: HoAP میں ہر آپشن کے لئے زیادہ سے زیادہ معاونت کی ذیل میں وضاحت کی گئی ہے۔ درخواست دہندگان کچھ آپشنز کو دیگر آپشنز کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں اور دیگر پروگراموں میں معاونت کے لئے اہل بھی ہو سکتے ہیں۔ کوئی بھی مستفید شخص جس پروگرام میں شمولیت کرے گا اس پروگرام یا آپشن کے لئے زیادہ سے زیادہ کے علاوہ وصول نہیں کر سکتا۔

i. بحالی اور تعمیر نو کا آپشن: بحالی کے لئے، مقامی جامع بلڈر کی بولی کی رقم $80,000 فی یونٹ برائے بحالی سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔ یہ GLO کی رقم سے تجاوز کرتا ہے کیونکہ یہ پیشگی اندازہ کرتا ہے کہ ہیوسٹن میں اوسط گھروں کی بلند ترین قدروں والے بڑے گھروں والے مکان مالکان کا بلند ترین تناسب ہوگا، جن کی نامکمل ضروریات باقی رہیں گی اور جنہیں اسٹیٹ میں دیگر متاثرہ علاقوں کی نسبت، تعمیرِ نو کی نہیں بلکہ مرمت کی ضرورت بھی ہوگی۔ بلندی اٹھانے کے اخراجات کے ساتھ تعمیرِ نو اور مرمت کی رقم، کسی مقامی جامع بلڈر کی بولی کی رقم ہوگی جو نامزد کردہ بلڈرز اور گھرانوں کے سائز کی بنیاد پر بلڈرز کے گھر کے منصوبوں پر مبنی ہوگی اور $200,00 سے تجاوز نہیں کرے گی۔ پروگرام کی گائیڈ لائنز میں نشاندہی کردہ عوامل کی بنیاد پر سٹی کی صوابدید پر بہتریوں، ماحولیاتی عوامل، نواحی تقاضوں، استحکام کے اقدامات، اور رسائی کی ضروریات کے لئے اضافی مختص کردہ رقوم درکار ہو سکتی ہیں۔ بنیادی بحالی کے لئے فی گھرانہ معاونت کی زیادہ سے زیادہ رقم 80,000 $ ہے اور تعمیر نو کی زیادہ سے زیادہ 200,000 $ رقم ہے۔ ان زیادہ سے زیادہ رقوم میں اضافی مختص رقوم شامل نہیں ہیں جیسے (صرف بحالی کے لئے) ڈھانچہ کھڑا کرنا، ماحولیاتی عوامل، نواحی تقاضے، استحکام کے اقدامات، گھرانوں کی تشکیل اور رسائی کی ضروریات، جو تمام گائیڈ لائنز میں نشاندہی کردہ عوامل کی بنیاد پر سٹی کی صوابدید پر ہوں گی۔

1. عارضی منتقلی کی معاونت: یہ معاونت ان درخواست دہندگان کو دستیاب ہو سکتی ہے جن کو بحالی اور تعمیر نو کے آپشن میں شمولیت کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ HoAP عارضی منتقلی کی معاونت ان اہل مکان مالکان کی معاونت کرے گی جو اپنے ہاروے سے تباہ شدہ مکان کی بحالی یا تعمیر نو کے دوران منتقل ہوئے ہیں۔

ii. واپس ادائیگی کا آپشن: ایک گھرانے کے لئے واپس کئے جانے والے فنڈ کی زیادہ سے زیادہ رقم $80,000 سے تجاوز نہیں کرے گی۔ اہل گھرانوں کی معاونت کی زیادہ سے زیادہ رقم کے لئے

اضافی معیار کی بنیاد گائیڈ لائنز میں شامل آمدنی کی بنیاد پر ہے۔ ان زیادہ سے زیادہ رقوم میں اضافی مختص رقوم شامل نہیں ہیں جیسے (صرف بحالی کے لئے) ڈھانچہ کھڑا کرنا، ماحولیاتی عوامل، استحکام کے اقدامات، اور رسائی کی ضروریات، جو تمام گائیڈ لائنز میں نشاندہی کردہ عوامل کی بنیاد پر سٹی کی صوابدید پر ہوں گی۔

c. موزوں سرگرمیاں: CDBG-DR؛ HCDA سیکشن 105(a)(3-4)، 105(a)(1)، 105(a)(18)، 105(a)(11)105(a)(8)، اور 24 CFR 570.201(g)، 105(a)(25) کے تحت مجاز ہاؤسنگ کی سرگرمیوں میں یہ شامل ہے لیکن محدود نہیں ہے:
   i. واحد خاندان مالک کے زیرِ قبضہ بحالی اور تعمیر نو
   ii. خطرے میں کمی
   iii. منتقلی کی معاونت
   iv. صرف انہدام کرنا
   v. متاثرہ واحد خاندان کے ہاؤسنگ سٹاک کی بحالی کے ساتھ منسلکہ دیگر سرگرمیاں
   vi. غیر وفاقی حصے کی ادائیگی

   83 FR 5844 کے تحت ایک موزوں دستبرداری، ادلے بدلے کی متبادل ہاؤسنگ، نقل مکانی، اور حقیقی پراپرٹی کے حصول کے تقاضوں کے لئے ہاؤسنگ کے معاوضوں اور دیگر تقاضوں کی اجازت دیتی ہے۔ عارضی مورگیج معاونت کے لئے گرانٹ کی ایمرجنسی ادائیگی پر حد بندی میں ترمیم کو بھی استعمال کیا جائے گا جیسا کہ اسی فیڈرل رجسٹر میں بیان کیا گیا ہے۔

d. غیر موزوں سرگرمیاں:
   i. جبری مورٹگیج ادائیگی
   ii. ان خاندانوں کو معاوضے کی ادائیگی کو آفت سے متاثرہ سیلابی علاقوں میں منتقل ہوئے ہیں
   iii. ایسی املاک جو آفت کے وقت پر، یا آفت کے بعد ثانوی گھروں کی طرح کام آئیں گی، جو بحالی کی معاونت یا گھروں کے معاوضے کے لئے موزوں نہیں ہیں
   iv. سیلابی راستوں میں واقع گھروں کی بحالی/ تعمیر نو
   v. گھر کی ایسی جگہ بحالی/ تعمیر نو جہاں:
      1. گھرانے کی مجموعی آمدنی AMI کے 120 فیصد یا قومی اوسط سے زیادہ ہو، اور
      2. آفت کے وقت پر املاک 100 سالہ سیلابی میدان میں واقع ہو، اور
      3. املاک کے مالک نے تباہ شدہ املاک پر سیلاب کی انشورنس برقرار نہ رکھی ہو، حتی کہ جب املاک کے مالک کے ایسی انشورنس کو حاصل کرنا اور برقرار رکھنا مطلوبہ نہیں تھا۔
   vi. کسی ایسے شخص کی املاک پر مرمت، تبدیلی، یا بحالی کے لئے معاونت جو قومی انشورنس ریفارم ایکٹ برائے 1994، حسبِ ترمیم، (42 U.S.C. 5154a) کے سیکشن 582 کو پورا کرنے میں ناکام رہا ہو، جو بیان کرتا ہے کہ سیلاب کے آفت زدہ کسی علاقے میں دستیاب بنائی گئی آفت سے وفاقی بحالی معاونت کو کسی ذاتی، رہائشی، یا کمرشل املاک کے (قرض کی معاونت کی ادائیگی سمیت) نقصان کی "مرمت۔ تبدیلی، یا بحالی" کی ادائیگی کے لئے استعمال نہیں کرنا چاہیے اگر اس شخص کو کسی وقت سیلاب کی آفت کی وفاقی معاونت وصول ہوئی ہو جو اس شرط پر ہو کہ اس شخص نے پہلے قابل اطلاق وفاقی قوانین کے تحت سیلاب کی انشورنس حاصل کی ہو اور وہ شخص بعد ازاں ایسی املاک پر قابل اطلاق وفاقی قانون کے تحت حسب طلب سیلاب کی انشورنس حاصل اور برقرار رکھنے میں ناکام رہا ہو۔

e. معاونت کے لئے اہلیت کا معیار:

املاک

i. سیلابی راستے میں واقع نہیں ہے
ii. طوفان کے وقت مالک کے زیرِ قبضہ ہو
iii. مالک مکان کی بنیادی رہائش کے کام آتی ہو
iv. طوفان ہاروے سے نقصان اٹھا چکی ہو
v. ماحولیاتی طور پر صاف ہو گئی ہو
vi. بحالی، تعمیر نو، اور نئی تعمیر کے لئے لاگتیں معقول ہیں اور تعمیر کے وقت اور جگہ پر مارکیٹ کی قیمتوں سے ہم آہنگ ہیں؛

مکان مالک

i. گھرانے کے 18 سال یا اس سے بڑے تمام ارکان کو حالیہ طور پر بچوں کی معاونت یا منظور شدہ ادائیگی منصوبے کے تحت ہونا چاہیے۔
ii. بہرحال، درخواست دہندگان کو ثبوت فراہم کرنا چاہیے کہ جائیداد کے ٹیکسز، ادائیگی کے منظور شدہ پلان کے تحت ہیں، یا موجودہ قوانین کے تحت انہیں استثنا حاصل ہے۔
iii. مالک مکان درخواست دہندگان کو طوفان ہاروے سے متعلقہ مستقبل کے کسی ایوارڈز کی محدود منتقلی پر رضامند ہونا چاہیے، تاکہ فائدے کی تعمیل کو دوگنا کرنے کو یقینی بنایا جائے۔
iv. معاونت کو کسی گرانٹ، صفر-سود والے قابل معافی غیر محفوظ قرضے یا صفر-سود والے قابل معافی محفوظ قرضے کی صورت میں فراہم کیا جائے گا۔ مکان مالک درخواست دہندگان سے درکار ہے کہ قابل معافی قرضے کی تعمیل کی مدت کے دورانیے میں معاونت شدہ املاک میں ہی بنیادی رہائش برقرار رکھیں۔ کیش-آؤٹ ری فنانسنگ، گھروں کے مساوی قرضے، یا معاونت شدہ جائیداد کو استعمال کرتے ہوئے کسی قرضہ جات کو تعمیل کی مدت کے دوران منظور ہونا چاہیے، اور اس کے بارے میں قابلِ غور باتیں پروگرام کی گائیڈ لائنز میں شامل ہیں۔ اس پالیسی کی خلاف ورزی قرضے کی دوبارہ ادائیگی کی شرائط کو فعال کرے گی۔
v. مکان مالکان درخواست دہندگان کو قرضے کی تعمیل کی قابل معافی مدت، کفالت کے تقاضوں، جیسے لاگو ہوں، پر لازمی متفق ہونا چاہیے۔ گھروں کے لئے ایوارڈ کی قسم اور تعمیل کی مدت، فراہم کردہ معاونت کی رقم پر مبنی ہوگی (جس میں بہتریوں کے لئے مجاز اضافی مختص رقوم شامل نہیں ہیں):

<u>بحالی یا تعمیر نو کے لئے</u>

a. $20,000* یا کم کی ایوارڈ۔ معاونت کے لیے عدم تعمیلی مدت
b. 3-سالہ غیر محفوظ تعمیل کی مدت معہ پابند کنوییننٹ، از مطابقِ تطابق برائے $20,000 سے زائد کی ایوارڈ معاونت۔

املاک پر پابند کنوییننٹ پروگرام سے متعلقہ تمام دستاویزات کی شرائط و ضوابط کی تکمیل اور تعمیلی مدت پوری ہونے پر حذف کر دیا جائے گا۔ اگر تعمیلی مدت کے دوران گھر کا مالک اسے بیچ دے یا اپنی ملکیت کا مفاد جو املاک میں پایا جاتا ہے کسی اور کو منتقل کر دے، تو بقایا پیش تخمینی رقمِ معاونت فوری واجب الادا قرار پائے گی۔

HoAP لوٹانے والی رقم اور بحالی کی معاونت دونوں سے استفادہ کرنے والے مکان مالکان کے لئے، تعمیل کی مدت وہی ہوگی جو بحالی یا تعمیرِ نو کے لئے ہوگی، اور تعمیل کی مدت کے دورانیے کا تعین مالک مکان کو فراہم کردہ معاونت* کی کل رقم سے کیا جائے گا۔

*تعمیل کی مدت کا تعین کرنے کے لئے معاونت میں مقام سے مخصوص مختص رقوم شامل نہیں ہیں۔

صرف لوٹانے والی رقم کے لئے
a. معاونت کے لئے $20,000* یا کم کی گرانٹ ایوارڈ۔
b. 1-سالہ غیر محفوظ تعمیل کی مدت اور معاونت کی 20,001 $ سے $80,000* تک کے لئے کوئی کفالت نہیں ہوگی۔

*تعمیل کی مدت کا تعین کرنے کے لئے معاونت میں مقام سے مخصوص مختص رقوم شامل نہیں ہیں۔

vi. مکان مالکان درخواست دہندگان کو تعمیل کی قابل اطلاق مدت کے دوران معاونت شدہ جائیداد کے لئے درکار انشورنس برقرار رکھنا ہوگی۔
vii. جبکہ آفت کی معاونت سے سیلاب کی انشورنس خریدنے کا تقاضا پیدا ہوتا ہے، معاونت شدہ مکان مالکان سیلاب کی انشورنس حاصل کرنے اور برقرار رکھنے کے تقاضے کی منتقلی کو، تحریری طور پر، مطلع کریں گے، اور جائیداد کی منتقلی کی شہادت دیتے ہوئے دستاویزات میں ایسی تحریری نوٹیفیکیشن کو برقرار رکھنے کے لئے، اور یہ کہ منتقلی کرنے والا مالک ذمہ دار ہوگا، اگر وہ ایسا کرنے میں ناکام رہیں۔
viii. ہر آپشن کے لئے اہلیت کا اضافی معیار گائیڈ لائنز میں شامل ہے۔ مکان مالک متعدد آپشنز کا اہل ہو سکتا ہے، اور کچھ حالات میں، مکان مالک آپشنز کو یکجا بھی کر سکتا ہے۔ آپشنز کے مجموعے میں خارج کر دینے والی اشیا اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ فائدے متصادم نہیں ہوں گے۔

f. انتخاب کا معیار: مندرجہ ذیل معیار، فیز کے اعتبار سے HCDD کی حکمتِ عملی کے لئے بنیاد کے طور پر کام کرے گا تاکہ HoAP کے ذریعے کم اور درمیانی آمدنی والے درخواست دہندگان کو ترجیح دی جائے اور ان کی خدمت کی جائے۔

i. 80 فی صد یا اس سے کم AMI پر بزرگ (62 سال یا اس سے زیادہ) یا معذور گھرانے
ii. بچوں کے ساتھ 80 فیصد یا اس سے کم AMI پر گھرانے
iii. 50 فیصد یا اس سے کم پر گھرانے
iv. 80 فیصد یا اس سے کم AMI پر گھرانے

باقی ماندہ فنڈنگ کو پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر فراہم کیا جائے گا۔ صرف ان افراد کو درخواست کے مندرجہ بالا مراحل کے علاوہ کسی طریقے سے پیشکش کی جائے گی جو لوٹانے والی رقم کے اہل ہوں گے اور اس میں شرکت کے لئے منتخب ہوں گے۔

g. ایوارڈ کا طریقۂ کار: سٹی مکان مالکان کے لئے بہترین آپشن کی نشاندہی میں معاونت کرے گی تاکہ ہر آپشن کے لئے ان کی اہلیت، ان کے گھر کی حالت، اور بحالی کی کاروائی میں وہ جہاں ہیں، کی بنیاد پر ان کی ضروریات کو پورا کیا جائے۔ ہر درخواست دہندہ کے لئے ہر آپشن کے لئے سٹی کے اس کی اہلیت کی تعیناتی کر لینے کے بعد، ایک کیس منیجر ایپلیکیشنز کے ساتھ کام کرے گا تاکہ، اگر متعدد آپشنز کی اہلیت پائی جاتی ہو، ان آپشنز کی وضاحت کرے جن میں سے انہیں انتخاب کرنا ہے۔

h. قومی مقاصد: LMI فائدہ؛ ہنگامی ضرورت۔

i. ٹائم فریم: پروگرام کی مجوزہ تاریخِ آغاز HUD کے اس ایکشن پلان کی ترمیم کی منظوری کے فورا بعد ہوگی۔ مجوزہ آخری تاریخ اگست 2024 ہے۔

2. واحد خاندان کا ترقیاتی پروگرام

طوفان ہاروے کے نتیجے میں ہیوسٹن سٹی کے ہاؤسنگ سٹاک کی تباہی میں سیلاب شدہ گھروں کی غیر تخمینہ شدہ تعداد شامل ہے۔ ان گھروں میں سے کئی تباہ ہوچکے ہیں یا رہائش کے قابل نہیں رہے ہیں۔ اس کی وجہ سے کئی رہائشی مجبور ہوئے کہ یا تو عارضی یا مستقل طور پر منتقل ہو جائیں۔ حتی کہ اس آفت سے قبل، کئی کمیونٹیز میں درمیانی تعمیر کی ضرورت کے لئے خالی جگہیں موجود تھیں۔ واحد خاندان کے گھروں کی نئی تعمیر سیلاب سے متاثرہ نواحی علاقے کو بحال کرنے میں مدد کرے گی اور نئے، خالی جگہ کی ترقی کی ضرورت میں نواحی علاقوں کو بہتر بنائے گی۔

واحد خاندان کی ترقی کا پروگرام گھروں کے خریداروں کے لئے نئے باکفایت واحد خاندان کے گھر فراہم کرے گا۔ HCDD گرانٹس فراہم کرنے اور ڈویلپرز کو منتخب کرنے کے لئے NOFAs جاری کرے گا۔ سٹی فنڈز استعمال کرسکتی ہے تاکہ نئی تعمیر کے لئے زمین خریدی جائےاور NOFA کے حصے کے طور پر سائٹ کے کنٹرول اور ترقی کے لئے ڈویلپرز کو زمین نامزد کی جا سکتی ہے۔ زمین کے کم از کم 51% کو LMI گھروں کے لئے استعمال کیا جائے گا۔

HCDD دوبارہ قبضے کی شرائط کو کسی کفالت کے ذریعے نافذ کرے گا اگر کسی مکان مالک نے تعمیل کی مدت کے دوران جائیداد میں ملکیتی مفاد منتقل کرے گا، ماسوائے مکان مالک کی وفات کی صورت میں جب کم آمدنی والا وارث، بقیہ استحقاق اور تعمیل کی مدت کا اندازہ کر سکتا ہے۔

خریدے گئے گھروں کی تعمیل اور استحقاق کی مدت 5 سال ہوگی۔
معاونت کو، استحقاق سے تحفظ بناتے ہوئے، صفر-سود والے قابلِ معافی قرضے کی شکل میں فراہم کیا جائے گا۔ فراہم کردہ قرضے کی معافی کو استحقاق کی مدت کے دورانیے پر تناسب شدہ کیا جائے گا۔ جائیداد پر کفالت کو پروگرام سے متعلقہ دستاویزات کی شرائط اور حالات کے ساتھ مکمل ہونے اور استحقاق کی مدت کے مکمل ہونے پر ختم کر دیا جائے گا۔ خواہ مالک مکان اپنی ملکیت کو فروخت کرے یا بصورتِ دیگر اپنی ملکیت کے مفاد کو استحقاق کی مدت کے دوران بیان کرے، تو معاونت کی بقیہ تناسب شدہ رقم پر دوبارہ قبضہ ہوجائے گا اور وہ فوری طور پر واجب الادا اور واجب ہو جائے گی۔

یہ پروگرام رہائشیوں کو موقع فراہم کرے گا کہ ان علاقوں سے نقل مکانی کر جائیں جو بار بار سیلاب کے خطرے کی زد میں ہیں۔ جن مکان مالکان کو لازمی مرمتیں یا تعمیر نو درکار ہیں یہ پروگرام ان کو فوری موقعہ دے گا کہ اس پروگرام کے ذریعے فروخت کے لئے پیش کئے گئے نئے مکان میں منتقل ہو جائیں۔ یہ پروگرام بحالی کے دوسرے پروگرامز کے ساتھ مل جل کر کام کرے گا تاکہ ان لوگوں کو رہائش کے آپشنز فراہم کئے جائیں جو طوفان ہاروے سے براہ راست طور پر متاثر ہوئے ہیں اور جو اس کے نتیجے میں دستیاب رہائش کی کمیابی کی وجہ سے بالواسطہ طور پر متاثر ہوئے ہیں۔

a. مختص کی گئی رقم: $3,589,439.37

b. زیادہ سے زیادہ انعام: فی ترقیاتی منصوبہ $40,000,000 تک۔

c. موزوں سرگرمی: حصول؛ نئے گھروں کی تعمیر کی معاونت؛ نئی ہاؤسنگ کی تعمیر کی اہلیت حاصل ہوگی جو 83 FR 5844 میں فراہم کردہ معلومات پر مبنی ہے جو نئے گھر کی تعمیر کی اجازت دیتی ہے اور 42 U.S.C. 5305(a) اور 24 CFR570.207(b)(3)؛ HCDA سیکشن 105 (a)(1)، 105(a)(2)، 105(a)(7-8)، 105(a)(4)، 105(a)(11)، اور 105(a)(14-15) کے تقاضوں سے دست بردار ہو جاتی ہے، جس میں غیر منافع بخش تنظیموں کے لئے حصول، نئی تعمیر، انہدام، پبلک سروسز، نقل مکانی، اور معاونت شامل ہے۔

d. غیر موزوں سرگرمی: جو املاک بنائی جائیں گی وہ سیلاب کے راستے میں یا سیلاب کے خطرے کے خصوصی علاقے میں نہ ہوں

e. اہل درخواست دہندگان:
   i. برائے پرافٹ ڈویلپرز/قرض داران
   ii. بلا پرافٹ ڈویلپرز/قرض داران

f. قومی مقصد: LMI بینیفٹ

g. انتخاب کا معیار:

ڈویلپر درخواست دہندہ:
پروجیکٹ ایک ایپلیکیشن یا NOFA/RFP عمل کے ذریعے سے منتخب کیا جائے گا۔ ایپلیکیشن یا NOFA/RFP واضح طور پر عمل اور قبولیت کی مدت، تھریشولڈ کرائٹیریا (بشمول قابلِ اطلاق تعمیراتی معیارات)، انتخابی کرائٹیریا، اور ایوارڈ کے عمل کا تعین کرے گی۔ ایسی املاک جو سٹی کی جانب سے خریدی گئی ہوں تاکہ ترقی کے لئے مخصوص کی جائیں، ڈویلپمینٹ کے ایک اختیار کا کردار ادا کریں گی۔ ہیوسٹن سٹی نئے ترقیاتی کاموں کے لئے املاک یا زمین حاصل کرسکتی ہے اور زمین کو جگہ کے کنٹرول اور ترقی کے لئے ڈویلپرز کے لئے مختص کرسکتی ہے۔ ڈویلپرز اپنی ڈویلپمینٹ کے لئے املاک اور مجوزہ اراضیاں فراہم کر سکتے ہیں

مستفیدین
اس پروگرام کے مستفیدین LMI گھرانے ہوں گے۔ درخواست دہندگان کا تجزیہ پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ اضافی معیار کو گائیڈ لائنز میں فہرست شدہ کیا جائے گا۔

ٹائم فریم: پروگرام کی مجوزہ تاریخِ آغاز HUD کے اس ایکشن پلان کی ترمیم کی منظوری کے فورا بعد ہوگی۔ پروگرام اگست 2023 میں اختتام پذیر ہوگیا۔

3. متعدد خاندان کا کرائے داری پروگرام

یہ پروگرام ہیوسٹن کی کرائے کی باکفایت رہائشوں کے سٹاک پر طوفان ہاروے کے براہ راست اور بالواسطہ اثرات کا سدباب کرے گا۔ ہیوسٹن میں کرائے داروں کی ضروریات پوری کرنے کے لئے دستیاب کرائے کے ارزاں رہائشی یونٹس کی کمیابی میں طوفان ہاروے نے شدت پیدا کی تھی۔ متعدد خاندان والے کرائے کے نئے گھروں کی تشکیل، موجودہ قابلِ استطاعت کرائے کی ہاؤسنگ کی تجدید و بقا، سیلاب سے تباہ شدہ متعدد خاندان والے کرائے کے گھروں کا حصول اور/یا بحالی، اور متعدد خاندان والوں کی ترقی کے لئے زمین کے حکمتِ عملی سے حصول کا

مقصد اس کمیابی کو پورا کرنا اور آفت سے متاثرہ کرائے کے گھرانوں، جن میں عوامی رہائش میں رہنے والے بھی شامل ہیں، ان کی ضروریات پورا کرنا ہے۔ یہ پروگرام ایسی رہائش بھی فراہم کرے گا جو خصوصی آبادیوں کی ضروریات پوری کرنے کے لئے تشکیل دی گئی ہیں۔

a. مختص کی گئی رقم: $370,855,752.00

b. زیادہ سے زیادہ ایوارڈ: $ 40,000,000 فی ڈویلپمنٹ

c. موزوں درخواست دہندگان: انفرادی طور پر کام کرنے والے یا LP یا LLC میں شرکا کے طور پر:
   i. منافع- کے لئے ڈویلپرز/ ادھار لینے والے
   ii. پبلک ہاؤسنگ اتھارٹیز اور ہاؤسنگ فنانس ایجنسیز – HHA، HCHA، اور HHFC
   iii. بلا منافع- والے ڈویلپرز/ ادھار لینے والے
   iv. عمومی مقامی حکومتوں کے یونٹس

d. موزوں سرگرمی: بحالی، تعمیرِ نو، نئی تعمیر، اور حصول- HCDA سیکشن 105 -7)105(a)، 105(a)(3-4)، 105(a)(1)، 8)، (11)105(a)، اور (15-14)105(a)- 83 FR 5844 کے تحت ایک موزوں دستبرداری ہاؤسنگ کی نئی تعمیر کی اجازت دیتی ہے۔

e. موزونیت کا معیار:
   i. پروجیکٹ کو CDBG-DR کی موزونیت کے تقاضے پورے کرنے چاہیئں
   ii. ترقیاتی کام کو ہیوسٹن سٹی کی حدود کے اندر واقع ہونا چاہیے، ماسوائے مخصوص حالات میں جہاں سٹی اور کاؤنٹی ان پروجیکٹس میں شرکا ہوں جو رہائش فراہم کر رہے ہوں
   iii. کم از کم، نو بحالی شدہ یا بنائے گئے یونٹس کے 51 فیصد کو AMFI کے 80 فیصد یا کم کمانے والے LMI گھرانوں کے لئے ارزاں کرایوں پر کفالت کی ایک مدت کے تحت محفوظ رکھا جائے گا۔ جیسا کہ سٹی اور GLO کی جانب سے کیس در کیس کی بنیاد پر مجاز ہے، کہ پروجیکٹس کے لئے مجاز ہوسکتا ہے کہ وہ AMFI کے 80 فیصد یا کم کمانے والے LMI گھرانوں کے لئے ارزاں نرخوں پر یونٹس کی ایک تعداد کو محفوظ رکھیں جو کل موزوں لاگت کی شرح فیصد کے برابر ہو جن کی ادائیگی CDBG-DR فنڈز کی جانب سے کی جا سکتی ہو (یعنی کہ یونٹس کے تناسب کا حصہ)۔ بحالی نو کے لئے، کفالت کی مدت کم از کم 15 سال ہوگی؛ اور تعمیر نو یا نئی تعمیر کے لئے، کفالت کی مدت کم از کم 20 سال ہوگی۔
   iv. کفالت کی مدت اور ارزاں کرایوں کو کم-آمدنی والے ہاؤسنگ کریڈٹ کرایوں کی حدود، 26 U.S. Code § 42 (a)(2)(g)، اور دیگر موجودہ زمین کے استعمال کی پابندی کے معاہدے کی پابندیوں کو، جیسے لاگو ہوا، طے کیا جائے گا۔ ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹ (HTC) کے کرایوں کی حدود کو استعمال کیا جائے گا تاکہ ہدف شدہ AMFI لیولز کے لئے کرایوں کی نشاندہی کی جائے جو مقامی ضرورت کے جائزے کے ساتھ ہم آہنگ ہوں۔
   v. جیسا کہ 24 CFR 5.100 کی جانب سے نشاندہی کی گئی ہے، کوئی بھی لازمی بحالی نو، یا کرائے کے چار یونٹس سے زیادہ والی کسی عمارت کی نئی تعمیر میں براڈ بینڈ انفرا سٹرکچر کی انسٹالیشن، حسب طلب شامل ہوگی۔
   vi. آٹھ (8) یا زیادہ یونٹس والے پروجیکٹس اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ تعمیراتی اخراجات معقول ہوں اور تعمیر کے وقت اور جگہ پر مارکیٹ کی قیمت کے ساتھ ہم آہنگ ہوں؛
   vii. آفت میں ایسی معاونت وصول کرنے والے املاک مالکان جس سے سیلاب کی انشورنس خریدنے کا تقاضا پیدا ہوتا ہے، ان پر سیلاب کی انشورنس حاصل کرنے اور برقرار رکھنے کے تقاضے کی منتقلی کو، تحریری طور پر، مطلع کرنے کی قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے اور جائیداد کی منتقلی کی شہادت دیتے ہوئے دستاویزات میں ایسی تحریری نوٹیفیکیشن کو برقرار رکھنے کے لئے اور منتقلی کرنے والا مالک ذمہ دار ہوگا اگر وہ ایسا کرنے میں ناکام رہیں۔

viii. سیلاب کی انشورنس کے قومی ریفارم ایکٹ 1994 (National Flood Insurance Reform Act) کا سیکشن 582، جیسا کہ ترمیم شدہ ہے،(42 U.S.C. 5154a) مخصوص حالات میں سیلاب کی آفت کی معاونت کی ممانعت کرتا ہے۔ عمومی طور پر، یہ واضح کرتا ہے کہ سیلاب کی آفت سے متاثرہ کسی علاقے میں آفت سے بحالی کی کوئی وفاقی معاونت کسی شخص کے لئے (قرضے کی معاونت کی کسی ادائیگی سمیت) "مرمت، تبدیلی، یا بحالی" کے لئے نہیں کی جائے گی جو کسی ذاتی رہائش، یا کمرشل املاک کو پہنچنے والے نقصان کے لئے ہو اگر اس شخص نے کسی بھی وقت سیلاب کی آفت کی فیڈرل معاونت حاصل کی ہو جسے کسی ایسے شخص کو پیش کیا ہو جس نے قابلِ اطلاق فیڈرل قانون کے تحت سیلاب کی انشورنس حاصل کی ہو اور ایسی جائیداد پر فیڈرل قانون کے تحت تقاضے کے مطابق سیلاب کی انشورنس برقرار رکھی ہو۔ کسی جائیداد کی مرمت، تبدیلی، یا بحالی کے لئے آفت کی کوئی معاونت ایسے شخص کو فراہم نہیں کی جائے گی جو ان تقاضوں کو پورا کرنے میں ناکام ہو گیا ہو۔

f. انتخاب کا معیار: انتخاب کے معیار میں مندرجہ ذیل غالبا شامل ہو سکتے ہیں، لیکن اس تک محدود نہیں ہیں:
   i. گھروں کی اقسام
   ii. تنظیمی تجربہ
   iii. پروجیکٹ کے موقعے کی معلومات
   iv. نواحی علاقہ، ترقی، اور سائٹ کی سہولتیں
   v. اقتصادی تجزیہ

مخصوص آبادیوں کو رہائش فراہم کرنے والی ایپلیکیشنز یا تجاویز میں، شامل ہیں لیکن محدود نہیں ہیں، مستقل معاونتی رہائش، سیکشن 811، سابقہ بے گھر افراد، یا انتہائی کم-آمدنی والے گھرانوں، کو ترجیح دی جائے گی۔

g. قومی مقصد: LMI بینیفٹ

h. املاک کی اقسام: مشترکہ ملکیت کے تحت آٹھ یا زیادہ کرائے کے یونٹس کی متعدد خاندان کی کرائے کی رہائش۔

i. پروجیکٹ کا انتخاب: پروجیکٹس کو ایپلیکیشن یا NOFA/RFP کاروائی کے ذریعے منتخب کیا جائے گا۔ ایپلیکیشن یا NOFA/RFP واضح طور پر کاروائی اور قبولیت کی مدت، آغاز کا معیار (بشمول قابل اطلاق بلڈنگ کوڈز)، انتخاب کا معیار، اور ایوارڈ کی کاروائی طے کریں گے۔ منتخب پروجیکٹس کو معاہدے کی مؤثر تاریخ کے 18 مہینوں کے اندر مکمل ہونا چاہیے، ماسوائے کہ ہیوسٹن کی جانب سے توسیع کی جائے۔ پروجیکٹ کے اضافی انتخاب کا معیار اور کاروائی کی معلومات کو پروگرام کی گائیڈ لائنز میں طے کیا جائے گا۔ ذیلی وصول کنندہ اس پروگرام کو انجام دینے میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پبلک ہاؤسنگ کی نامکمل ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے، ہیوسٹن ہاؤسنگ اتھارٹی کے لئے ایک ایپلیکیشن کی کاروائی موجود ہوگی۔ اس کاروائی کو ذیلی وصول کنندہ کی رضامندی کے بارے میں مزید معلومات کے ساتھ متعدد خاندان کی گائیڈ لائنز میں پیش کیا جائے گا۔

j. ٹائم فریم: پروگرام کی مجوزہ تاریخِ آغاز HUD کے اس ایکشن پلان کی ترمیم کی منظوری کے فورا بعد ہوگی۔ مجوزہ آخری تاریخ فروری 2025 ہے۔

4. چھوٹا کرائے داری پروگرام

چھوٹے کرائے داری کا پروگرام کا مقصد یہ ہے کہ نئے کم کرائے کی جگہ پُر کرنے والی املاک کی تشکیل کے ذریعے، نئی تعمیر اور کم کرائے کی املاک (2 – 7 یونٹس) کی تعمیر نو کو مالی امداد دیتے ہوئے کرائے کے ارزاں ہاؤسنگ سٹاک دوبارہ بنائے جائیں اور اس لئے کہ نیا ہاؤسنگ سٹاک بنایا جائے، تاکہ ہیوسٹن میں اس قسم کی کرائے کی ہاؤسنگ کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کیا جائے۔ یہ پروگرام قابلِ معافی قرضوں کے ذریعے، غیر-منافع بخش اداروں کو مالی معاونت فراہم کرتا ہے جنہیں مقامی کمیونٹیز کی ترقی اور ارزاں ہاؤسنگ سٹاک اور ڈویلپرز کے لئے قائم کیا گیا ہے جو کم اور درمیانی- آمدنی والی مارکیٹ میں کام کرتے ہیں۔ یہ پروگرام کرائے کے ارزاں ہاؤسنگ آپشنز کی توسیع میں معاونت کرے گا، جبکہ زمین داروں کی معاونت کرتے ہوئے اور رہائش کی بحالی اور تعمیراتی سیکٹر میں روزگار پیدا کرتے ہوئے اقتصادی افزائش کو پروان چڑھائے گا۔

یہ پروگرام کرائے کے ارزاں ہاؤسنگ آپشنز کی توسیع میں معاونت کرے گا، جبکہ ڈویلپرز کی معاونت کرتے ہوئے اور تعمیراتی سیکٹر میں روزگار پیدا کرتے ہوئے اقتصادی افزائش کو پروان چڑھائے گا۔ پروگرام چھوٹے اور درمیانے سائز کے غیر-منافع بخش ہاؤسنگ ڈویلپرز کی مالی اور ترقیاتی صلاحیت پیدا کرنے کا موقع بھی فراہم کرے گا۔ ہیوسٹن کے علاقے کے غیر-منافع بخش طوفان کے بعد رہائشیوں کے تقاضے پورا کرنے سے قاصر تھے۔ یہ پروگرام ارزاں گھر تعمیر کرنے میں مالی معاونت فراہم کرے گا جہاں غیر-منافع بخشوں کو مستقبل کی آفات کے تقاضے پورا کرنے میں مدد کے لئے ترقیاتی تجربہ درکار ہوگا۔

پروگرام میں مندرجہ ذیل کے لئے پراپرٹی مالکان کے لئے معاونت شامل ہو سکتی ہے جو موزوں CDBG سرگرمیوں کو پورا کریں گے:

1. نئی تعمیر اور کم کرائے کی املاک کی تعمیر نو
2. خصوصی آبادیوں کے لئے رہائش
3. استحکام کے اقدامات

املاک کے مالکان کے لئے ایوارڈز کی بنیاد متعدد عوامل پر ہوگی جس میں یونٹس کی تعداد، جائیداد کا سائز، اور تعمیر کی مجموعی ضرورت، اس کے ساتھ انشورنس اور دیگر ذرائع کی جانب سے وصول کئے گئے فوائد شامل ہو سکتے ہیں۔ ترجیح دینے کے معیار میں کفالت کی مدتوں کی طوالت، سبز عمارتیں اور/ یا انرجی سٹار ریٹ شدہ یونٹس، حدِ نگاہ، امریکن معذوریوں کا ایکٹ/ سیکشن 504 (American Disabilities Act/Section)، تخفیف کے اقدامات، اور دیگر کی بنیاد پر پروجیکٹس کی ترجیح شامل ہو سکتی ہے۔ پروگرام کی گائیڈ لائنز ایوارڈ کے عوامل، انتخاب کے معیار، ایوارڈ کے حصول/ تفویض کے طریقوں، تعمیراتی معیارات، کوالٹی کی تصدیق/ کوالٹی کنٹرول کے فنکشنز، اپیلوں اور شکایات کی کاروائیوں، LMI کے زیر قبضہ ہونے کے تقاضوں، زمین کے استعمال کی پابندیوں، پروگرام کی تعمیل، اور نگرانی، اور پروگرام کے دیگر اجزا کی تفصیل بیان کریں گی۔

a. مختص کی گئی رقم: $11,355,268.88

b. زیادہ سے زیادہ ایوارڈ: 3,500,000 $ فی ڈویلپمنٹ

c. موزوں درخواست دہندگان: انفرادی طور پر کام کرنے والے املاک کے مالکان یا LP یا LLC میں شرکا کے طور پر:
   i. منافع- کے لئے ڈویلپرز/ ادھار لینے والے
   ii. پبلک ہاؤسنگ اتھارٹیز
   iii. مقامی حکومتوں کے یونٹس

iv. بلا منافع- والے ڈویلپرز/ ادھار لینے والے

d. موزوں سرگرمی: بحالی، تعمیر نو، نئی تعمیر، اور حصول HCDA سیکشن 105 -7)105(a)، 105(a)(3-4)، 105(a)(1)، (a)(8)، 105(a)(11)، اور 105(a)(14-15)- 83 FR 5844 کے تحت ایک موزوں دستبرداری ہاؤسنگ کی نئی تعمیر کی اجازت دیتی ہے۔

e. موزونیت کا معیار:

جائیداد کے مالکان درخواست دہندگان کے لئے لازمی ہے کہ:

i. اس بات کا ثبوت فراہم کریں کہ:
   1. پراپرٹی کے ٹیکس حالیہ ہیں،
   2. ان کے پاس ادائیگی کا ایک منظور شدہ پلان ہے، یا
   3. پراپرٹی ٹیکس کی ایک منظور شدہ استثنا برمحل ہے
ii. فائدے کے تقاضوں کو دوگنا کرنے کے مطابق طوفان ہاروے سے متعلقہ مستقبل کی کسی ایوارڈز کی محدود منتقلی پر رضامند ہونا چاہیے
iii. کفالت کی مدت اور کفالت کے تقاضوں پر رضامند

جائیداد کو لازمی طور پر ایسا ہونا چاہیے:

i. سیلابی راستے میں واقع نہ ہو
ii. ماحولیاتی طور پر صاف ہو

ڈویلپمنٹ:

i. CDBG-DR کی موزونیت کے تقاضے پورے کرنے چاہیئں
ii. اس کام کو ہیوسٹن سٹی کی حدود کے اندر واقع ہونا چاہیے، ماسوائے مخصوص حالات میں جہاں سٹی اور کاؤنٹی ان پروجیکٹس میں شرکا ہوں جو رہائش فراہم کر رہے ہوں
iii. کم از کم، نو بحالی شدہ یا بنائے گئے ملحقہ یونٹس کے 51 فیصد کوAMFI کے 80 فیصد یا کم کمانے والے LMI گھرانوں کے لئے ارزاں کرایوں پر کفالت کی ایک مدت کے لئے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔
iv. قابلِ استطاعت ہونے کی پابندیاں
   1. ڈویلپمنٹس کے پاس قابل استطاعت ہونے کی کم از کم مدت اور 20 سالوں کی قرضے کی مدت ہوگی۔
v. جیسا کہ 24 CFR 5.100 کی جانب سے نشاندہی کی گئی ہے، کوئی بھی لازمی بحالی نو، یا کرائے کے چار یونٹس سے زیادہ والی کسی عمارت کی نئی تعمیر میں براڈ بینڈ انفرا سٹرکچر کی انسٹالیشن، حسب طلب شامل ہوگی۔ ترقیاتی کاموں میں ایک سے زیادہ جائیداد شامل ہوسکتی ہے، جیسا کہ بکھری ہوئی کرائے کی سائٹ کا ترقیاتی کام۔
vi. آفت میں ایسی معاونت وصول کرنے والے املاک مالکان جس سے سیلاب کی انشورنس خریدنے کا تقاضا پیدا ہوتا ہے، ان پر سیلاب کی انشورنس حاصل کرنے اور برقرار رکھنے کے تقاضے کی منتقلی کو، تحریری طور پر، مطلع کرنے کی قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے اور جائیداد کی منتقلی کی شہادت دیتے ہوئے دستاویزات میں ایسی تحریری نوٹیفیکیشن کو برقرار رکھنے کے لئے اور منتقلی کرنے والا مالک ذمہ دار ہوگا اگر وہ ایسا کرنے میں ناکام رہیں۔
vii. سیلاب کی انشورنس کے قومی ریفارم ایکٹ 1994 (National Flood Insurance Reform Act) کا سیکشن 582، جیسا کہ ترمیم شدہ ہے، (42 U.S.C. 5154a) مخصوص حالات میں سیلاب کی آفت کی معاونت کی ممانعت کرتا ہے۔ عمومی طور پر، یہ واضح کرتا ہے کہ سیلاب کی آفت سے متاثرہ کسی علاقے میں آفت سے بحالی کی کوئی وفاقی معاونت کسی شخص کے لئے (قرضے کی معاونت کی کسی ادائیگی سمیت) "مرمت، تبدیلی، یا بحالی" کے لئے دستیاب نہیں کی جائے گی جو کسی ذاتی رہائش، یا کمرشل املاک کو پہنچنے

والے نقصان کے لئے ہو اگر اس شخص نے کسی بھی وقت سیلاب کی آفت کی فیڈرل معاونت حاصل کی ہو جسے کسی ایسے شخص کو پیش کیا ہو جس نے قابلِ اطلاق فیڈرل قانون کے تحت سیلاب کی انشورنس حاصل کی ہو اور ایسی جائیداد پر فیڈرل قانون کے تحت تقاضے کے مطابق سیلاب کی انشورنس برقرار رکھی ہو۔ کسی جائیداد کی مرمت، تبدیلی، یا بحالی کے لئے آفت کی کوئی معاونت ایسے شخص کو فراہم نہیں کی جائے گی جو ان تقاضوں کو پورا کرنے میں ناکام ہو گیا ہو۔

viii. ترقیاتی کاموں اور بحالی نو پرڈھانچہ اٹھانے کے قابل اطلاق تقاضے لاگو ہوں گے۔

f. قومی مقصد: LMI بینیفٹ

g. جائیدادوں کی اقسام: مشترکہ ملکیت کے تحت دو سے سات کرائے کے یونٹس کی کم کرائے کی املاک۔

h. پروجیکٹ کا انتخاب: پروجیکٹس کو ایپلیکیشن یا NOFA/RFP کاروائی کے ذریعے منتخب کیا جائے گا۔ ایپلیکیشن یا NOFA/RFP واضح طور پر کاروائی اور قبولیت کی مدت، آغاز کا معیار (بشمول قابل اطلاق بلڈنگ کوڈز)، انتخاب کا معیار، اور ایوارڈ کی کاروائی طے کریں گے۔ منتخب پروجیکٹس کو معاہدے کی مؤثر تاریخ کے 18 مہینوں کے اندر مکمل ہونا چاہیے، ماسوائے کہ GLO کی جانب سے توسیع کی جائے۔ پروجیکٹ کے انتخاب کا معیار اور کاروائی کی معلومات کو پروگرام کی گائیڈ لائنز میں طے کیا جائے گا۔ انتخاب کے معیار میں مندرجہ ذیل غالبا شامل ہو سکتے ہیں، لیکن اس تک محدود نہیں ہیں:

i. گھروں کی اقسام
ii. تنظیمی تجربہ
iii. پروجیکٹ کے موقعے کی معلومات
iv. اقتصادی تجزیہ

مخصوص آبادیوں کو رہائش فراہم کرنے والی ایپلیکیشنز یا تجاویز میں، شامل ہیں لیکن محدود نہیں ہیں، مستقل معاونتی رہائش، سیکشن 811، سابقہ بے گھر افراد، یا انتہائی کم-آمدنی والے گھرانوں، کو ترجیح دی جائے گی۔

i. ٹائم فریم: پروگرام کی مجوزہ تاریخ آغاز HUD کے اس ایکشن پلان کی ترمیم کی منظوری کے فورا بعد ہوگی۔ پروگرام شروع ہونے کی تاریخ سے فروری 2025 بعد مجوزہ آخری تاریخ ہوگی۔

5. گھر کے خریدار کی معاونت کا پروگرام

گھر کے خریدار کی معاونت کا پروگرام خریداروں کو بیعانے کے لئے فنڈز، آخری قیمت، نقد خریداری، اور دیگر براہ راست مالی معاونت فراہم کرے گا تاکہ گھر کی خریداری کی مالی فراہمی کی جائے۔ یہ پروگرام رہائشیوں کے لئے گھر کی ملکیت کی استطاعت بڑھانے میں مدد کرے گا۔ گھر کے خریداروں کی معاونت کا پروگرام ان گھرانوں کو ترجیح دے گا جو طوفان ہاروے سے متاثر ہوئے ہیں تاکہ LMI گھرانوں کو طوفان ہاروے سے اپنے گھروں کے تباہ ہوجانے کے بعد نئے گھروں میں منتقلی میں سہولت دی جائے۔ پروگرام کے دو راؤنڈز ہیں۔ پہلا راؤنڈ مارچ 2025 میں اختتام پذیر ہو گیا، دوسرا راؤنڈ HUD کی ایکشن پلان کی ترمیم 18 کی منظوری کے بعد شروع ہو گا۔

گھر کے خریداروں کی معاونت کا پروگرام AMI کے 120 فیصد تک کمانے والے موزوں گھرانوں کو بیعانے کی ادائیگی اور آخری قیمت میں معاونت فراہم کر سکتا ہے۔ 570.201(n) کے تحت گھر کی ملکیت کی براہ راست معاونت سٹی کے لئے ممکن بناتی ہے کہ قرضہ دینے والے کی جانب سے مطلوبہ بیعانے کی ادائیگی کی رقم کا 100

فیصد تک ادا کرے۔ سٹی گھر کے خریداروں کی براہ راست معاونت کی دیگر اقسام کو بھی بروئے کار لا سکتی ہے جیسا کہ سود کی شرح کو کم کرنا اور مورگیج کی اصل رقوم، جس میں موزوں گھرانے سے درکار سود کی مؤثر شرح کو کم کرنے کے گرانٹس دینا شامل ہے تاکہ مارگیج کی ادائیگی کی قابلِ استطاعت سطح حاصل کی جائے۔ بنیادی طور پر، سٹی قابلِ معافی قرضوں کی شکل میں براہ راست مالی معاونت فراہم کرے گی۔ خریدے گئے گھروں کے لئے کفالت کی مدت میں کم از کم پانچ (5) سال ہوں گے۔ جائیداد پر کفالت کو پروگرام سے متعلقہ دستاویزات کی شرائط اور حالات کے ساتھ مکمل ہونے اور استحقاق کی مدت کے مکمل ہونے پر ختم کر دیا جائے گا۔ خواہ مالک مکان اپنی ملکیت کو فروخت کرے یا بصورتِ دیگر اپنی ملکیت کے مفاد کو کفالت کے مدت کے دوران منتقل کرے تو معاونت کی بقیہ تناسب شدہ رقم فوری طور پر واجب الادا اور واجب ہو جائے گی۔

a. مختص کی گئی رقم: $36,046,498.95
   i. راؤنڈ ایک: $16,246,498.95
   ii. راؤنڈ دو: $19,800,000.00

b. زیادہ سے زیادہ ایوارڈ:
   i. راؤنڈ ایک: $30,000 فی یونٹ
   ii. راؤنڈ دو: $125,000 فی یونٹ

c. موزوں سرگرمی: یہ سرگرمی CDBG-DR فنڈز کے لئے موزوں ہے جیسا کہ 24 CFR 570.201(n) اور HCDA سیکشن 105(a)(24) میں فہرست شدہ ہے؛ 83 FR 5844 کے تحت ایک موزوں دستبرداری 120 فیصد AMI تک آمدنی والے گھرانوں کے لئے مکان مالک کی معاونت اور بیعانے کے 100 فی صد تک بیعانے کی معاونت کی اجازت دیتی ہے۔

d. موزوں درخواست دہندگان: اس پروگرام کے ذریعے معاونت کے لئے درخواست دہندگان کی موزونیت طے کرنے کے لئے معیار حسبِ ذیل ہے۔ درخواست دہندہ کو لازمی طور پر یہ کرنا چاہیے:
   i. آمدنی کی موزونیت کے تقاضوں کو پورا کرنا چاہیے (AMI کا 120 فیصد تک ہو)
   ii. کفالت کی مدت اور/یا کفالت کے تقاضوں پر رضامند

e. درخواست دہندہ کا انتخاب: موزوں درخواست دہندہ AMI کا 120 فیصد یا اس سے کم کمانے والے گھرانے ہوں گے۔ وہ درخواست دہندگان جو طوفان ہاروے سے متاثر ہو چکے ہیں انہیں ترجیح دی جائے گی اور باقی ماندہ کو پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر ترجیح دی جائے گی۔

f. قومی مقصد: LMI فائدہ؛ ہنگامی ضرورت

g. ٹائم فریم: پروگرام کی مجوزہ تاریخ آغاز HUD کے اس ایکشن پلان کی ترمیم کی منظوری کے فورا بعد ہوگی۔ مجوزہ آخری تاریخ اگست 2024 ہے۔ راؤنڈ ایک کی اختتامی تاریخ مارچ 2025 تھی۔ راؤنڈ دو کی تاریخِ آغاز ستمبر 2022 تھی، اور مرحلہ دو کی مجوزہ اختتامی تاریخ فروری 2027 ہے۔

6. خریداری پروگرام

2015 سے کئی گھروں میں بار بار سیلاب آچکا ہے، جس سے کچھ رہائشیوں کے لئے ایک مزید مستقل حل کی ضرورت نمایاں ہوتی ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے، سٹی ہا کوئی ذیلی وصول کنندہ بعد-از-طوفان منصفانہ مارکیٹ کی قیمت پر رہائشی ڈھانچے خریدے گا جو سیلاب کا شکار ہو چکے ہیں اور انہیں ڈھا کر پارک کے علاقے، کھلی جگہیں، یا حراستی علاقے بنائے گا۔ اس رضاکارانہ پروگرام کا مقصد یہ ہے کہ رہائشیوں کی علاقوں سے

باہر جانے میں معاونت کی جائے جو متعد بار سیلابوں سے متاثر ہو چکے ہیں یا مستقبل کی آفات سے سیلاب آنے کے شدید خطرے کی زد میں ہیں۔ اس کا مقصد مستقبل کی تباہیوں کے اثرات کو کم کرنا بھی ہے، جبکہ اس بحالی کی ہدف شدہ کوششوں کی حوصلہ افزائی کی جائے اور کھلی جگہیں پیدا کی جائیں۔

اس پروگرام پر عمل درآمد کروانے کے لئے، HCDD دیگر شہری محکمہ جات یا شاید ذیلی وصول کنندگان کے ساتھ کام کر سکتا ہے جیسا کہ HCFCD۔ اگر ذیلی وصول کنندہ منتخب ہوجائے، تو سٹی ذیلی وصول کنندگان کے ساتھ کام کرے گا تاکہ خریداری کے پروجیکٹ کی لوکیشنز کو منتخب کیا جائے۔ اس پروگرام کے تحت خریداریاں سٹی یا کاؤنٹی کی مزید بڑی خریداریوں کا حصہ ہو سکتے ہیں، جو جائیداد کے لئے طویل مدتی منصوبے کے مطابق ہو تاکہ مستقبل میں کھلی جگہ یا حراستی جگہ بن جائے، تاکہ ہاؤسنگ مارکیٹ میں سے برقرار رکھی جانے والی جائیداد کو ہٹانے سے بچا جائے۔ اس میں متاثرہ متعدد خاندان کی رہائش کی خریداری شامل ہوگی۔ خریداری کی جائیداد کو، خریداری کے لئے قابل اطلاق کے طور پر، مستقل سرسبز جگہ کے طور ہر برقرار رکھا جائے گا۔

a. مختص کی گئی رقم: $87,261,070.67

b. زیادہ سے زیادہ معاونت: پروگرام کا مقصد یہ ہے کہ طوفان کے بعد کی قیمت پر رہائشی ڈھانچے کو خریدا جائے؛ چنانچہ، فروخت کنندگان کو CDBG-DR کی معاونت سے فائدہ اٹھانے والے وصول کنندگان تصور نہیں کیا جائے گا۔

c. موزوں سرگرمیاں: یہ سرگرمی فنڈز کے لئے موزوں ہے جیسا کہ HCDA سیکشن 105(a)(1)، 24 CFR 570.201(g) 105(a)(24-25)، 105(a)(7-9)، 105(a)(4)؛ اور 83 FR 5844 میں فہرست شدہ ہے، جس میں یہ شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں:
   i. خریداریاں
   ii. تحصیلات
   iii. انتقالِ جائیداد
   iv. انہدام کرنا
   v. منتقلی کی معاونت
   vi. پبلک سروس
   vii. غیر وفاقی حصے کی ادائیگی

   83 FR 5844 کے تحت ایک موزوں دستبرداری، ادلے بدلے کی متبادل ہاؤسنگ، نقل مکانی، اور حقیقی پراپرٹی کے حصول کے تقاضوں کے لئے دیگر تقاضوں کی اجازت دیتی ہے۔

d. غیر موزوں سرگرمیاں:
   i. جبری مورٹگیج ادائیگی؛
   ii. ان خاندانوں کو معاوضے کی ادائیگی کو آفت سے متاثرہ سیلابی علاقوں میں منتقل ہوئے ہیں؛
   iii. ایسی املاک جو آفت کے وقت پر، یا آفت کے بعد ثانوی گھروں کے طور پر کام آئیں، وہ بحالی کی معاونت یا گھروں کے معاوضے کے لئے اہل نہیں ہوں گے؛
   iv. کسی ایسے شخص کی املاک پر مرمت، تبدیلی، یا بحالی کے لئے معاونت جو قومی انشورنس ریفارم ایکٹ برائے 1994، حسبِ ترمیم، (42 U.S.C. 5154a) کے سیکشن 582 کو پورا کرنے میں ناکام رہا ہو، جو بیان کرتا ہے کہ سیلاب کے آفت زدہ کسی علاقے میں دستیاب بنائی گئی آفت سے وفاقی بحالی معاونت کو کسی ذاتی، رہائشی، یا کمرشل املاک کے (قرض کی معاونت کی ادائیگی سمیت) نقصان کی "مرمت۔ تبدیلی، یا بحالی" کی ادائیگی کے لئے استعمال نہیں کرنا چاہیے اگر اس شخص کو کسی وقت سیلاب کی آفت کی وفاقی معاونت وصول ہوئی ہو جو اس شرط پر ہو کہ اس شخص نے پہلے قابل اطلاق وفاقی قوانین کے تحت سیلاب کی انشورنس حاصل کی ہو اور وہ شخص بعد

ازاں ایسی املاک پر قابل اطلاق وفاقی قانون کے تحت حسب طلب سیلاب کی انشورنس حاصل اور برقرار رکھنے میں ناکام رہا ہو۔

e. معاونت کے لئے اہلیت کا معیار:

کثیر الخاندانی رہائشی ڈھانچے ہوں
i. کرائے کی جائیداد ہو
1. طوفان کے وقت کرائے دار کے زیرِ قبضہ ہو
2. طوفان ہاروے سے نقصان اٹھا چکی ہو
3. ماحولیاتی طور پر صاف ہو گئی ہو
4. DRRA یا سیلابی میدان میں واقع ہو

کرائے کی جائیداد کے مالک
i. کرائے کی جائیداد کے مالکان کو ثبوت فراہم کرنا چاہیے کہ جائیداد کے ٹیکسز حالیہ ہیں، یہ ادائیگی کے منظور شدہ پلان کے تحت ہیں، یا موجودہ قوانین کے تحت انہیں استثنا حاصل ہے۔

f. پروگرام کی گائیڈ لائنز درخواست دہندہ یا پروجیکٹ کی موزونیت کے تقاضوں، درخواست کی کاروائی، URA کے ضوابط کے ساتھ مطابقت، اور دیگر معلومات کی تفصیل بیان کریں گی۔

g. قومی مقصد: LMI فائدہ

h. ٹائم فریم: پروگرام کی مجوزہ تاریخِ آغاز HUD کے اس ایکشن پلان کی ترمیم کی منظوری کے فورا بعد ہوگی۔ مجوزہ آخری تاریخ 30 اپریل 2026 ہے۔

7.پبلک سروسز

ہیوسٹن کے رہائشی طوفان ہاروے سے متعدد طریقوں سے متاثر ہوئے ہیں۔ موجودہ جائیدایں تباہ ہوئیں، گھر میں سیلاب آگئے، اور ذاتی اشیا گم ہو گئیں۔ اس نقصان کے دیرینہ اثرات نے رہائشی کی جسمانی اور ذہنی صحت کو متاثر کیا ہے۔ مزید یہ کہ، زدپذیر آبادیاں اکثر آفت کے اثرات سے بحال ہونے کی نسبتا کم صلاحیت رکھتی ہیں، جو کہ ان کی ملازمت کے مستقبل اور ہاؤسنگ کے اختیارات کو براہ راست انداز میں متاثر کر سکتے ہیں۔

پیش کردہ پبلک سروسز، ہیوسٹن کے شہریوں کے لئے بحالی تک جامع رسائی فراہم کریں گی۔ یہ سروسز رہائش تلاش کرنے میں، رہائش کے مسائل کو حل کرنے میں، یا مستقبل کی آفات میں مزید مستحکم رہنے میں رہائشیوں کی مدد کریں گی، خواہ یہ قدرتی، اقتصادی، یا ذاتی ہوں، جس کے نتیجے میں ایک مزید مضبوط زیادہ تیار کمیونٹی وجود میں آئے گی۔ رابطے کی متنوع حکمتِ عملیوں، معذوریوں کے شکار افراد کی خدمت کرنے والی تنظیموں کے ساتھ شراکت کے ذریعے، اور حسبِ ضرورت، گنجائش نکالتے ہوئے، سروسز کو وسیع اقسام کی معذوریوں کے شکار افراد کے لئے قابلِ رسائی بنایا جائے گا۔

سروسز میں، رہائش کی کونسلنگ، قانونی معاونت، نقل و حمل کی خدمات، گھر کی منصفانہ خدمات، صحت کی/ ذہنی صحت کی خدمات، روزگار کی تربیت، افرادی قوت کی ترقی، اور دیگر سروسز، شامل ہو سکتی ہیں جو طوفان ہاروے سے متاثر ہونے والے افراد کی ضروریات کو پورا کریں۔ ہاوسنگ کی کونسلنگ اور قانونی معاونت، ہاؤسنگ کی رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے اور رہائشیوں کو بلند تر مواقع کے ساتھ نواحی علاقوں میں منتقل ہونے کے مزید زیادہ اختیارات دیتے ہوئے منصفانہ رہائش کو فروغ دینے میں معاونت کریں گی۔ روزگار کی تربیت اور

افرادی قوت کی ترقی کے پروگرامز، کے ساتھ ہاؤسنگ کی بحالی اور گھروں کی تعمیر کی معاونت کرنے والے پروگرامز کام کی مہارتوں کی ضرورت کو پورا کریں گے تاکہ ہیوسٹن کی بحالی کی معاونت کی جائے۔ مزید برآں، افرادی قوت کی ترقی، متاثرہ کمیونٹیز کے رہائشیوں کو گھریلو آمدنی بڑھانے کے لئے لازمی مہارتوں اور مواقع فراہم کرتے ہوئے طویل مدتی بحالی کو فروغ دینے میں مدد کرے گی۔ بے گھر ہو جانے والے یا بے گھر ہوجانے کے خطرے کی زد میں آنے والے افراد کی ضروریات پوری کرنے کی سروسز میں کیس کا انتظام، اور دیگر خدمات شامل ہو سکتی ہیں تاکہ اس آبادی کے لئے ہاؤسنگ اور/ یا دوبارہ ہاؤسنگ میں معاونت کی جائے۔

پبلک سروسز کی فراہمی میں یہ مقصد بھی شامل ہے کہ ہاؤسنگ پروگرامز کے لئے تیاری کرنے اور اہلیت حاصل کرنے میں رہائشیوں کی مدد کی جائے۔ قانونی سروسز کے ذریعے ملکیت یا ٹیکس کے مسائل کو حل کرنے اور LMI کمیونٹیز کے لئے ہاؤسنگ کی کونسلنگ فراہم کرنے سے مزید رہائشی تیار ہوسکتے ہیں کہ وہ HCDD's کی مالک مکان معاونت اور گھر کے خریدار کے پروگرامز جیسے پروگرامز کے اہل ہو جائیں۔

a. مختص کی گئی رقم: $17,175,483.19

b. زیادہ سے زیادہ ایوارڈ: $ 5,000,000 فی ٹھیکہ

c. قومی مقصد: LMI بینیفٹ

d. موزوں سرگرمی: موزوں سرگرمیوں میں پبلک سروسز کی فراہمی شامل ہے جیسا کہ HCDA سیکشن 105(a)(8) میں فہرست شدہ ہے

e. موزوں درخواست دہندگان: ذیلی درخواست دہندگان کا تعین ایک ایپلیکیشن یا NOFA کی کاروائی کے ذریعے کیا جائے گا اور اس میں غیر-منافع بخش ایجنسیاں شامل ہوں گی۔ ہیوسٹن کے شہری منتخب شدہ ذیلی وصول کنندگان کے ذریعے براہ راست معاونت حاصل کریں گے۔ یہ وصول کنندگان اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ سروسز تمام رہائشیوں کے لئے کھلی ہیں، بشمول ان کے جو انگریزی کی محدود مہارت رکھتے ہیں یا خصوصی ضروریات والی دیگر آبادیاں ہیں۔

f. انتخاب کا معیار: پروجیکٹس اور ذیلی وصول کنندگان کو ایک درخواست یا NOFA کی کاروائی کے ذریعے منتخب کیا جائے گا۔ ایپلیکیشن یا NOFA واضح طور پر کاروائی اور قبولیت کی مدت، آغاز کا معیار، انتخاب کا معیار، اور ایوارڈ کی کاروائی طے کریں گے۔ انتخاب کے معیار اور کسی متاثرہ گھرانوں کی ترجیح کو پبلک سروسز گائیڈ لائنز، NOFA، یا ایپلیکیشن کے مطابق قائم کیا جائے گا۔ انتخاب کے معیار میں غالبا یہ شامل ہوگا: سرگرمی اور ضرورت، لاگت کی موزونیت اور مؤثر ہونا، سرگرمی کی نگرانی اور عمل درآمد، اور تجربہ/ سابقہ کارکردگی۔

g. منتخب شدہ ذیلی وصول کنندگان کے ذریعے، پبلک سروسز بنیادی طور پر LMI افراد یا LMI علاقوں میں افراد کو فراہم کی جائیں گی۔ اس میں وہ شامل ہو سکتے ہیں جن کو پبلک سروسز درکار ہیں تاکہ ہاؤسنگ پروگرامز کا جائزہ لینے میں ان کی مدد کی جائے یا ہاؤسنگ پروگرامز کے لئے موزوں کیا جائے۔ پیش کردہ پبلک سروسز وصول کرنا اتفاقیہ نہیں ہوتا جو پیش کردہ ہاؤسنگ پروگرامز کے ذریعے سروسزکو وصول کرنا بھی ہو۔

h. ٹائم فریم: مجوزہ تاریخ آغاز یا پبلک سروسز HUD کے اس ایکشن پلان کی ترمیم کی منظوری کے فورا بعد ہوگی۔ مجوزہ آخری تاریخ اگست 2024 ہے۔

8. اقتصادی بحالی پروگرام

ہاروے اقتصادی ترقیاتی پروگرام (HEDP) طوفان ہاروے اور سٹی کی رہائش کی نامکمل ضروریات دونوں کو براہ راست اور بالواسطہ طور پر پورا کرتا ہے اس کے لئے چھوٹے کاروباروں کی بحالی اور ترقی کو پروان چڑھانے کے ساتھ روزگار پیدا کرتے ہیں جس سے ان علاقوں کی اقتصادی پائیداری بہتر ہوگی جو طوفان سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ یہ پروگرام مائیکرو انٹرپرائزز پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے، چھوٹے کاروباری اداروں کو ورکنگ سرمایہ، اور ٹیکنیکل معاونت فراہم کرتے ہوئے چھوٹے کاروباروں کی معاونت کرے گا اور کمیونٹی میں روزگار پیدا کرنے کی نگرانی کرے گا۔

HEDP درج ذیل پروگراموں کے ذریعے چھوٹے کاروباروں کی معاونت فراہم کرے گا:

چھوٹے کاروبار کی گرانٹ کا پروگرام (SGP) مہارت یافتہ انٹرپرائزز اور چھوٹے کاروباروں (SBA کی جانب سے تعریف شدہ) کو طوفان ہاروے کے اثر کے بعد بحالی اور بڑھنے کے لئے ورکنگ سرمائے کی گرانٹ فراہم کرتا ہے۔

a. مختص کی گئی رقم: $20,509,342.82

b. زیادہ سے زیادہ ایوارڈ:

   i. چھوٹے کاروبار کی گرانٹ کا پروگرام: 150,000 $ تک کی فعال سرمائے کی گرانٹس۔

c. قومی مقصد: LMI بینیفٹ
   i. کاروبار کو کسی فرد کی ملکیت میں ایک مائیکرو انٹرپرائز ہونا چاہیے جس کی آمدنی خاندان کے سائز سے اوسط آمدنی کا 80% یا اس سے کم ہو جیسا کہ کاؤنٹی (LMC) کے لئے طے شدہ HUD کے ذریعے آمدنی کے تقاضوں میں بیان کیا گیا ہے، یا
   ii. چھوٹے کاروباری ادارے جو کم از کم ایک روزگار پیدا کریں گے جسے LMI افراد (LMJ) کی جانب سے حاصل کیا جائے، یا دستیاب بنایا جائے، یا
   iii. چھوٹے کاروباری ادارے کو کسی (LMA) علاقے میں کام کرنا چاہیے۔

d. موزوں سرگرمی: یہ سرگرمی فنڈز کے لئے موزوں ہے جیسا کہ HCDA سیکشن 105(a)(19)، 105(a)(17)، 105(a)(22) میں فہرست شدہ ہے؛ 83 FR 5844 کے تحت ایک موزوں دستبرداری دیگر قومی مقاصد کی دستاویز بندی اور عوامی فائدے کے معیاروں کی اجازت دیتی ہے۔ قیمت کی تصدیق کے کنٹرولز نافذ العمل ہونے چاہیئں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اخراجات معقول ہیں اور جگہ کی مارکیٹ قیمتوں سے ہم آہنگ ہیں۔ منافع-بخش اداروں کے لئے پروجیکٹس کی کسی فنڈنگ کو HUD کی جانب سے تشکیل دی گئی گائیڈ لائنز (ضمیمہ A سے 24 CFR حصہ 570 میں طے شدہ) کے ساتھ مطابقت میں تجزیہ اور منتخب کرنا چاہیے اور انہیں HUD کی تحریری رہنمائی کی تعمیل کرنی چاہیے۔

   i. چھوٹے کاروبار کی ترقی: CDBG-DR فنڈز کو گرانٹس، اور ٹیکنیکل معاونت کے ذریعے چھوٹے کاروبار کی معاونت کرنے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے جیسا کہ 24 CFR § 570.203، خصوصی اقتصادی ترقیاتی سرگرمیوں میں طے شدہ ہے۔

ii. مائیکرو انٹرپرائز کی ترقی: CDBG-DR فنڈز کو گرانٹس اور ٹیکنیکل معاونت کے ذریعے مائیکرو انٹرپرائز قائم کرنے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے جیسا کہ 24 CFR حصہ 570.201(o) میں طے شدہ ہے۔

e. موزوں درخواست کنندگان: پروگرام کی موزونیت کے معیار کو HEDP کی گائیڈ لائنز میں بیان کیا گیا ہے۔

f. ٹائم فریم: پروگرام کی مجوزہ تاریخ آغاز فروری 2021 ہے۔ مجوزہ آخری تاریخ فروری 2025 ہے۔

9. پلاننگ

فنڈنگ کو منصوبہ بندی کی ایسی سرگرمیوں کے لئے استعمال کیا جائے گا جو سب سے زیادہ متاثرہ اور تباہ حال علاقوں کو فائدہ پہنچائیں گی۔ زدپذیر آبادیاں یا نواحی علاقے اکثر آفات سے واپس بحال ہونے کی جدوجہد کرتے ہیں۔ ہیوسٹن کے شہریوں کو محفوظ رکھنے اور انہیں آفات سے بحال ہونے میں مدد کرنے کے لئے پلاننگ کی سرگرمیاں تخفیف اور استحکام کی متعدد کوششوں پر توجہ مرکوز رکھیں گی۔

پلاننگ کی سرگرمیوں میں کمیونٹی کی شمولیت شامل ہوگی تاکہ سٹی کے بحالی کے پلان کی ترقی کو باخبر رکھا جائے اور شہر-بھر میں ہاؤسنگ کی سرگرمیوں کی معاونت کی جائے۔ سٹی بھی ان فنڈز کو استعمال کرسکتی ہے تاکہ تخفیف یا استحکام سے متعلقہ مخصوص موضوعات کا مطالعہ کیا جائے یا مخصوص پراجیکٹس کے لئے پلان کیا جائے جو طوفان ہاروے یا ہیوسٹن میں آنے والی آفات کی مسلسل نوعیت کے اثرات کا سدباب کر سکے۔ مطالعوں یا منصوبوں کی اقسام میں طوفان ہاروے سے مزید بحال ہونے، مستقبل کے نقصانات کو کم کرنے، اور بحالی کی جامع کوششوں کی منصوبہ بندی کرنے کے لئے سیلاب کا کنٹرول، نکاسی میں بہتری، رہائش کے مستحکم حل، منصفانہ رہائش، بے گھر ہونا، کی حفاظت، اقتصادی ترقی، انفرا سٹرکچر میں بہتری، اور دیگر کوششیں شامل ہو سکتی ہیں۔ سٹی دیگر مقامی دائرہ اختیار والوں کے ساتھ پلاننگ کے مختلف اقسام کے منصوبوں پر کام کر سکتی ہے۔

پلاننگ کی سرگرمیاں حتی المقدور کوشش کریں گی کہ آفت کے بعد نقصان کے خطرے کے اندازے کو مد نظر رکھتے ہوئے سلامتی والی، مستحکم طویل-مدتی بحالی کی پلاننگ کو فروغ دیا جائے جو سیلابی میدانوں کے ذمہ دارانہ انتظام کی عکاسی کرتی ہو اور مستقبل کے موسم کے ممکنہ شدید حالات اور دیگر قدرتی حوادث اور طویل مدتی خطرات کو زیرِ غور رکھے۔

GLO نے ہیوسٹن کی پلاننگ کے اخراجات کو 23,100,000 $ تک محدود کردیا ہے۔ ہیوسٹن سٹی ان فنڈز کو GLO کے ذیلی وصول کنندہ کے طور پر منظم کرے گی۔ مزید ترامیم شاید پلاننگ کے ان فنڈز کے ایک حصے کو دیگر موزوں اخراجات میں منتقل کر دے تاکہ مخصوص پروجیکٹس انجام دئیے جائیں، جن کا منصوبہ بندی کی کاروائی کے ذریعے مطالعہ کیا جا چکا ہے یا تشکیل دئیے جا چکے ہیں۔

a. مختص کی گئی رقم: $21,780,921.41

b. اہل سرگرمیاں: اہل سرگرمی، پلاننگ، اربن ماحول کا ڈیزائن، اور پالیسی-پلاننگ-انتظامیہ-گنجائش بنانے والی سرگرمیاں ہیں جیسا کہ 24 CFR 570.205 میں فہرست شدہ ہے۔

c. انتخاب کا معیار: پروجیکٹس اور/یا ذیلی وصول کنندگان کو ایک درخواست، NOFA/RFP، یا کسی دوسری مساوی کاروائی کے ذریعے منتخب کیا جائے گا۔ ایپلیکیشن یا NOFA/RFP واضح طور پر کاروائی اور قبولیت کی مدت، آغاز کا معیار، انتخاب کا معیار، اور ایوارڈ کی کاروائی طے کریں گے۔ انتخاب کے معیار کو ایک درخواست، NOFA/RFP، یا کسی دوسری مساوی کاروائی میں طے کیا جائے گا اور اس میں غالبا

منصوبہ بندی کی سرگرمی/ پروجیکٹ کی تفصیل، تنظیمی تجربہ، لاگت کی موزونیت اور سرگرمی/ پروجیکٹ کی اثر پذیری اور انتظام شامل ہوگا۔ سرگرمیوں کی ترجیحات میں وہ شامل ہوں گی جو ہیوسٹن میں رہائش کے مسائل کی سمجھ بوجھ کو اجاگر کریں، فنڈنگ کے اثرات کا اندازہ لگائیں، اور مطلوبہ HUD دستاویزات کی تشکیل کی معاونت کریں۔

d. ٹائم فریم: پروگرام کی مجوزہ تاریخ آغاز HUD کے اس ایکشن پلان کی ترمیم کی منظوری کے فورا بعد ہوگی۔ مجوزہ آخری تاریخ اگست 2024 ہے۔

10. انتظامیہ

GLO نگرانی، مینیجمنٹ، اور رپورٹنگ کے مقاصد کے لیے انتظامی لاگتوں کے لیے تفویض کردہ مکمل 5 فیصد کو برقرار رکھے گی۔ صرف ایک استثنا انتظامی اخراجات کے لئے سٹی کے پروگرام کی رقم کے $15,000,000$ تک کے الاؤنس کے لئے ہے۔ ہیوسٹن، پروگرام کے انتظامی اخراجات کے لئے GLO کی جانب سے مجاز انتظامی اخراجات کے لئے بجٹ کی منصوبہ بندی کرتا ہے جیسا کہ 24 CFR 570.206 میں فہرست شدہ ہے۔

a. مختص کی گئی رقم: $15,000,000

b. کیپس: GLO سٹی کو اجازت دے گا کہ پروگرام کی رقوم کے 10 فیصد کو رہائش کی سرگرمیوں پر عملدرآمد کرنے سے متعلقہ براہ راست اخراجات کے لئے خرچ کرے اور 6 فیصد کو غیر-رہائشی اور انفرا سٹریکچر کی سرگرمیوں کے لئے خرچ کرے۔ GLO نے انجینئرنگ اور ڈیزائن کی سرگرمیوں کو پروجیکٹ کے کل ایوارڈ کے 15 فیصد پر کیپ کیا ہے، یہاں تک کہ GLO کی منظوری کے لئے، خصوصی سروسز لازمی ہوں۔ سرگرمی کی ڈلیوری کے ان اخراجات کو، انفرادی پروگرامز اور پروجیکٹس کے لئے، حسبِ ضرورت، GLO کے لئے سٹی کی ایپلیکیشنز میں بیان کیا جائے گا۔

c. ٹائم فریم: پروگرام کی مجوزہ تاریخ آغاز HUD کے اس ایکشن پلان کی ترمیم کی منظوری کے فورا بعد ہوگی۔ مجوزہ آخری تاریخ فروری 2025 ہے۔

6.1. شہری شرکت-ریاستی ایکشن پلان

اس منصوبے کا بنیادی ہدف ٹیکساس کے رہائشیوں کو ایسے واضح مواقع فراہم کرنا ہے، کہ وہ خود کو بحالی کے عمل میں شامل کریں، کیونکہ یہ CDBG-DR کا حصہ ہے۔ دی ٹیکساس جنرل لینڈ آفس GLOان مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے جن کا بہت سے لوگ ہاروے طوفان کے بعد سے سامنا کر رہے ہیں اور وہ بحالی کی کوشش میں مصروف کمزور آبادیوں کو آسان رسائی فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔

GLO کا کمیونٹی ڈویلپمنٹ اینڈ ری وائٹلائزیشن (CDR) کا ہاروے طوفان کیلئے شہریوں کی شرکت کا منصوبہ HUD Federal Register Notice Vol. 83, No. 28 جمعہ، 9 فروری 2018 اور والیوم 83، نمبر 157، منگل، 14 اگست، 2018 کو وضع کردہ تقاضوں کی بنیاد پر تیار کیا گیا تھا۔

نوٹس کے مطابق، "مزید ہموار عمل کی اجازت دینے اور یہ یقینی بنانے کیلئے کہ حادثے سے بحالی کی گرانٹس بروقت انداز میں عطا کی جائیں، 42 U.S.C. 5304(a)(2) اور (3) اور 42 U.S.C. 12707 اور 24 CFR 570.486 اور 24 CFR 1003.604 اور 24 CFR 91.115(b) اور (c) کی سفارشات کو شہری شرکت کے تقاضوں کے مطابق معاف کیا جاتا ہے اور مندرجہ ذیل تقاضوں سے بدلا جا رہا ہے۔ ہموار کردہ تقاضے عوامی سماعتوں کی اجازت نہیں دیتے لیکن گرانٹ وصول کرنے والے سے تقاضا ضرور کرتے ہیں کہ شہریوں کے تبصرے اور گرانٹ فنڈز کے استعمال کے متعلق شہریوں کو فی الحال(کم از کم 30 دن) حاصل رسائی کیلئے موزوں موقع فراہم کریں۔"

ٹیکساس GLO's سٹیزن پارٹسپیشن پلان فار ہریکین ہاروے کے تازہ ترین ورژن کو recovery.texas.gov. پر رکھ دیا جائے گا۔

دی سٹیٹ آف ٹیکساس ایکشن پلان فار ہریکین ہاروے اور بعد میں پیش آنے والی کوئی سی بھی ترامیم ہاروے طوفان سے بڑے نقصانات اور بحالی کے عمل میں غیرتکمیل شدہ ضروریات کی خاکہ بندی کرتی ہیں۔ لائحہ عمل CDBG-DR فنڈز کے جائز استعمال، اور مخصوص پروگرامز کی خاکہ بندی کرتا ہے جو کہ GLO کی جانب سے قابلِ اجازت ہوں گے۔

A. اشاعت

اس سے قبل کہ GLO اس گرانٹ یا اس گرانٹ میں کسی اہم ترمیم کیلئے لائحہ عمل کو اپنا لے، GLO مجوزہ منصوبے یا ترمیم کو https://recovery.texas.gov/action-plans/index.html پر شائع کرے گا، جو کہ GLO کی مرکزی ویب سائٹ ہے، اور اضافی ایجنسیوں کی ویب سائٹس کے ساتھ اس کا تقابلی حوالہ بھی دے گا:

GLO اور/یا ذیلی وصول کنندگان متاثرہ شہریوں کو برقی ڈاک، پریس ریلیزز، عوامی اہلکاروں کی جانب سے بیانات، میڈیا میں اشتہارات، عوامی خدمت کے اعلانات، نیوزلیٹرز، علاقائی تنظیموں کے ساتھ روابط، اور/یا سوشل میڈیا کے ذریعے مطلع کرے گا۔

GLO اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام شہریوں کو پروگرامز کے متعلق معلومات تک یکساں رسائی ہو، بشمول معذوریوں والے افراد اور انگریزی میں محدود مہارت رکھنے والے افراد (LEP) کو۔ GLO یقینی بنائے گا کہ پروگرام کی معلومات اس جغرافیائی علاقے کیلئے موزوں زبانوں میں دستیاب ہے جو دائرہ اختیار میں ہیں اور جہاں خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ یہ یقینی بنانے میں معاونت کیلئے کہ یہ معلومات LEP آبادیوں کو دستیاب ہیں، وصول کنندگان کو (وفاقی اقتصادی امداد کے وصول کنندگان کو ٹائٹل *VI* کے متعلق حتمی راہنمائی، قومی آبائیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کی

ممانعت جو انگریزی میں محدود قابلیت رکھنے والے افراد پر اثرانداز ہوتا ہے)، اشاعت کردہ مورخہ جنوری 22، 2007 در Federal Register (72 FR 2732) سے رابطہ کرنا چاہیئے۔

GLO ریاستی انضمام شدہ پلان، متاثرہ علاقے میں بنائے گئے اہم ایکشن پلانز، اور اس ایکشن پلان کا مناسب زبانوں میں ترجمے کا تعین کرنے کے لیے ووٹنگ بیلٹ کے تقاضوں کو زیر غور لاتا ہے۔ یہ ایکشن پلان کلی طور پر ہسپانوی، ویتنامی، چائنیز، اردو اور عربی میں ترجمہ کیا جائے گا۔ یہ منتخب کردہ زبانیں CDBG-DR فنڈز کے تمام اہل علاقوں کی بنیاد پر اور انگریزی کی محدود صلاحیت کے حامل افراد کے لیے منتخب کی گئی ہیں۔ افراد کی جانب سے اضافی زبانوں میں رسائی کا تقاضہ کیے جانے کے ضمن میں GLO درخواست کرنے پر ایکشن پلان کے تخصیص کردہ تراجم فراہم کرنے کے لیے ترجمہ کی سروس کے ساتھ رابطہ کرے گا۔ وہ تمام عوامی جگہیں جو نجی افراد کے لیے دستیاب پروگرامز میں براہ راست کام کرتی ہیں، وہ قابل اطلاق زبانوں میں اس سروس کی تفصیلات کے ضمن میں مجموعی طور پر تشہیر کریں گے۔ GLO کی ویب سائٹ میں یکساں ترتیب شامل ہو گی۔

لائحہ عمل کی اشاعت یا اہم ترمیم کی اشاعت کے بعد، GLO کم از کم 30 دن کا منطقی موقع فراہم کرے گا اور اس کے پاس تبصرے وصول کرنے کیلئے طریقہ ہو گا (طریقے ہوں گے)۔

GLO تبصرے USPS میل، فیکس، ای میل، یا GLO کی ویب سائٹ کے ذریعے وصول کرے گا:

Texas General Land Office
کمیونٹی ڈویلپمینٹ اور ری وائٹلائزیشن(Community Development and Revitalization)
P.O. Box 12873
Austin, TX 78711-2873
فیکس: 512-475-5150
ای میل: cdr@recovery.texas.gov

لائحہ عمل میں، GLO وہ معیارات مختص کرے گا جو تعین کرتے ہوں کہ GLO کے منصوبے میں کیا تبدیلیاں منصوبے میں اہم ترمیم کی شکل اختیار کرتی ہیں۔ کم از کم، مندرجہ ذیل تبدیلیاں ایک اہم ترمیم بن جاتی ہیں: پروگرام کے فائدے یا اہلیت کے معیار میں تبدیلی، سرگرمی کی شمولیت یا حذف کاری، یا مالیاتی حد کا تعین یا از سرِ نو تعین جو GLO نے لائحہ عمل میں مختص کیا ہو۔

B.عوامی تبصروں پر غور

GLO لائحہ عمل یا کسی اہم ترمیم کے متعلق تمام تبصروں پر غور کرے گا۔ تبصروں کا خلاصہ اور ضمیمے کے سیکشن میں واقع ہر ایک کو GLO کا ردعمل لائحہ عمل یا اہم ترمیم سمیت HUD کو جمع کرایا جائے گا۔

C.شہریوں کی شکایات

GLO ہر شہری شکایت کو ایک بروقت تحریری ردعمل فراہم کرے گا۔ ردعمل شکایت کی وصولی کے پندرہ (15) کاروباری دنوں کے اندر اندر فراہم کیا جائے گا، جہاں اس پر عمل کرنا ممکن ہو۔

.Dاہم ترمیم

جوں جوں گرانٹ دیئے جانے کے عمل کے ذریعے اضافی معلومات اور فنڈنگ دستیاب ہوتی ہے، اس لائحہ عمل میں ترامیم متوقع ہیں۔ اس لائحہ عمل میں کوئی اہم ترمیم اپنانے سے قبل، GLO مجوزہ منصوبے یا ترمیم کو GLO کی رکاوری ویب سائٹ پر شائع کر دے گا اور شہریوں، متاثرہ مقامی حکومتوں، اور دلچسپی رکھنے والے دیگر فریقین کو منصوبے یا ترمیم کے مندرجات کا معائنہ کرنے کا مناسب موقع فراہم کرے گا۔ کم از کم، مندرجہ ذیل تبدیلیاں ایک بڑی ترمیم بنیں گی۔

- پروگرام کے فائدے یا اہلیت کے معیار میں کوئی تبدیلی؛
- 25 ملین $ سے زائد رقم کی تفویض یا از سرِ نو تفویض؛ یا پروگرام کے بجٹ کے 20% پر مشتمل تبدیلی؛ یا
- کسی سرگرمی کی شمولیت یا حذف کاری۔

.Eغیر اہم ترمیم

جب GLO منصوبے میں کوئی ایسی تبدیلی کرتا ہے جو کہ اہم نہ ہو، تو وہ HUD کو مطلع کرے گا۔ HUD کو ترمیم کے مؤثر ہونے سے کم از کم پانچ (5) کاروباری ددن قبل مطلع کیا جائے گا۔ HUD غیر اہم ترامیم کی وصولی کی بذریعہ ای میل پانچ (5) کاروباری دنوں میں تصدیق کرے گا۔

.Fکمیونٹی کی مشاورت

ہاروے طوفان کے ٹیکساس کے ساحل پر ٹکرانے سے قبل، GLO نے قدرتی آفت کی راہ میں آنے کے خدشے میں موجود مقامی حکام کو ای میل کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے، جو کہ انہیں ان اقدامات کی یاددہانی کراتے تھے جو وہ ضرورت پڑنے پر مؤثر بحالی کو یقینی بنانے میں مدد دینے کیلئے اٹھا سکتے تھے۔ تب سے، GLO نے مقامی حکام اور دلچسپی رکھنے والے فریقین سے ردعمل حاصل کرنے کیلئے اپنی کوششوں کو ملاقاتوں، کانفرنس کالز، اور متاثرہ کمیونٹیز میں متواتر دوروں کے ذریعے جاری رکھا ہوا ہے۔ ان دوروں میں عوامی فورمز اور منتخب حکام بشمول مقامی، ریاستی، اور وفاقی شراکت داروں کے ساتھ ملاقاتیں شامل رہی ہیں۔

نومبر کے وسط سے، GLO نے مقامی منتخب اہلکاروں کے ساتھ ہفتہ وار کانفرنس کالز منعقد کرائی ہیں تاکہ ہاروے طوفان کے بعد بحالی کی کوششوں پر اپ ڈیٹس فراہم کی جائیں۔ کالز میں فریقین کیلئے مجموعی بحالی اور اپنی کمیونٹی سے متعلق ناگزیر سوالات پوچھنے کیلئے وقت شامل تھا۔ فروری میں، GLO نے خود کو مہینے میں دو بار کالز کرنے پر بدل لیا، لیکن اگر مقامی ماہرین درخواست کریں تو یہ تواتر بڑھ سکتا ہے۔

HUD کے ساتھ شراکت داری میں، GLO "سٹرائک ٹیم میٹنگز" منعقد کراتا رہا ہے تاکہ انفرادی کمیونٹیز کیلئے بہترین باہمی تعاون پر مبنی بحالی کو عمل میں لانے کیلئے مقامی اہلکاروں کو مخصوص سوالات پوچھنے اور ممکنہ پراجیکٹس کو ریاستی اور وفاقی ایجنسیوں کے پاس لانے کا موقع ملے۔ مقصد یہ ہے کہ متاثرہ علاقے میں ہر کاؤنٹی کے ساتھ ایک سٹرائک ٹیم میٹنگ سرانجام دی جائے۔

GLO نے ٹیکساس کو از سر نو تعمیر کرنے کیلئے گورنر کے کمیشن کے ساتھ ملاقاتوں، سٹرائک ٹیم میٹنگز اور دیگر درخواست کردہ میٹنگز میں شرکت کی ہے۔ کمیونٹی مشاورت کی مجموعی فہرست ضمیم 11.1 میں شامل ہے۔

G. عوامی ویب سائٹ

GLO ایک عوامی ویب سائٹ برقرار رکھے گا جو اس بات کے متعلق معلومات فراہم کرتی ہے کہ تمام گرانٹ فنڈز کس طرح منظم/جاری کیے جاتے ہیں، بشمول: تمام لائحاتِ عمل کے لنکس، لائحہ عمل کی ترامیم، CDBG-DR پروگرام کی پالیسیاں اور کاروائیاں، کارکردگی کی رپورٹیں، شہری شرکت کے تقاضے، اور اس کے لائحہ عمل میں بیان کردہ تمام سرگرمیوں کیلئے سرگرمی/پروگرام کی معلومات، بشمول تمام ٹھیکوں اور حصول کی فی الحال جاری پالیسیاں۔

GLO مندرجہ ذیل آئٹمز کو recovery.texas.gov پر دستیاب کرے گا: (1) لائحہ عمل (تمام ترامیم سمیت)؛ ہر سہ ماہی کی کارکردگی کی رپورٹ (QPR) جیسا کہ DRGR کا استعمال کرتے ہوئے تخلیق کی گئی؛ (2) حصول کی پالیسیاں اور کاروائیاں؛ (3) سرانجام دیئے گئے CDBG-DR ٹھیکے؛ اور (4 (GLO کی جانب سے فی الحال حاصل کی جاننے والی مصنوعات یا خدمات کی حیثیت (مثلاً حصول کا مرحلہ، تجاویز کیلئے درکار معاہدے، وغیرہ)۔

مندرجہ بالا مخصوص آئٹمز کے ساتھ، GLO ان فنڈز کے ساتھ وابستہ قدرتی آفت سے بحالی کی تمام سرگرمیوں کے متعلق ایک جامع ویب سائٹ برقرار رکھے گا۔ اس میں GLO کی رکاوری ویب سائٹ recovery.texas.gov پر معلومات کی اطلاع دینا، اور قدرتی آفت سے بحالی کیلئے خصوصی طور پر وابستہ ایک علیحدہ سائٹ میں پروگرام کی اضافی، تفصیلی معلومات شامل ہیں۔ یہ ویب سائٹ بروقت انداز میں اپ ڈیٹ کیا جائے گا تاکہ ان فنڈز کے استعمال کے متعلق تازہ ترین معلومات، اور جہاں ضرورت پڑے، پالیسیوں اور کاروائیوں میں کوئی سی تبدیلیوں کی عکاسی ہو۔ کم از کم، اپ ڈیٹس ماہانہ بنیادوں پر کی جائیں گی۔

1. ہوسٹن شہر اور ہیرس کاؤنٹی کی ویب سائٹس

- Harris County: http://harriscountycommunitycorner.org/

2. COG کی ویب سائٹس

- Alamo Area Council of Governments (AACOG): www.aacog.com
- Brazos Valley Council of Governments (BVCOG): www.bvcog.org
- Capital Area Council of Governments (CAPCOG): www.capcog.org
- Coastal Bend Council of Governments (CBCOG): www.cbcog98.org
- Central Texas Council of Governments (CTCOG): www.ctcog.org
- Deep East Texas Council of Governments (DETCOG): www.detcog.org
- Golden Crescent Regional Planning Commission (GCRPC): www.gcrpc.org
- Houston-Galveston Area Council (H-GAC): www.h-gac.com
- South East Texas Regional Planning Commission (SETRPC): www.setrpc.org

H. معافیاں

دی اپروپرئیشنز ایکٹ HUD (The Appropriations Act) کے سیکرٹری کو اختیار دیتا ہے کہ وہ کسی بھی اُس قانون یا ضابطے کی کسی دفعہ کیلئے متبادل تقاضوں کو معاف یا مختص کرے، جو کہ سیکرٹری اپنی ذمہ داری سے یا پھر وصول کنندہ کے ان فنڈز اور ضمانتوں کے استعمال کے متعلق جاری کرتا ہے، ماسوائے ان تقاضوں کے جو منصفانہ رہائش، عدم امتیاز، مزدوری کے معیارات، اور ماحول (سیسے والے پینٹس کے متعلق تقاضوں سمیت) سے متعلق ہوں،

ایسا مندرجہ ذیل صورتوں میں ہوتا ہے: (1) گرانٹ وصول کرنے والے کی جانب سے یہ وضاحت کرنے والی درخواست پر کہ ایسے فنڈز یا گارنٹیوں کے استعمال کو فروغ دینے کیلئے ایسی معافی کیوں درکار ہے، اور (2) سیکرٹری کی جانب سے یہ پتہ لگانے پر کہ ایسی معافی HCD Act کے ساتھ عدم مطابقت نہیں رکھے گی۔ ضابطے کی معافی کا اختیار 24 CFR 5.110، 91.600 اور 570.5 بھی فراہم کرتا ہے۔

6.2. شہریوں کی شرکت – پیرس کاؤنٹی مقامی عملی منصوبہ

اس منصوبے کا اولین مقصد ہیرس کاؤنٹی کے شہریوں کو بحالی کے عمل میں مشغول رکھ کر حتمی مواقع فراہم کرنا ہے جسکا سروکار CDBG-DR فنڈز سے ہے۔ ہیرس کاؤنٹی دراصل سمندری طوفان ہاروی کے بعد آنےوالی بیشترکودرپیش مشکلات سےبخوبی واقف ہےاوربحالی سےنبرآزما ہونے والی غیرمحفوظآبادی تک باآسانی رسائی کی کوشش کر رہے ہیں۔

6 اپریل2018 کو ہیرس کاؤنٹی نے باقاعدہ طور پر اپنی مصروف سرگرمیوں کا آغاز کیا۔ سمندری طوفان ہاروے -CDBG DR اور AFFH سے بحالی کیلئے رہائشی علاقوں کے شئیرز خریدنے، دیگر گھریلو مالکان کی ادائیگیوں اور مستقبل میں شہریوں کی شمولیت کی ضروت پر بات چیت کیلئے کاؤنٹی نے مقامی وکیلوں سے ملاقات کی بالخصوص دوران اور بعد از تباہی۔ کمیونٹی کو مشغول رکھنے کے لئے کاؤنٹی کے مقاصد کاؤنٹی میں ضروریات اور ضرورت کے حصہ رسد کی درخواست میں مدد کرنا، ثانوی اور مستقبل کی ضروریات کیلئے موجودہ خدمات کو ذرائع کے سمت کی فراہمی،CDBG-DR پروگرام پر تعلیم، اور بہترین ممکنہ حد تک کسی امتیازی عمل جس میں ملکی شہری مبتلا ہیں، جن سے وہ بحال ہوئے، کی شناخت اور تشخیص تک رسائی کی فراہمی ہے۔ کاؤنٹی عوام کو مشغول رکھنے کی متلاشی ہوگی بالخصوص غیر مھفوظ آبادی جیسا کہ کم آمدن اور معزور افراد؛ ہاؤسنگ اور سول رائٹ وکلاء؛ مقامی کمیونٹی رہنما؛ غیر منافع ؛ کاروباری مالکان؛ اور دیگر کے اسٹیک ہولڈرز۔ ہیرس کاؤنٹی مشااغل کےکئی طریقہ کارفراہم کر رہی ہے۔

1. اسٹیک ہولڈرز اور فوکس گروپ کا اجلاس۔ بحالی اور ضروریات کے حصہ رسد کی مخصوص عنوان کے اطراف چھوٹے گروہی مزاکرات
2. عوام الناس کو خوش آمدید کہنے کے لئے ایک اوپن ہاؤس انداز میں کمیونٹی اجلاس
3. انگریزی اور ہسپانوی میں فراہم کردہ کمیونٹی سروے
4. ایک باکس میں کمیونٹی اجلاس، جو نچلی سطح کی کمیونٹی مشاغل کے ساتھ ہمسائیوں کے چھوٹے گروہ کی رہنمائی کرنے والے مقامی ثالث کو بزریعہ گھریلو اور کمیونٹی بحالی اور CDBG-DR سے متعلق سوالات کے سلسلہ کی اجازت دیتا ہے۔
5. پروجیکٹ کی بازیابی کی ویب سائٹ ہراساں کاؤنٹی، کمیونٹی کے رہنماؤں، کاروباری اداروں، اور دیگر دلچسپی والے جماعتوں کے باشندوں کو پیش رفت کی بحالی کے پروگراموں اور وسائل کے لنکس پر تازہ ترین معلومات پیش کرتا ہے. ویب سائٹ کے ایڈریس http://harrisrecovery.org ہے.

مئی تا جولائی 2018 سے، ہیرس کمیونٹی سروس ڈیپارٹمنٹ نے ہمارے کمیونٹی پارٹنرز کےساتھ کمیونٹی اجلاس کا ایک سلسلہ منعقد کر رکھا ہے۔ جیسا کہ ٹیکساس تنظیمی پراجیکٹس اور بیکرپلے(ضمیمہ میں اجلاس کی فہرست ملاحظ کریں)۔ یہ اجلاس پوری کاؤنٹی اور بشمول کاؤنٹی کے چند چھوٹے شہروں میں منعقد کئے گئے۔ اجلاس کا مسودہ انگریزی، ہسپانوی اور ویتنامی زبان میں بزریعہ مقامی اسکولوں، یوٹیلیٹی اضلاع، مقامی غیرمنافع، سوشل میڈیا، رہائیشیوں کوبراہ راست ای میل، گھر گھرجاکرقائل کرکے، رہائیشیوں کوفون کالزکر کے، تحریری پیغامات، کمیونٹی عمارات میں ڈاک اور نیوز میڈیا ریلیز (ریڈیو، پرنٹ اور ٹیلی ویژن) تقسیم کیا گیا۔اجلاس میں اوسطاً55 افراد تھے بمعہ دواجلاس جسکی حاضری 100 افراد سے زائد تھی۔ اجلاس میں زبان اور علامتی زبان کے مترجم دستیاب تھے۔ شہریوں کی جانب سے مزاکرات، بے آؤٹ پروگرام اور زاتی ضروریات کے متقاضی نکاسی آب کی بہتری جوضرورت بحالی جیسے کہ گھریلو مرمت کے آپشن اور سستی ہاؤسنگ کی ضرورت پر مشتمل تھا۔ اجلاس میں ، ہیرس کاؤنٹی نے ، لیون اسٹار لیگل،HC ہاؤسنگ ریسورس سینٹر،FEMA اور مقامی کاؤنٹی جسکا کا احاطہ اجلاس کے شرکاء کیلئے اطلاعاتی بوتھ کو آپریٹ کرنا تھا، کی میزبانی کی۔

ہیرس کاؤنٹی نے مضمون کے ماہرین اور وکلاء کے ساتھ دو اجلاس کا انعقاد کیا۔ حاضرین میں ہاؤسنگ فراہم کنندہ، فیئر ہاؤسنگ ایڈووکیٹ، غیر منافع، ہاؤسنگ اتھارٹیز، یونیورسٹیز، ماہر ماحولیات، انجینئرز، مالیاتی فراہم کنندگان، معمار، عقیدت پرور رہنما، قانونی خدمات فراہم کنندگان اور معزور آبادی کی خدمات سر انجام دینے والی تنظیمیں شامل تھے۔

A. پروجیکٹ کی بازیابی کی ویب سائٹ کے بارے میں پالیسیاں

CDBG-DR کاؤنٹی کے لیڈ منظم ہیرس کاؤنٹی کمیونٹی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے پراجیکٹ کی بازیابی کی ویب سائٹ تیار کی ہے جو ہیرس کاؤنٹی رہائشیوں، کمیونٹی کے رہنماؤں، کاروباری ادارے، اور دیگر دلچسپی والے اداروں کو تباہی کی بازیابی کے پروگراموں اور ذرائع سے متعلق لنکس پر تازہ معلومات فراہم کرتا ہے۔ . کاؤنٹی اس عوامی ویب سائٹ کو برقرار رکھا جائے گا جس میں معلومات اکاؤنٹنگ فراہم کی جاتی ہے کہ کس طرح تمام فنڈز کو استعمال کیا جاتا ہے اور انتظام / منتظم کیا جاتا ہے، بشمول: ایکشن پلانوں اور ترمیم کے لنکس؛ CDBG-DR پروگرام کی ہدایات، پالیسیوں اور طریقہ کار؛ کارکردگی کی رپورٹ؛ شہری کی شرکت؛ اور سرگرمی / پروگرام کے بارے میں معلومات کے بارے میں بیان کردہ سرگرمیوں کے لئے ٹیکساس ایکشن پلان کی ریاست کے سیکشن میں بیان کیا گیا ہے، بشمول معاہدوں کی تفصیلات اور جاری خریداری کی پالسیاں۔

ہیرس کاؤنٹی پروجیکٹ بازیابی کی ویب سائٹ کا ایڈریس http://harrisrecovery.org/ ہے۔

ایک کم از کم خواہش جامع ویب سائٹ کو باقاعدگی سے جائزہ لیا اور ماہانہ بنیاد پر اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

B. ہیرس کاؤنٹی سیلاب کنٹرول ڈسٹرکٹ کے ساتھ شراکت داری

HCFCD 1935 اور 1929 میں تباہ کن سیلاب کے جواب میں کمیونٹی رہنماؤں کی مدد کے لئے درخواست کے بعد 1937 میں ٹیکساس قانون سازی کی طرف سے پیدا ایک خاص مقصد کا ضلع ہے۔ HCFCD اصل میں دریاؤں، سلسلے، ٹرانسپورٹ اور سیلاب کے پانی کی نگرانی کی ذمہ داری دی گئی تھی۔ ہیرس کاؤنٹی "گھریلو، میونسپل، سیلاب کنٹرول، آبپاشی اور دیگر مفید مقاصد کیلئے۔" اس کے علاوہ، HCFCD ہیرس کاؤنٹی، جنگلات کے تحفظ کے بہاؤ کی زمین کی بحالی اور ریکلیمیشن کے لئے ذمہ دار تھا، اور بحریہ پانی "نیوگیبل" رکھنے والے طوفان کے پانی میں ان کے بہاؤ کو ریگولیٹ کرکے رکھتا تھا۔

HCFCD نے ہیریس کاؤنٹی رہائشی خرگوش پروگرام 1985 میں شروع کر دیا اور سیلاب سے متعلق 3،000 مکانات کو سیلاب پلانے میں گہری جگہوں پر قبضہ کر لیا اور ہٹا دیا ہے جہاں سیلاب کی خرابی کی کمی کے منصوبوں جیسے چینل میں بہتری یا طوفان پانی کی حراستی بیسن کی لاگت آئے گی، لاگت مؤثر اور / یا فائدہ مند نہیں ہیں. ایک بار خریدا، یہ پارسل سیلاب کے اسٹوریج میں مدد فراہم کرتے ہیں، ان کی فائدہ مند کام پر واپس آ جاتے ہیں. ان گھریلو خریدار جو خریدے گئے ہیں وہ سیلاب کے خطرے کے خاتمے کے باعث کسی علاقے میں منتقل کرنے میں مدد ملتی ہیں۔

جیسا کہ کاؤنٹی CDBG-DR فنڈ کے منتظم ہے اور اس طرح کے طور پر طوفان ہاروی کاؤنٹی میں تباہ کن سیلاب تھا، یہ ہیرس کاؤنٹی کے لئے HCFCD کے ساتھ کام کرنے کے لئے ایک قدرتی شراکت داری ہے. ہیرس کاؤنٹی، اس کے کمیونٹی سروسز ڈیپارٹمنٹ (HCCSD) اور انجینئرنگ آفس کے ذریعہ، HCFCD کے ساتھ باقاعدگی سے ملنے کے لئے مستقبل میں پروگراموں کو ترقی دینے کے لئے مستقبل میں ترقیاتی منصوبوں کو فروغ دینے اور خرید آؤٹ پروگرام کو بڑھانے کے لئے، خاص طور پر LMI خاندانوں CDBG-DR فنڈنگ اور پروگراموں کے بارے میں HCCSD اور HCFCD کے درمیان ایک آئینٹر-مقامی معاہدے پر عملدرآمد کیا جائے گا. ٹیم 1) خریدنے کے پروگرام اور 2) مستقبل کے نکاسیج میں بہتری کے بارے میں باشندوں کے لئے کوششوں کو فروغ دیتا ہے. مئی سے اگست 2018 تک، دونوں

گروپوں نے 35 برادری اجلاسوں کو عوامی بحالی کے وسائل کے بارے میں عوام کو تعلیم دینے اور مستقبل کی ممکنہ منصوبوں پر غیر ضروری ضروریات اور تبصرے پر عوامی ان پٹ کو جمع کرنے کا اہتمام کیا۔

C. شکایت اور اپیل

بروقت اور پیشہ وارانہ انداز میں شکایات اور اپیلوں کا جواب دینے کے لئے ہیرس کاؤنٹی ذمہ دار ہے. درخواست دہندگان کے لئے ایک فوری اور موثر نظام فراہم کرنے کے لئے ایک شکایت اور اپیل کا طریقہ کار انحصار کیا جائے گا جو خدشات یا تنازعہ کے حل کے لئے درخواست دہندگان کے ساتھ ہوسکتی ہے اور ہیرس کاؤنٹی کے ذریعہ فراہم شدہ طریقہ کار کے ساتھ ہو سکتا ہے. اپیل کے طریقہ کار میں ایک غیر رسمی اور ایک تحریری شکایت کے عمل میں شامل ہوسکتا ہے جس میں شامل ہوسکتا ہے لیکن غیر رسمی سنجیدگی، تیسری پارٹی کا جائزہ لینے اور ڈائریکٹر کی منظوری تک محدود نہیں. ہیرس کاؤنٹی ہر شکایت کا ریکارڈ رکھتا ہے یا اپیل کرتا ہے کہ وہ تمام مواصلات اور ان کے فیصلوں کو شامل کرنے کے لئے حاصل کرے. شکایات جنہوں نے منصفانہ ہاؤسنگ قوانین کی خلاف ورزی کی توثیق کی جائے گی فوری طور پر جائزہ لینے کے لئے HUD کو ہدایت کی جائے گی (شکایت اور اپیل کی پالیسی دیکھیں). سرکاری فنڈز کے فراڈ، فضلہ، یا بدعنوانی کے حوالے سے شکایات HUD OIG فراڈ ہاٹ لائن (فون: 1-800-347-3735 یا ای میل: hotline@hudoig.gov) کو بھیجے جائیں گے۔ اگر ایک درخواست دہندگان کاؤنٹی کے فیصلے سے اختلاف ہے، تو وہ ٹیکساس GLO سے اپیل کرسکتے ہیں۔

جب ایک شکایت یا اپیل موصول ہوئی ہے تو، ایک نمائندہ شکایت یا اپیلنٹ کے جواب میں پندرہ (15) کاروباری دنوں کے اندر جہاں قابل عمل ہوگا۔ مصیبت کے لئے، ہیرس کاؤنٹی ٹیلی فون مواصلات کو رابطے کے بنیادی طریقہ کے طور پر استعمال کرے گا؛ تاہم، ای میل اور پوسٹ مارک حروف کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔

ہیرس کاؤنٹی اپنے پروگرام کے اندر عملے کی شناخت کرے گا جو تمام درخواست دہندگان اور شرکاء کے بارے میں پوچھ گچھ کرتے ہیں. ان عملے کے لئے ذمہ دار ہوں گے: (1) ہیرس کاؤنٹی کے کاروبار یا اختیار سے متعلق شکایات اور اپیلوں کا تعین یا نہیں، (2) اس بات کو یقینی بنائے کہ تمام شکایات اور اپیلوں کے جواب مناسب وقت کے اندر اندر ہیں (جواب شکایت کی رسید کے 15 کاروباری دنوں کے اندر اندر فراہم کی گئی ہے)، اور (3) ایک قرارداد کے ذریعہ تمام شکایات اور اپیلوں کا استعمال کرتے ہوئے. ہیرس کاؤنٹی ایک شکایت اور اپیل کی پالیسی ہے جو آنے والی شکایات کو سنبھالنے کے لئے، شکایت کے اضافے کے عمل سمیت عمل کے ابتدائی مرحلے پر شکایات کو سنبھالنے کے لئے. پورے اپیلی کیشنز اور شکایت کا عمل 45 کاروباری دن کی مدت کے اندر اندر ختم ہو جائے گا جس کا حتمی تحریری فیصلہ اس وقت کے فریم کے اندر شکایت کنندہ کو بھیجا جائے گا۔

ہر شکایت یا اپیل کی دستاویزات کو برقرار رکھنا ضروری ہے. ہر فائل میں مندرجہ ذیل شامل ہونا لازمی ہے:

- شکایت کنندہ کے لئے رابطہ کی معلومات؛
- ابتدائی شکایت
- پتہ اور ہیرس کاؤنٹی نے منصوبے کا نمبر مقرر کیا ہے (اگر قابل اطلاق ہو)؛
- شکایت کنندہ یا درخواست دہندگان کو یا کی طرف سے کوئی بھی بات چیت؛
- تحقیقات کے نتائج، کسی بھی نوٹ، خط، یا دیگر تحقیقاتی دستاویزات کے ساتھ مل کر؛
- تاریخ جب شکایت یا اپیل کی بند کردی گئی تھی. اور
- کوئی اور کی گئی کارروائی۔

6.3. شہریوں کی شرکت- ہوسٹن شہر مقامی ایکشن منصوبہ(ترمیم 1)

اس منصوبے کا بنیادی مقصد ہوسٹن والوں کو فراہم کرنے کے مواقع کے حامل ہے جس میں خود کو ہوریکین ہاروے بحالی کے عمل میں شامل ہونے کے لئے شامل ہے کیونکہ یہ CDBG-DR فنڈز سے متعلق ہے۔

.Aکمیونٹی مشاورت

اپریل 2018 کے آغازمیں، بہترین عمل اور کمیونٹی کے مشاغل کے لئے بہتری کی کوششوں پر بات چیت کے لئے سٹی HCDD نے کمیونٹی اسٹیک ہولڈر کے لئے چھوٹے ورکنگ گروپ کا اجلاس طب کیا تاکہ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ ہاؤسٹوئین اس بابت اہم قوت رکھتا ہے کہ کیسےشہر سمندری طوفان ہاروے CDBG-DR فنڈنگ کو استعمال کرتا ہے۔HCCD کی سوچ مشاغل کے تمام ترعمل میں دو سطحوں پر مشتمل ہے کمیونٹی کو اطلاعات کی فراہمی بابت بنیادی CDBG-DR فنڈنگ اورتباہی سےمتعلقہ ضرورت کے طلب رسد کی بہتر سمجھ بوجھ کیلئے ہماسئیگی سطح پر ان پٹ کا اجتماع۔ کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت میں، تباہی سے متاثرہ کمیونٹیز تک پہنچ کیلئے HCDD نے درج ذیل اصولوں کا اپنایا۔

- ڈیٹا سے متعلق کمیونٹی اور تباہی سے متعلق نمایاں مسائل پر توجہ کے لئے پروگرام کے ساتھ شفافیت برتی جائے
- CDBG-DR فنڈنگ سے متعلق عمل کے طریقہ کار بشمول ایکشن منصوبے کے طریقہ کار کے بارے میں شہریوں کو مطلع کیا جائے
- شہر کے مختف علاقوں سے نمائندوں کے ان پٹ کو تلاش کیا جائے
- شہریوں کو ردعمل دینے کے لئے کثیر راہیں فراہم کی جائیں
- تباہی کی بحالی کی رقوم سے متعلقہ فیصلوں کو کمیونٹی ان پٹ سے جوڑا جائے
- بیعانہ اجلاس پہلے ہی بیرونی شراکت داروں کے ساتھ طے شدہ ہے، اسکے علاوہ شہری میزبانی اجلاسوں کو ترتیب دیا جائے

مئی اور جون 2018 کے دوران، سٹی ایکشن منصوبے کے بارے میں مطلع کرنے کی غرض سے شہر بھر میں عوامی اجلاس منعقد کرنے کے لئے HCDD نے کمیونٹی گروپس ، محفوظ جماعت کے نمائندہ گروہوں، سپر ہمسائیگی کاؤنسل، سوک گروہوں اور سٹی کاؤنسل ممبران کے ساتھ کام کیا۔ اضافی طور پر HCCD اجلاس کی سہولت کاری اور ریکارڈ کیپنگ کی معاونت کی فراہمی کے لئے کمیونٹی شراکت داروں سے ساتھ مصروف رہی جیسا کہ ورکشاپ، یونیورسٹی آف یوسٹن، کالج آف آرکیٹیکچر کمیونٹی ڈیزائن ریسورس سینٹر اور یونیورسٹی آف ٹیکساس اسکول آف ہیلتھ۔ان اجلاسوں میں اہم چیلنجز برائے تباہی بحالی اور ترجیحات بشمول پیشکش پرسہولت کار میز مزاکرات کے بعد CDBG-DR فنڈنگ پر پیشکش شامل ہے۔میز مزاکرات ہمسائیگی کے ساتھ رہائیشیوں کےتباہی کے بعد تشویش پر ہمسائیگی کے مخصوص عنوانات کے اطراف، مرکوز رہے۔ہدف شدہ سامعین پر غور کرتے ہوئے، اجلاس انگریزی اور ہسپانوی میں، ترجمانی کی خدمات کے ساتھ ، جہاں ضرورت تھی، منعقد کئے گئے۔


اضافی طور پر،HCDDنے معماروں کے ماہر گروہوں اور ہاؤسنگ ایڈووکیٹ کے ساتھ کئی تباہی بحالی کمیونٹی مشاغل تقاریب طلب کی اوراس میں شرکت کی۔ شہربھر کی سطح پر تباہی بحالی ضروریات پر رد عمل کے حصول کے لئے HCDD نے مؤرخہ 14 مئی ، 2018 کو انگریزی اور ہسپانوی میں ہریکن ہاروی پبلک سروے لانچ کیا۔ جسکے HCDD کو 24 جون 2018 کو 746 جوابات موصول ہوئے۔

B. شکایات

CDBG-DR HCDD پروگراموں سے متعلق ہر تحریری شکایت پر بروقت تحریری جواب فراہم کرے گا۔ جب جواب قابل اطلاق ہو تو شکایت کے رسید کے پندرہ (15) کاروباری دنوں کے اندر، جواب لیکھت میں دیا جائے گا، یا دوسرے مؤثر مواصلات میں۔

7.1. ضمیمہ A: CDBG-DR Eligible اور سب سے زیادہ متاثرہ کاؤنٹیز اور ZIPs

اسٹیٹ آف ٹیکساس: طوفان ہاروے سے زیادہ متاثرہ علاقے
(عوامی قانون 115-123)



ارنساس (Aransas) (MI)	گرائمز (Grimes)	نیوٹن (Newton) (MI)	77335
